

الرحیم العملیات

حصہ دوئم

عبدالرحیم رند



رحیم عملیات

قولہٗ تعالیٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ اَجْمَعِیْن۔

حمد و صلوٰۃ کے بعد ... بندہ ... تقصیر عبدالرحیم ابنِ عامل کامل حافظ مولوی خدا بخش مرحوم و مغفور امام مسجد قصبہ احمد پور شرقیہ کامل اُستاد تھے۔ وہ سخاوت عملیات میں مشہورِ زمانہ تھے۔ علم آثار اخبار کے تجربات کا خزانہ مرحوم کی قلمی بیاضیں تھیں۔ میری کم سنی کے وقت وہ راہی عدم ہو گئے تھے۔

اُنکے سفرِ آخرت کے بعد جب مجھے ہوش آیا تو مرحوم کا قیمتی سرمایہ ہاتھ لگا ہیں۔ اس علم کی روشنی میں اپنی منزل کو تلاش کرنے میں کوشش کرتا رہا انسان کی خدمت کرنا بڑی عبادت ہے۔ میں بھی اپنے مرحوم باپ کے نقشِ قدم پر چلنے کی کوشش کی۔ لیکن ان جیسا تو نہ ہو سکا لیکن ان کی اتباع ضرور کر رہا ہوں اس بات کو اہلِ نظر جانتے ہیں کہ انسان کا وجود دو چیزوں سے مرکب ہے۔ یا روح یا جسم ہے۔ پہلے روح کو تکلیف ہوتی ہے اور بعد میں جسم کو تکلیف پہنچتی ہے، خداوند کریم نے قرآنِ عظیم میں فرمایا ہے۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ، مومنوں کے لئے شفاء اور رحمت ہے۔ اس سے قبل علوم روحانی پر تیس (۳۰) کتب لکھ چکا ہوں۔ رحیم العملیات حصہ دوئم آپکی دست بوسی کر رہی ہے رحیم العملیات حصہ سوئم لکھی جا چکی ہے۔ (زیرِ طبع ہے۔) اس کتاب میں روحانی اور جسمانی علاج کو پوری تحقیقات اور تجربہ کی کسوٹی سے پرکھ کر پیش کیا ہے۔ خُدا کے فضل سے اور پورے اعتماد و یقین کے ساتھ تمام اصولوں کی آپنے پابندی کی تو یقیناً آپ کو کامیابی اور کامرانی ملے گی۔ جو لوگ اس علم کو حقارت اور روٹی کمانے کا دھندا اختیار کرنے کا الزام لگاتے ہیں۔ ڈھکوسلہ خیال کرتے ہیں ان کے لئے کھلا چیلنج ہے اس کتاب کے اکثر عمل ماہنامہ آثار النجوم کی نذر ہو چکے رہیں۔ ان کو بھی جمع کیا گیا ہے جو عمل سینہ بسینہ چلے آرہے تھے۔ ان کو میں نے منظرِ عام کر دیا ہے۔ اور نہایت سہل اور آسان لکھنے کی کوشش کی ہے۔ تاکہ مبتدی سے لیکر منتہی تک فائدہ اُٹھائیں۔ ارباب عامل حضرات تعصب کی عینک اُتار کر انصاف کے

قولہ تعالیٰ

رحیم عملیات

۹۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

حکما و صلحاء ... مختصر تعارف

عبدالرحیم ابن عامل کامل حافظ مولوی خدا بخش مرحوم و مغفور، امام مسجد قصبہ احمد پور شرقیہ کامل استاد تھے۔ وہ سخاوت عملیات میں مشہور زمانہ تھے۔ علم آثار و اخبار کے تجربات کا خزانہ مرحوم کی علمی میراث تھیں۔ میری کم سنی کے وقت وہ راہی عدم ہو گئے تھے۔

ان کے سفرِ آخرت کے بعد جب مجھے ہوش آیا تو مرحوم کا قیمتی سرمایہ ہاتھ لگا تھیں۔ اس علم کی روشنی میں اپنی منزل کو تلاش کرنے میں کوشش کرتا رہا۔ انسان کی خدمت کرنا بڑی عبادت ہے۔ میں بھی اپنے مرحوم باپ کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کی۔ لیکن ان جیسا تو نہ ہو سکا لیکن ان کی اتباع ضرور کر رہا ہوں اس بات کو اہلِ نظر جانتے ہیں کہ انسان کا وجود دو چیزوں سے مرکب ہے۔ ۱۔ روح ۲۔ جسم ہے۔ پہلے روح کو تکلیف ہوتی ہے اور بعد میں جسم کو تکلیف پہنچتی ہے۔ خداوند کریم نے قرآن عظیم میں فرمایا ہے۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ، مومنوں کے لئے شفاء اور رحمت ہے۔ اس سے قبل علوم روحانی پر (۳) کتب لکھ چکا ہوں۔ رحیم العملیات حصہ دوم آپ کی دست بوسی کر رہی ہے رحیم العملیات حصہ سوم نکلنی جا چکی ہے۔ (زیر طبع ہے۔) اس کتاب میں روحانی اور جسمانی علاج کو پوری تحقیقات اور تجربہ کی کسوٹی سے پرکھ کر پیش کیا ہے۔ خدا کے فضل سے اور پورے اعتقاد و یقین کے ساتھ تمام اصولوں کی آپ نے پابندی کی تو یقیناً آپ کو کامیابی اور کامرانی ملے گی۔ جو لوگ اس علم کو حقارت اور روٹی کمانے کا دھندا اختیار کرنے کا الزام لگاتے ہیں۔ ڈھکوسلہ خیال کرتے ہیں ان کے لئے کھلا چیلنج ہے اس کتاب کے اکثر عمل ماہنامہ آثار النجوم کی زینت رہے ہیں۔ ان کو بھی جمع کیا گیا ہے جو عمل سینہ بسینہ چلے آ رہے تھے۔ ان کو میں نے منظر عام کر دیا ہے۔ اور نہایت سہل اور آسان لکھنے کی کوشش کی ہے۔ تاکہ مبتدی سے لیکر منتہی تک فائدہ اٹھائیں۔ ارباب عامل حضرات تعصب کی عینک اتار کر انصاف کے

قومی امانت

آپ کی حفاظت

و کتابیں بہترین ساتھی اور رہبر ہے

و عمر عزیز [illegible] بعد عالمِ وجود

میں آتی ہے [illegible]

و انس کا خالق خاک ہو جاتا ہے۔

و اس کی تخلیق فانی جہان

میں رہتی ہے۔

و آئندہ نسلیں اپنی راہ

متعین کرتی ہیں۔

و اسلئے اس سے پیار و محبت کیجئے۔

و اسے تلف اور ضائع ہونے سے

بچائیے۔

(رحیم)

[illegible] رازوں میں تو لیں تو انشاء اللہ عمل کا نتیجہ

مطابق کریں گے۔

ارشادِ ربانی [illegible]

[illegible] یلقی الرُّوح من

امرہٖ علیٰ من یشاءُ من عبادہٖ۔

اللہ تعالےٰ بھید کی بات اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے اُتارتا ہے۔ مجھے اپنی کم علمی اور بے مایگی کا پورا پورا اعتراف ہے۔ لیکن اپنے معاونین جناب عبدالرشید صاحب و عبدالمجید صاحب و محمد سلیم صاحب جانِ لغت رحیم صاحب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے اپنی کوشش اور ہمت سے میرے شانہ بشانہ اس کتاب کی تکمیل کے لئے سعی جمیلہ کی ہے۔

اس کتاب کے مطالعہ کرنے کے بعد اگر کوئی خامی رہ ہوگئی ہو اغماض نظر فرمائیں اور مجھے مُطلع کریں۔ آپ کی صحیح رائے کا احترام کروں گا۔ اور شکرگزار رہوں گا۔ اور آئندہ درست کرنے کی سعی کروں گا۔

آخر میں دُعا ہے کہ اے ذات کریمی اہلِ شوق کا توشوق پورا کر دے۔

اے شانِ کریمی مجھے مایوس نہ کر

تقدیر بدلتی ہے دُعاؤں کے اثر سے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

(دُعاگو خادم القوم)

(رحیم)

اصطلاحاتِ علم الآثار

ہر صاحبِ فن اپنے فن میں اصطلاحات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے اپنے فن کو اخفائے راز میں استعمال کرتا ہے تاکہ کوئی دوسرا آدمی اس فن پر آسانی کے ساتھ عمل پیرا نہ ہو سکے جب کوئی شوقین اپنی تمام زیست اس فن کو حاصل کرنے کے لیئے صرف کرتا ہے تب بھی اپنے گوہرِ مقصود کو پا نہیں سکتا۔ بلکہ مایوس ہو کر اس علم سے نفرت کرنے لگتا ہے۔ علم ایک خزانہ اور ناپید کنار سمندر ہے۔ حدیث مبارک ہے کہ علم سیکھو اور سکھاؤ۔ علم دینا بہت بڑی نیکی اور فیاضی ہے مجھے فخر ہے کہ جو کچھ مجھے ملا یا حاصل ہوا ہے بڑے فراخدلی اور فیاضی سے پیش کر رہا ہوں۔ جو حضرات میرے کتابوں کو پڑھتے ہیں یا پڑھ رہے ہیں انکو علم ہے کہ فقیر ہر کتاب کے آغاز میں اس اصطلاحات کی تشریح اور توضیح کرتا چلا آرہا ہے تاکہ مبتدی حضرات اور شائقین اس فن کے رموز و اسرار اور قانون کو سمجھ سکیں تاکہ انکی محنت اور کوشش رائیگان نہ جائے جب تک فنی اصطلاحات پر عبور نہ ہوگا۔ اس وقت تک کوئی عامل باعمل نہیں بن سکتا لہٰذا میں ان تمام اصطلاحات کو اپنی ذاتی سعی بلیغ سے یکجا بیان کرنا ضروری سمجھتا ہوں جو لوگ اس فن کے متلاشی ہیں جنہیں اس فن سے لگاؤ اور دلچسپی ہے۔ وہ صاحبان اس فقیر کی خدمت اور کوشش کو سراہائیں گے۔ دعائے خیر سے یاد کریں گے۔

آپکی دعاؤں کا محتاج (رحیم)

اصطلاحات علم الاثار

نمبر شمار	اصطلاحات	تشریح
۱	عمل الاثار	تعویذ لکھنا، نقش کو پُر کرنا۔
۲	ابجد	ابجد حروف کی ترتیب کا نام ہے جس کے تحت حروف کی مختلف مقداریں مقرر کی جاتی ہیں۔ ابجد میں ۲۸ ہیں جن کا ذکر رموز الجفر حصہ اول، دوئم اور سوئم میں کیا ہے۔
۳	ابجد قمری	

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
نام حروف	ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز ژ	ح	ط	ی	ک گ	ل	م	ن
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
نام حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

نمبر شمار	اصطلاحات	تشریح
۴	برج	برج کے معنی ہیں گھر۔ جو آسمان پر اہل فن نے فرضی شکلیں کا اظہار کیا ہے جو بارہ ماہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، حوت وغیرہ۔
۵	نجوم	نجم کی جمع ہے ستارہ سے مراد ہے۔
۶	طالع	اس شخص کا برج معلوم کرنا۔
۷	طالب	عاشق سے مراد ہے چاہنے والا۔
۸	مطلوب	محبوب، معشوق سے مراد ہے۔
۹	سر اسم	نام کا پہلا حرف سے مراد ہے۔
۱۰	عامل	عمل کرنے والا۔
۱۱	تصور	خیال۔
۱۲	عطریات	عطر وغیرہ۔
۱۳	بخورات	خوشبو وغیرہ جلانا۔
۱۴	حصار باندھنا	اپنے اردگرد الحمد شریف، آیت الکرسی اور چاروں قل کو تین تین بار پڑھ کر اپنے ہاتھوں

		انگلیوں پر دم کرکے اپنے گرد حصار باندھ کر بیٹھے۔
۱۵	مداومت	ہمیشہ پڑھنا، جاری رکھنا۔
۱۶	چلہ	چالیس دن تک پڑھتے رہنا۔
۱۷	سعد اعمال	نیک اعمال۔
۱۸	نحس اعمال	بد اعمال۔
۱	لوح	دھاتوں پر نقش کندہ کیا جاتا ہے۔
۲۰	رجعت	پریشانی۔
۲۱	اکل حلال	حلال روزی۔
۲۲	وصدق مقال	سچ بولنا۔
۲۳	خشوع	گڑگڑانا۔
۲۴	وخضوع	عاجزی کرنا۔
۲۵	ملائکہ	فرشتے۔
۲۶	موکل	اس عمل کے ماتحت فرشتے۔
۲۷	ایام فارغہ	اعمال جلالی کو ایام فارغہ میں کرتے ہیں یہ قمری تاریخیں ہیں
۲۸	ایام عاملہ	اعمال جمالی کو ایام عاملہ میں کرتے ہیں یہ قمری تاریخیں ہیں۔
۲۹	پرہیز جلالی	جو چیزیں حیوانات سے بنتی ہیں اور پیدا ہوتی ہیں، قطعی ترک کرے۔
	ترک حیوانات	جو چیزیں حیوانات سے بنتی ہیں ان سے دور رہنا۔
۳۰	پرہیز جمالی	گوشت ہر قسم، سرکہ، شہد، پیاز، لہسن، جماع پرہیز کرے، باوضو رہے دودھ اور دودھ سے بننے والی اشیاء سے پرہیز کرے۔
۳۱	اسمائے الٰہی	خداوند کریم کے نام سے منسوب ہے۔
۳۲	طبع	مزاج۔
۳۳	عنصر	طبع سے مراد ہے آتشی، بادی، آبی، خاکی وغیرہ۔
۳۴	ہم طبع	آتش و باد دوست ہیں، آتش و آب دشمن ہیں۔

		آتش و خاک مصادق ہیں خاک و باد۔
		دشمن ہیں خاک و آب دوست ہیں وغیرہ۔
۳۵	فتیلہ	لغوی معنی ہیں جلانے کاغذ کے ٹکڑے کو۔
۳۶	عزیمت	اس قانون کو کہتے ہیں جس میں مقصد یا مطلب موکلات اعوان اور جن کو قسم دی جا سکے۔
۳۷	کواکب	ستارہ کو کہتے ہیں۔
۳۸	استنطاق	چھوٹا کرنا، کم کرنا، مختصر کرنا۔
۳۹	عداوت	دشمنی۔
۴۰	عمل سفلی	جادو، سحر،
۴۱	مثامربعہ	آتشی چال مشرق سے منسوب ہے بادی چال مغرب سے منسوب ہے آبی چال شمال سے خاکی چال جنوب سے منسوب ہے۔
۴۲	آتشی تعویذ	یہ نقش لکھ کر آگ میں جلائے جاتے ہیں بتیاں بھی بنائی جاتی ہیں انکو چراغ میں جلایا جاتا ہے
۴۳	بادی تعویذ	تعویذ لکھ کر درخت یا اونچی جگہ لٹکاتے ہیں، اونچے مکان یا اونچے جگہ بیٹھ کر لکھتے ہیں۔
۴۴	خاکی تعویذ	یہ تعویذ لکھ کر زمین میں دباتے ہیں یا کسی پتھر کے نیچے دفن کرتے ہیں یا محبوب کی گذرگاہ یا سونے کی جگہ یا قبرستان یا گھر میں دباتے ہیں۔
۴۵	آبی تعویذ	تعویذ کاغذ پر لکھ کر مطلوب کو پلاتے ہیں یا چینی کی پیالی پر لکھ کر پلاتے ہیں، پانی پر دم کر کے پلاتے ہیں یا پانی میں بہائے جاتے ہیں، پانی کے کنارے دفن کرتے ہیں دریا یا کنویں میں ڈالتے ہیں۔
۴۶	عنصری چال	اس کا مطلب یہ ہے کہ بادی تعویذ فتوحات کے لئے ہوتے ہیں، خاکی تعویذ عقود کیلئے آبی تعویذ محبت کے لئے اور آتشی ہلاکت کے لیئے پر کئے جاتے ہیں۔
۴۷	جلالی نقش	نقوش باد و آتش بھی کہلاتے ہیں۔
۴۸	جمالی نقش	نقش خاک و آب جمالی کہلاتے ہیں۔
۴۹	بغض	دشمنی سے منسوب کرتے ہیں۔
۵۰	ساعت	گھنٹہ

٥١ | ابجد شمسی | اب ت ث ج ح خ د ذ حلال کہلاتے ہیں

٥٢ | امتزاج دنیا | ا م د س ایک حرف طالب اور ک ل ن م ایک حرف مطلوب کا لینا۔
اک م ل د ن س س وغیرہ کی ترتیب کو امتزاج کہتے ہیں۔

٥٣ | استخراج کرنا | نکالنا۔

٥٤ | استنطاق کرنا | نیا انتخاب کرنا، یعنی لمبائی کے رخ اعداد کو جوڑنا۔ ۱۴۱، ۵۲۱، ۱+۴+۲۵!

٥٥ | اعداد | قیمت۔

٥٦ | تکسیر کرنا | حروف کی سطر نئی سطر یا سطریں اس طرح بنانا کہ ایک حروف سطر کے آخر سے لیں اور ایک حروف سطر اول سے لیں جیسا کہ عمل سے عیاں ہے۔

سطر اول: اب ج د — تکسیریں
د ا ج ب

سطر ترمام: ب د ج ا — عمل اسطرح کیا۔

سطر میزان: اب ج د

٥٧ | اعداد سے حروف بنانا | ۵ ۶ ۳ ۹ یاد رکھیں حرف عدد مراتب کے لحاظ سے حروف بنائیں۔
مثلاً۔
۵ → ہ
۶۰ → س
۳۰۰ → ش

موکل پیدا کرنا | اعداد جمع کرنے سے ۴۳۷۲ ہوئے تو اس کا موکل اس طرح بنے گا۔


۲ → ب
۷۰ → ع
۳۰۰ → ش
۴۰۰۰ → غ غ غ غ

جتنے ہزار ہوں آتنی مرتبہ غ لگائیں۔

موکل بنا بعشغغغغئیل ہوگا۔
اس سے آسان طریقہ موکل بنانے کا کوئی نہیں ہے۔ ہاں! ایک بات اور بھی ہے اس میں چار غ ہیں چار عدد د کے ہوتے ہیں موکل اس طرح بنا۔
بعشدئیل ہوا۔

Scanned by CamScanner

۵۹	بسط حرفی	یعنی لفظوں کے تمام حرفوں کو علیحدہ علیحدہ کرنا مثلاً عبدالرحیم ع ب دال ر ح ی م
۶۰	بسط ملفوظی	احمدؐ کا بسط ملفوظی یہ ہوگا: الف - حا - میم - دال
۶۱	تزفیع طبعی	حروف آتش کو باد سے اور حروفِ باد کو حروف آب سے اور حروف آب کو خاک سے حروف خاک کو آتش سے بدل دینا۔
۶۲	حروف آتشی	ا ہ ط م ف ش ذ — مشرق سے منسوب ہیں۔
۶۳	حروف بادی	ب و ی ن ص ت ض — مغرب سے منسوب ہیں۔
۶۴	حروف آبی	ج ز ک س ق ث ظ — شمال سے منسوب ہیں۔
۶۵	حروف خاکی	د ح ل ع ر خ غ — جنوب سے منسوب ہیں۔
۶۶	بسط عنصری	عنصری تبدیلی کو کہتے ہیں۔
۶۷	نظریات کا اہم شعبہ ہے	



۶۸	قِران	جب دو ستارے ایک برج میں ایک درجہ اور ایک دقیقہ پر جمع ہو جائیں، اسے قران کہتے ہیں۔
۶۹	زکواۃ	جس طرح اسلام نے زکواۃ کا حکم دیا ہے اس طرح بزرگان دین نے جملہ اعمال ونقوش کی زکواۃ کو معین فرمایا۔
۷۰	رجعت	پریشانی بد حالی کے ہیں۔
۷۱	مستقیم	خوشی، مسرت کے ہیں۔
۷۲	حروف صوامت	ا۔ د۔ ہ۔ و۔ ح۔ ط۔ ک۔ ل۔ م۔ س۔ ع۔ ص۔ ر۔ بغیر نقطہ کل تیرہ ہیں
۷۳	حروف نورانی	ا۔ ہ۔ ح۔ ط۔ ی۔ ک۔ ل۔ م۔ ن۔ س۔ ع۔ ص۔ ق۔ ر
۷۴	حروف ظلمانی	ب۔ ج۔ و۔ د۔ ز۔ ف۔ ش۔ ت۔ ث۔ خ۔ ذ۔ ض۔ ظ۔ غ۔

۷۵	شرف میں ستارہ ہو	ستارہ کی اعلیٰ قوت ہوتی ہے۔	(اعلیٰ عمل کرنے چاہییں)
۷۶	اوج میں ستارہ ہو	شرف سے دوسرے درجہ کی طاقت قوت رکھتا ہے۔	با عزت عظمت فتوحات کے عمل کرنے چاہییں
۷۷	حضیض میں ستارہ ہو	پستی و گراوٹ کی حالت میں ہوتا ہے۔	ترقی حصول عزت و جاہ عمل کرنے چاہییں۔
۷۸	وبال میں ستارہ ہو	تباہی بربادی کا وقت، تفکرات میں ہونا۔	کسی کو تباہ و برباد کے عمل کرنے چاہییں۔
۷۹	ترفع میں ستارہ ہو	بہتری کا وقت ہوتا ہے، ستارہ اپنے گھر میں ہوتا ہے۔	دشمنوں کو تباہ و برباد کے عمل۔
۸۰	فرح میں ستارہ ہو	اچھا وقت ہوتا ہے، عیش و خوشی کا وقت ہوتا ہے۔	بہتری کا عمل
۸۱	طرح میں ستارہ ہو	پریشانی میں اضافہ ہوتا ہے۔	
۸۲	منقلب برج	تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔	
۸۳	ثابت برج	ایک جگہ قیام پذیر رہتے ہیں۔	

۸۴ ذوجسدین برج — دونوں طرح کام کرتے ہیں۔

۸۵ دائرۃ البروج — وہ حدیں جس کے اندر ہماری زمین شمس قمر اور دوسرے ستارے حرکت کرتے ہیں۔

۸۶ مثلث — تین شکل اور بارہ خانے والا نقش ہوتا ہے۔

۳×۳ = ۹ = ۱۲ خانہ

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

۸۷ مربع — چار شکل اور سولہاں خانے ہوتے ہیں۔

۴×۴ = ۱۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۳	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۸۸ مخمس — پانچ شکل اور پچیس خانے ہوتے ہیں

۵×۵ = ۲۵

۱	۲۹	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۲	۲۰
۲۳	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۱۸	۱۱
۱۹	۱۲	۶	۵	۲۵

۸۹ مسدس — چھ شکل اور چھتیس خانے ہوتے ہیں۔

۶×۶ = ۳۶

۱	۳۵	۳	۳۳	۳۲	۶
۲	۸	۲۸	۲۷	۱۱	۷
۱۳	۲۳	۲۲	۲۱	۱۴	۱۸
۲۴	۱۷	۱۶	۱۵	۱۹	۲۰
۱۲	۲۶	۹	۱۰	۲۹	۲۵
۳۱	۳۹	۳۴	۴	۵	۳۶

مسبع

۹۰ ہفت اور ہفت — سات شکل اور انچاس خانے ہوتے ہیں۔

۷×۷ = ۴۹

۴۶	۳۸	۴۹	۲۸	۲۰	۱۳	۴
۳۵	۲۷	۹	۴۳	۳	۴۵	۴۴
۱۸	۱۰	۲	۳۴	۴۲	۳۳	۲۹
۱	۱۰	۴۹	۴۴	۴۵	۱۸	۱۹
۴	۳۷	۲۹	۱۴	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۳	۱۵	۱۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۲	[illegible]	۲۷	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

۹۱ ہشت درہشت — آٹھ شکل والی اور چونسٹھ خانے ہوتے ہیں۔
مثمن

۸×۸ = ۶۴

۳	۷	۱۱	۵۴	۵۷	۳	۶۲	۲
۵۹	۳۰	۲۹	۲۲	۲۸	۵۰	۱۹	۶
۵۶	۴۴	۳۳	۳۵	۳۸	۲۵	۲۱	۱۱
۵۱	۴۳	۳۷	۳۹	۳۱	۳۶	۲۲	۱۳
۱۳	۴۳	۲۷	۴۵	۳۲	۳۴	۴۱	۵۲
۱۲	۱۸	۲۳	۲۹	۲۸	۴۹	۴۷	۵۳
۵	۴۹	۴۹	۵۳	۱۷	۵	۴۵	۶۰
۳	۵۲	۵۵	۴	۸	۲	۱	۶۴

۹۲ نہ در نہ — نو شکل والی اور اکیاسی خانے ہوتے ہیں۔
متسع

۹×۹ = ۸۱

۵۰	۵۸	۶۶	۷۴	۱	۸	۳۶	۲۴	۳۴
۴۰	۴۸	۷۶	۳	۱۱	۱۹	۳۶	۴۴	۵۲
۷۰	۷۸	۵	۱۳	۲۱	۲۹	۳۷	۵۳	۶۲
۸۰	۷	۱۵	۲۳	۳۱	۳۹	۴۷	۵۵	۷۲
۹	۱۷	۲۵	۳۳	۴۱	۴۹	۵۷	۶۵	۷۳
۱	۲۷	۳۵	۴۳	۵۱	۵۹	۶۷	۷۵	۲
۲۰	۲۸	۴۵	۵۳	۶۱	۶۹	۷۷	۴	۱۲
۳۰	۳۸	۶۳	۷۱	۷۹	۴۶	۶۰	۱۴	۲۲
۴۰	۴۸	۶۴	۸۱	۱۸	۵۶	۱۶	۲۴	۳۲

معشر

۹۳ نقش دہ در دہ — دس شکل والی اور یکصد خانے ہوتے ہیں۔

۱۰×۱۰ = ۱۰۰

۱۰	۹۹	۸	۹۳	۵۵	۶	۹۷	۳	۹۲	۱
۸۱	۱۹	۸۸	۱۷	۸۵	۸۶	۱۴	۸۳	۱۲	۲۰
۷۱	۷۲	۲۸	۷۷	۲۶	۲۵	۷۴	۲۳	۲۹	۸۰
۳۰	۶۲	۶۳	۳۴	۶۶	۶۵	۳۷	۳۸	۶۹	۳۱
۶۰	۴۹	۵۳	۵۴	۴۶	۴۵	۴۷	۵۸	۴۲	۵۱
۴۱	۵۹	۴۳	۴۴	۵۶	۵۵	۵۷	۴۸	۵۲	۵۰
۷۰	۳۹	[illegible]	۶۷	۳۵	۳۶	۶۴	۶۸	۷۹	۴۱
۲۱	۲۲	۳۳	۳۷	۷۶	۷۵	۲۴	۷۳	۳۹	۲۰
۱۱	۸۴	۱۳	۷۷	۱۵	۱۶	۸۷	۱۸	۸۳	۹۰
۱۰۰	۲	۵۸	۴	۵	۹۶	۷	۹۳	۹	۹۱

۹۴ مثلث کی عنصری تقسیم

عداوت
آتشی
۳ ۲ ۱
محبت — آبی ۰ بادی — فتوحات
۹ ۸ ۷
خاکی
عقود

۹۵ مربع کی عنصری تقسیم

خاک	آب	باد	آتش
آتش	باد	آب	خاک
آب	خاک	آتش	باد
باد	آتش	خاک	آب

۹۶ موکل علوی — آسمانی کرندے

۹۷ موکل سفلی — زمینی کرندے

سیدھا موکل بنانا

۹۸ منسوب موکل — حفیظ = ح/۸ ف/۸۰ ظ/۹۰۰ (—) ۹۰۰ ۸ ۹۸۸ ۴۱ ۹۴۷ ر ت ظ ۹۴۷ ← تعطیل

۹۹ مقلوب موکل — اب الٹا کر دیا لات ز ظت زئیل

۱۰۰ تربیع نحس نظر — جب دو ستاروں کے درمیان ۹۰ درجہ کا فاصلہ

ثور
حمل
حوت
جوزا
مریخ
دلو
سرطان
حوی
شمس
زہرہ
قوس
اسد
میزان
سنبلہ
عقرب

۱. مریخ کی نظر شمس کے ساتھ تربیع ہے

۲. مریخ کی نظر زہرہ کے ساتھ تربیع ہے


۱۰۱ مقابلہ نحس نظر — جب دو ستاروں کے درمیان ۱۸۰ درجہ کا فاصلہ ہو اسے نظر مقابلہ کہتے ہیں۔

ثور
حوت
جوزا
شمس
دلو
سرطان
زہرہ
زہرا
قمر
اسد
میزان
حمل
سنبلہ
زحل
عقرب

		۹۔ شمس اور زحل کی نظر مقابلہ ہے ۱۰۔ قمر اور زہرہ کی نظر مقابلہ	
۱۰۲	تدسیس نیک نظر	جب دو ستاروں کے درمیان ۹۰ درجہ کا فاصلہ ہو۔ ۱۔ زحل اور شمس کی نظر تدسیس ہے۔	



۱۰۳	نظر تثلیث	جب دو ستاروں کے درمیان ۱۲۰ درجہ کا فاصلہ ہو	



		۱۔ مریخ اور زحل کی نظر تثلیث ہے۔ ۲۔ مریخ اور شمس کی نظر تثلیث ہے۔	
۱۰۴	اعداد قلبی نکالنے کا قانون	اپنے نام کے جتنے حروف ہوں، ان کے اعداد نکالیں مثلاً عبدالرحیم ع ب د ال ر ح ی م = ۳۶۵ : ۵+۶+۳ ۱۴ پھر دوبارہ جمع کیا ۴+۱ = ۵ پانچ عدد قلبی ہے۔	
۱۰۵	ہلال	پہلی رات کے چاند کو کہتے ہیں۔	
۱۰۶	گرہن	سورج پر چاند کا سایہ اور سورج کا چاند پر سایہ	
۱۰۷	استقبال	جب مقابلہ شمس و قمر ہو۔	
۱۰۸	مجسہ	جب قمر نقطہ راس پر واقع ہو۔	
۱۰۹	مجنب	جب قمر نقطہ ذنب پر واقع ہو۔	
۱۱۰	عیانہ جات	نظرات قمر۔	
۱۱۱	نیرین	شمس و قمر کو کہتے ہیں۔	

۱۱۲	احتراق	جب شمس کے ساتھ کسی ستارہ کا قران ہو۔
۱۱۳	مجاسدہ	عقدتین سے جب کوئی ستارہ قران کرتو مجاسدہ کہلاتا ہے۔
۱۱۴	عقدتین قمر	راس اور ذنب کو کہتے ہیں۔
۱۱۵	عکس	کسی ستارہ کا آخری برج سے پہلے برج میں بحالت رجعت داخل ہونا۔
۱۱۶	تحویل	شمس کے کسی برج میں داخل ہونے کا وقت۔
۱۱۷	انتقال	قمر کے کسی برج میں داخلے کا وقت۔
۱۱۸	مقارنہ	دوسرے گھر میں ستارہ ہو تو اسے نظر مقارنہ کہتے ہیں۔
۱۱۹	ساقط	اگر ایک ستارہ آٹھویں میں بیٹھا ہوا ہو اور دوسرا ستارہ خانہ نمبر ۱۲ میں بیٹھا ہوا ہو تو اسے نظر ساقط کہتے ہیں۔
۱۲۰	ممتزج	نہ سعد ہے نہ نحس ہے
۱۲۱	رجال الغیب	مردانِ خدا ہیں جو عامل کی حرکات و سکنات میں داخل ہوتے ہیں
۱۲۲	حصار وباہ	بستی یا مکان کا حصار کا طریقہ
۱۲۳	الملائکۃ والاعوان	موکلان قضائے حاجت جو تعویذ کے ماتحت کام کرتے ہیں
۱۲۴	زبر بینات	ہر حرف کا پہلا حرف زبر اور باقی بینات کہلاتا ہے۔ مثلاً م میں زبر میم بینات ہے
۱۲۵	ماہیت بروج	۱۔ منقلب ۲۔ ثابت ۳۔ ذوجسدین
۱۲۶	طبیع بروج	آتشی بروج، خاکی بروج، بادی بروج، آبی بروج
۱۲۷	جنسی بروج	مذکر، مونث، بروج۔
۱۲۸	ستاروں کی تفصیلات	زحل نحس اکبر ہے، مریخ نحس اصغر ہے، عطارد نہ سعد ہے نہ نحس، مشتری سعد اکبر زہرا سعد اصغر، شمس کو نیر اعظم کہتے ہیں، قمر کو نیر اصغر کہتے ہیں۔ زہرہ و عطارد کو سعدین کہتے ہیں۔ زحل و مشتری کو علوین کہتے ہیں۔ مریخ و زحل کو نحسین کہتے ہیں زہرہ مشتری کو سعدین کہتے ہیں، راس ذنب کو عقدین کہتے ہیں۔

	اصطلاحات	تشریح
۱۲۹	تداخل	تکسیر کے قاعدے کا ترتیب کا نام ہے ۔
۱۳۰	لسان الغیب	علم جفر کی ابجدات کو کہتے ہیں ۔
۱۳۱	تکسیر	سوال یا عملیات کی سطر قائم کر کے ایک حرف بائیں سے ایک دائیں سے لے کر دوسری سطر تیار کرنا ہر سطر پر یہی عمل کرنا حتیٰ کہ سطر اوّل ظاہر ہو جائے ۔
۱۳۲	صدر مؤخر	سطر کا اوّل حرف صدر آخر مؤخر کہلاتا ہے ۔ عام طور پر تکسیر کے طریقے کو کہتے ہیں ۔
۱۳۳	متجانسین	ایک ہی جنس کے دو حروف
۱۳۴	وقف الحروف	متوسط شکل کے حروف کو کہتے ہیں ۔ مثلاً طاق ہو یا جفت
۱۳۵	حروف تہجی	الف با تا ثا سے مراد ہے ۔
۱۳۶	مراتب الحروف	ہر حروف کا ابجد میں ایک مرتبہ ہوتا ہے ۔ مثلاً ۔ الف کا پہلا ب کا دوسرا
۱۳۷	عنصری حروف	آتشی ، بادی ، آبی ، خاکی کا نام ہے ۔
۱۳۸	مرکب الحروف	وہ حروف جو خطوط طلسم کے لئے ترکیب دیئے جاتے ہیں ۔
۱۳۹	تضارب	اعداد حروف کی ضرب سے مراد ہے ۔
۱۴۰	وقف	اعداد کی میزان کو کہتے ہیں ۔
۱۴۱	مزاج	حروف کے باہم امتزاج دینے کو کہتے ہیں ۔
۱۴۲	ترویج الحرفی	طالب کے نام کے جفت حروف ہوں تو انہیں کہتے ہیں ۔
۱۴۳	تکسیر شفع	اسم اللہ تعالیٰ حروف اسم آدمی سے دمج کر کے جو تکسیر کی جاتی ہے اس کا نام تکسیر شفع ہے
۱۴۴	صاحب خانہ	وہ حروف جس کا مرتبہ ہو جیسے ابجد کے طور پر دال کا چوتھا مرتبہ ہے ۔
۱۴۵	تکسیر وتری	تکسیر دو شخصوں کے لئے کی جاتی ہے ۔
۱۴۶	وقف زوجی	اللہ تعالےٰ یا آدمیوں کے نام کے وہ حروف جو ۲ یا ۴ یا ۸ یا ۱۲ ہوں ۔
۱۴۷	استخراج	حروف سے حروف پیدا کرنے کا نام استخراج ہے ۔
۱۴۸	کواکب المنصوب	ہر تکسیر کسی نہ کسی ستارہ سے منصوب ہے ۔
۱۴۹	التکاسیر	اور ہر ستارے کی مدد اس کی تکسیر پر اس طرح جیسے کوئی شخص اپنے گاؤں کا مالک ہو اور ہر ستارہ کی تکسیر جداگانہ ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ تکسیر بڑی پر تاثیر ہوتی ہے ۔
۱۵۰	اخبار	جفر کے وہ قواعد جن سے ہر سوال کا جواب نکل آتا ہے ۔
۱۵۱	آثار	جفر کے وہ قواعد جن سے نقوش اور اعمال تیار ہوتے ہیں ۔

اصطلاحات	تشریح
١٥٢ جمل کبیر	ابجد کے وہ اعداد جو حروف ہیں جو الف سے ط تک اکائی ی سے ق تک سیکڑہ ہوتا ہے غ سے ہزار تک
١٥٣ بخور	وہ شے ہے جس سے ہر ستارے اور برج موکل کے متعلق کوئی چیز جلا کر دھواں اٹھایا جائے
١٥٤ غرہ	اس وقت سے مراد ہے جب ہلال چاند کسی مہینے کا نظر آئے ۔
١٥٥ موکلات آتش	وہ موکلات جو اربعہ عناصر میں آتش پر متعین ہیں ۔موکلات حرارت و رطوبت و یبوست اربعہ عناصر کے موکلات مراد ہیں ۔
١٥٦ مالک یوم	وہ ستارہ جس کی ساعت سب سے پہلی آئے مثلاً سوموار کے دن پہلی ساعت قمر کی ہوتی ہے تو قمر مالک یوم ہے ۔

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ نے کتاب سر المضمون و جواہر المکتون میں لکھا ہے کہ جس دن عمل کریں اس کے موکل کا نام ادب و تعظیم سے لیں ۔

دن	ملائکہ	موکل علوی سماوی	(موکل سفلی / ارضی)	عنوان
اتوار	جبرائیل	روقیائیلؑ	ابو عبداللہ	المذہب
پیر	میکائیل	شمہائیلؑ	ابو النور	مرۃ الابیض بن الحارث
منگل	اسرافیل	سمسائیلؑ	ابو محرز	الاحمر
بدھ	جبرائیل	میکائیلؑ	ابو العجائب	برقان
جمعرات	میکائیل	صرفیائیلؑ	ابو الولید	شمہورش
جمعہ	جبرائیل	عنیائیلؑ	ابو الحسن	زوجہ ابیض
ہفتہ	عزرائیل	کسفیائیلؑ	ابو نوح	میمون سیاف السحابی

طریقہ :- اقسمت علیکم یا عزرائیل یا روقیائیل ابو عبداللہ ۔ المذہب میرا فلاں کام کر دو بحق (اسماء الٰہی)
العجل الساعۃ الوحا

Scanned by CamScanner

حرفِ تہجی

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

عِلمُ الاَعدَادِ اَجَلُّ العُلُومِ کوئی بھی علم مخفیہ بغیر علم اعداد کے حاصل نہیں ہو سکتا۔

قرآن حکیم کا قول اِنَّ عِلمَ الاَسمَآءِ جُزءٌ مِنَ اعداد الوَفقِ

تمام اسراری علوم اعداد وفق کا جز ہیں۔

عملیاتی دنیا میں جب تک اسماء اور آیات وغیرہ کے اعداد نکالنے کا قاعدہ نہ سمجھے گا اعداد مقصود حاصل نہیں ہو سکتا اور نہ ہی اسے اس علم پہ کامیابی ہو سکتی ہے اس میں اکثر لوگ غلطیاں کر جاتے ہیں اس لیے ابجد کا نقشہ پیش کرتا ہوں۔

قیمت حروف

حروف	ا	ب	پ	ج	چ، ح	د	ڈ	ھ	و	ز	ژ	ح
اعداد	۱	۲	۲	۳	۳	۴	۴	۵	۶	۷	۷	۸
حروف	ط	ی	ک	گ	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق
اعداد	۹	۱۰	۲۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰
حروف	ر	ڑ	ش	ت	ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	ہمزہ ۲
	۲۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	۱ ۱۰

اعداد حاصل کرنے کا قاعدہ

اعداد لیتے وقت ہمیشہ مدنظر رکھیں ہر لفظ کے وہ تمام حروف جو لکھنے میں آتے ہیں ان سب کے اعداد لیے جائیں گے خواہ بعض حروف تلفظ میں نہ آتے ہوں۔ اس طرح وہ حرف جو لکھا ایک بار جاتا ہے مگر تشدید کی وجہ سے پڑھا دو بار جاتا ہے اس کے عدد ایک ہی بار لیے جائیں نہ کہ دو بار۔ تشریح بالا کا منشا یہ ہے کہ اعداد ان ہی حروف کے لیجیے جو تحریر میں موجود ہوں۔ تلفظ سے اعداد کا کوئی تعلق نہیں ہے مثلاً۔

عبدالرحیم کا تلفظ عبدارحیم ہے یعنی تلفظ میں ال نہیں آتا اور "ر" دو بار پڑھا جاتا ہے۔ ہم اعداد تلفظ سے نہیں لیں گے۔ بلکہ جس طرح لکھا جاتا ہے اسی طرح اعداد نکالیں گے۔ چنانچہ عبدالرحیم کے اعداد اس طرح حاصل کیے جائیں گے۔

ع	ب	د	ا	ل	ر	ح	ی	م
۷۰	۲	۴	۱	۳۰	۲۰۰	۸	۱۰	۴۰

= میزان ۳۶۵

ہمزہ کی تشریح :۔ نوٹ کرلیں ۔ ہمزہ کے عدد اس کے استعمال کی بنا پر لیتے ہیں ۔ بعض مقام پر الف کی آواز دیتا ہے اور بعض جگہ ی کی بجائے ہوتا ہے تو اس کے عدد دس لیتے ہیں ۔ بعض جگہ اس کے عدد نہیں لیے جاتے مثلاً عطاءُاللہ میں ہمزہ بجائے الف کے ہے اس کا عدد ایک ہوگا ۔

امیر النساءؔ میں ہمزہ ساکن ہے اس ہمزہ کا کوئی عدد نہیں لیں گے ۔ عبدالرؤف میں ہمزہ ایک واؤ کی بجائے ہے یا پیش کی بجائے ہے اس کا کوئی عدد نہ ہوگا ۔ لیکن ایسے لفظ بھی آجاتے ہیں جن میں الف اور ہمزہ دونوں آجاتے ہیں ایسی صورت میں دونوں کے اعداد لیے جاتے ہیں ۔ یہ اجتماع عربی میں بکثرت پایا جاتا ہے ۔ مثلاً عطاءٌ وغیرہ اس میں ایک عدد الف کا اور ایک عدد ہمزہ کا لیا جائے گا ۔ لیکن جب ہمزہ ی کی صورت میں لکھی جاتی ہے تو اس وقت ہمزہ کو ی تصور کر کے اس کے دس عدد لیں گے ۔ مثلاً آئندہ یا پائندہ یا آئینہ اس طرح جیسے عیسیٰ موسیٰ وغیرہ ۔

نوٹ کرلیں :۔ زیر، زبر، پیش ۔ مدلت اور کھڑی زیر یا زبر تشدید کے عدد نہیں لیے جاتے نون تنوین مکتوبی نہیں ہے ۔ اس کے اعداد نہیں لیے جائیں گے ۔ مجھے امید قوی ہے کہ اب آپکو اعداد نکالنا آگیا ہوگا ۔ جس کا آغاز نیک ہوتا ہے اس کا انجام اعلیٰ ہوتا ہے جس کی ابتداء غلط ہو اس کی انتہا بھی غلط ہوتی ہے ۔ اس لیے بڑے غور و خوض کے ساتھ اعداد نکالیں تاکہ غلطی کا امکان نہ ہو اور نہ ہی عمل غلط ہو ۔

یاد رکھیں :۔ جس طرح ہم نے بجائے بسم اللہ شریف کے ۷۸۶ لکھنا رائج کر لیا ہے اور کسی جگہ ہم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پورا لکھتے ہیں دونوں ایک صورتیں ہیں ۔ صورت بدل جانے سے سیرت پر کوئی اثر نہیں پڑتا ۔ اس لیے قرآن شریف کی سورتیں کو اعداد میں تبدیل کرنے سے اثر زائل نہیں ہو جاتا ۔ بلکہ زیادہ تاثیر پیدا ہو جاتی ہے ۔

نام کے اعداد کی احتیاط :۔

۱۔ نام معہ والدہ کے اعداد لینے چاہیں ۔

۲۔ پیدائشی نام کو مقدم رکھا جائے گا ۔ عملیات میں بعض لوگ کئی کئی نام بدل لیتے ہیں ۔ کاروباری مختصر سے نام سے مشہور ہو جاتے ہیں ۔ وہ نام تعویزات میں نہ چلے گا ۔

۳۔ مستورات اکثر اپنا نام بدلتی رہتی ہیں ۔ یا بعض عورتیں سسرال میں اپنا نام تبدیل کر لیتی ہیں ۔ یاد رکھیں ان پیدائشی نام لینا ہوگا ۔

(۴) افسران کی والدہ کا نام معلوم نہ ہو تو پورا نام معہ عہدہ کے اعداد لیں گے ۔

۵۔ مرد کا نام معہ والدہ ہو تو بن لکھتے ہیں جیسے عبدالرحیم بن غلام فاطمہ اگر عورت کا نام معہ والدہ ہو تو درمیان میں بنت لکھتے ہیں ۔ یاد رکھیں بن اور بنت کے اعداد نہ لیں گے ۔

ذات، لقب، کنیت، تخلص وغیرہ کے اعداد نام میں شامل نہ کریں۔

نجوم کے بغیر عامل بننا بہت مشکل ہے

سچی بات تو یہ ہے کہ عامل بننا خالہ جی کا گھر نہیں۔ نہایت ہی مشکل بات ہے۔ نجوم کے بغیر اس علم کو ہاتھ میں
آپ کی محنت اور کوشش بیکار جائے گی۔ افسوس کے سوا کچھ نہیں ملے گا بلکہ اس علم سے نفرت پیدا ہو جائے گی۔ عمل کی
شاہراہ پر گامزن ہونے والوں نے لکھا ہے کہ جس انسان کو عامل بننے کی خواہش ہو اس پر لازم ہے کہ اسے نجوم کے قوانین پر
پر عبور ہو تاکہ اچھے اوقات کا تعین کر سکے۔ بروج و سیارگان کا اتنا علم جانتا ہو۔ یعنی بروج کی طبع طالع کا استخراج، کس
ستاروں کے طلوع، غروب، شرف، ہبوط، رجعت و استقامت عروج زوال۔ ان میں دوستی، دشمنی، نظرات، ان کا تعلق آپس میں جانتا ہو۔ اچھے اور برے وقت کو پہچانتا ہو۔ ساعت کی نوعیت جانتا ہو کہ یہ ساعت کس کام کے لیے موزوں ہے۔ الغرض یہ سب باتیں نجوم سے معلوم ہو سکتی ہیں۔

میں نے دس کتابیں نجوم پر لکھی ہیں طالع نکالنے کیلئے بھی علیحدہ کتاب لکھی ہے۔
ان کتابوں سے آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

سال رواں کی جنتری یا تقویم اپنے پاس ضرور رکھیں

جس میں سیارگان کا روزانہ استخراج ہو نظرات کا وقت متعین ہو جس سے آپ کو عمل کرنے میں آسانی ہو۔ میں نے
اجتماع سیارگان اور اثرات سیارگان کی علیحدہ کتاب لکھی ہے۔ اس کتاب سے آپ کو مدد ملے گی۔ نجوم کے قانون بہت
زیادہ ہیں لیکن عمل کرنے کے لئے جتنی قوانین کی ضرورت ہوتی ہے میں یہاں اس کی تفصیل پیش کروں گا۔ بلکہ نقشے درج
کروں گا تاکہ ہر نقشہ آپ کے لیے موزوں اور مناسب رہے گا۔ میں برج کے تمام ضروریات کو مدنظر رکھ کر پیش کرتا
ہوں۔ نقشہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں۔

> نوٹ:۔ جہاں کوئی مشکل یا دقت پیش آئے تو آپ کا حق ہے کہ آپ ہمیں لکھیں۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ آپ کی رہبری کریں۔
>
> فقط خادم
> رحیم

نقشہ برائے عاملین و منجمین (نجومی کا اثاثہ)

نمبر شمار بروج راس	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
نام طالع بروج راس	حمل - میکھ	ثور - برکھ	جوزا - متھن	سرطان - کرک	اسد - سنگھ	سنبلہ - کنیا	میزان - تلا	عقرب - برچھک	قوس - دھن	جدی - مکر	دلو - کمبھ	حوت - مین
اعداد ابجد بروج راس	۷۸ / ۷۵	۶۰۶ / ۲۲۷	۱۷ / ۴۹۵	۳۲۰ / ۲۳۰	۶۵ / ۱۳۵	۱۴۷ / ۸۱	۱۰۸ / ۴۳۱	۳۷۲ / ۲۲۵	۱۶۶ / ۵۹	۱۷ / ۳۶۰	۴۰ / ۷۷	۴۱۴ / ۱۰۰
نام سیارگان یا گرہ	مریخ / منگل	زہرہ / شکر	عطارد / بدھ	قمر / چندرماں	آفتاب / سورج	عطارد / بدھ	زہرہ / شکر	مریخ / منگل	مشتری / برہسپت	زحل / سنیچر	زحل / سنیچر	مشتری / برہسپت
اعداد سیارگان یا گرہ	۸۵ / ۱۴۰	۲۴ / ۵۲۰	۲۸۴ / ۱۱	۳۴۰ / ۳۹۸	۴۸۴ / ۲۶۹	۲۸۴ / ۱۱	۲۱۷ / ۵۳۰	۸۵۰ / ۱۴۰	۹۵۰ / ۶۶۹	۴۵ / ۳۲۳	۴۵ / ۳۲۳	۹۵۰ / ۶۶۹
بروج سے دنوں کا تعلق	سہ شنبہ / منگل	جمعہ / ۰	چہار شنبہ / بدھ	دو شنبہ / پیر	یک شنبہ / اتوار	چہار شنبہ / بدھ	جمعہ / ۰	سہ شنبہ / منگل	پنج شنبہ / جمعرات	شنبہ / ہفتہ	شنبہ / ہفتہ	پنج شنبہ / جمعرات
دنوں کے اعداد ابجدی	۴۲۲ / ۱۴۰	۱۱۸ / ۰	۵۵۶ / ۱۱	۳۶۷ / ۲۱۲	۳۸۷ / ۶۰۸	۵۶۶ / ۱۱	۱۱۸ / ۰	۴۲۲ / ۱۴۰	۴۱۲ / ۷۱۴	۳۵۷ / ۵۹۰	۳۵۰ / ۵۹۰	۴۱۲ / ۷۱۴
برج مذکر ہے یا مونث	مذکر / زندہ	مونث / مردہ	مذکر / زندہ	مونث / زندہ	مذکر / زندہ	مونث / مردہ	مذکر / زندہ	مونث / مردہ	مذکر / زندہ	مونث / زندہ	مذکر / مردہ	مونث / مردہ
برج کی طاقت مالک اوقات	نہاری - دن	لیلی - رات	نہاری - دن	لیلی - رات	نہاری - دن	لیلی - رات	نہاری - دن	لیلی - رات	نہاری - دن	لیلی - رات	نہاری - دن	لیلی - رات
برج کس سمت کا مالک ہے	پورب - مشرق	جنوب - دکھن	مغرب - پچھم	شمال - اتر	مشرق - پورب	جنوب - دکھن	مغرب - پچھم	شمال - اتر	مشرق - پورب	جنوب - دکھن	مغرب - پچھم	شمال - اتر
برج کا مزاج عناصر اربعہ	گرم خشک آتشی	سرد خشک خاکی	گرم تر بادی	سرد تر آبی	گرم خشک آتشی	سرد خشک خاکی	گرم تر بادی	سرد تر آبی	گرم خشک آتشی	سرد خشک خاکی	گرم تر خاکی	سرد تر آبی
برج منقلب، ثابت یا ذوجسدین	منقلب چر	ثابت استر	ذوجسدین دو سبھاؤ	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین	منقلب	ثابت	ذوجسدین
برج کس موسم سے تعلق رکھتا ہے	گرمی	گرمی	گرمی	بارش	بارش	بارش	بارش	سردی	سردی	سردی	سردی	گرمی
برج کا تعلق جسم انسان سے	سر چہرے سے	گردن سے	بازو چھاتی سے	دل سینہ	شکم سے	پشت کمر	بشرہ سے	اندام نہانی	چوتڑ سے	زانوؤں سے	پاؤں سے	کف سے

برج کس ذات سے تعلق رکھتا ہے	چھتری لڑنے والا	ویشس حسابی	شودر مزدور	برہمن نجومی	چھتری	ویش	شودر	برہمن	چھتری	ویش	شودر	برہمن
برجوں کے رنگ	سفید سرخ	زرد سفید	سبز۔ زرد	سیاہ سرخ۔ سفید	سرخ زرد	زرد برنگ	سبز۔ سیاہ	سیاہ۔ سرخ سرخ۔ سفید	زرد	زرد و سفید برنگ سیاہ	سبز برنگ سیاہی نیلا	سفید سیاہ زردی مائل
برج کے خواص۔ سعد۔ نحس گرم۔ ٹھنڈا	گرم نحس اصغر	ٹھنڈا نحس اکبر	گرم مشترک	ٹھنڈا سعد	گرم سعد	ٹھنڈا سعد	گرم نحس اکبر	ٹھنڈا نحس۔ اکبر	گرم سعد اکبر	ٹھنڈا سعد اصغر	گرم سعد اصغر	ٹھنڈا سعد اکبر
برج کس فلک کا مالک ہے	فلک پنجم	فلک ہفتم	فلک دوم	فلک اوّل	فلک چہارم	فلک اوّل	فلک ہفتم	فلک پنجم	فلک ششم	فلک دوم	فلک سوئم	فلک ششم
برج کس اقلیم کا مالک ہے	اقلیم پنجم ترکستان	اقلیم ہفتم ہندوستان	اقلیم دوئم روم کا حاکم	اقلیم اوّل بلغاریہ کا حاکم	اقلیم چہارم خراسان	اقلیم اوّل بلغاریہ	اقلیم ہفتم ہندوستان	اقلیم پنجم ترکستان	اقلیم ششم چین	اقلیم دوئم ماوراالنہر	اقلیم سوئم ماوراالنہر	اقلیم ششم چین
ہر برج کے لئے نگینہ	مانک۔ مونگا پتونیا عقیق	پنا فیروزہ	بلور ہیرا	اصلی موتی سفید رنگ	پکھراج نیلم	بلور ہیرا	پنا فیروزہ	پتونیا مانک	نیلم۔ سبز فام مائل	نیلم گہرا	نیلم گہرا	نیلم سرخی مائل
سورج کا سالانہ دورا	۲۱ مارچ سے ۱۹ اپریل	۲۰ اپریل سے ۲۰ مئی تک	۲۱ مئی سے ۲۰ جون تک	۲۱ جون سے ۲۰ جولائی تک	۲۱ جولائی سے ۲۰ اگست تک	۲۱ اگست سے ۲۰ ستمبر تک	۲۱ ستمبر سے ۲۰ اکتوبر تک	۲۱ اکتوبر سے ۲۰ نومبر تک	۲۱ نومبر سے ۲۰ دسمبر تک	۲۱ دسمبر سے ۲۰ جنوری تک	۲۱ جنوری سے ۲۰ فروری تک	۲۱ فروری سے ۲۰ مارچ تک
برجوں کے دورہ بحساب ہندی	۱۳ اپریل سنکرانت	۱۴ مئی	۱۴ جون	۱۶ جولائی	۱۶ اگست	۱۶ ستمبر	۱۷ اکتوبر	۱۶ نومبر	۱۵ دسمبر	۱۳ جنوری	۱۲ فروری	۱۳ مارچ
برجوں کا اصلی گھر	عاریتاً	عاریتاً	عاریتاً	اصلی گھر	اصلی گھر	اصلی گھر	اصلی گھر	اصلی گھر	اصلی گھر	اصلی گھر	عاریتاً	عاریتاً
برج کی قوت بحساب ہندی	رات کو	رات کو	رات کو	رات کو	دن کو	دن کو	دن کو	دن کو	رات کو	رات	دن کو	دن کو
برج ساکن ہے متحرک	متحرک	ساکن	ساکن و متحرک	متحرک	ساکن	متحرک و ساکن	متحرک	ساکن	متحرک و ساکن	متحرک	ساکن	متحرک و ساکن
مدت قیام ہر برج	۳۱ دن	۳۱ دن	۳۲	۳۱	۳۱	۳۱	۳۰	۳۰	۲۹	۲۹	۳۰	۳۰
برج کس ہندی ماہ سے تعلق رکھتا	بیساکھ ۳۰	جیٹھ ۳۱	ہاڑ ۳۱	ساون ۳۱	بھادوں ۳۱	اسوج ۳۰	کاتک ۲۹	مگھر ۲۹	پوہ ۲۹	ماگھ ۲۹	پھاگن ۲۹	چیت ۳۰
اعداد ماہ ہندی	۹۶	۲۱۸	۲۰۶	۱۱۶	۶۸	۷۰	۲۴۱	۲۶۵	۱۳	۶۶	۷۸	۲۱۳

ہر ایک برج میں کتنے ستارے ہیں	۱۲ ستارے	۳ ستارے	۱۸ ستارے	۹ ستارے	۲۷ ستارے	۲۶ ستارے	۸ ستارے	۲۱ ستارے	۳۱ ستارے	۸ ستارے	۴۲ ستارے	۳۲ ستارے
برج کس فصل سے تعلق رکھتا ہے	فصل بہار	فصل بہار	فصل بہار	فصل صیف	فصل صیف	فصل صیف	فصل خزاں	فصل خزاں	فصل خزاں	فصل ستاں	فصل ستاں	فصل ستاں
برجوں کے موکلوں کا نام	اسرافیل	عزرائیل	اسرافیل	میکائیل	سراطیل	ماسکیل	سہرائیل	مرسائیل	سراطائیل	سمکائیل	سمکائیل	نقیائیل
برجوں کو شرف	آفتاب ۱۹ درجہ	قمر ۱۳ درجہ	راس ذنب ۳ درجہ	مشتری ۱۵ درجہ	—	عطارد ۱۵ درجہ	زحل ۲۱ درجہ	—	ذنب ۳ درجہ	مریخ ۲۸ درجہ	—	زہرہ ۲۷ درجہ
برجوں میں وبال سیارے	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	زحل	مشتری	مریخ	زہرہ	عطارد	قمر	آفتاب	عطارد
برجوں میں ہبوط ستارے	زحل ۲۱ درجہ	—	ذنب ۳ درجہ	مریخ ۲۸	—	زہرہ ۲۷	آفتاب ۱۹ درجہ	قمر ۳ درجہ	راس ذنب	مشتری ۱۵	—	عطارد ۱۵ درجہ
جائے قیام بروج	پہاڑ	میدان	جنگل	پانی	پہاڑ	میدان	جنگل	پانی	پہاڑ	میدان	جنگل	پانی
برجوں کے اثرات	برا	اچھا	برا	اچھا	برا	اچھا	برا	اچھا	برا	اچھا	برا	اچھا
برجوں کا تعلق بڑے شہروں سے	بابل - فارس شام - خراسان عرب - روم	دمشق - ہمدان بصرہ اسکندریہ یمن - سوڈان	اصفہان گیلان مصر - روم	عرب عراق مدینہ - بلخ بخارا خراسان	چین ترک سمرقند بیت المقدس	فرات - کوفہ فارس - شام اصفہان	مکہ مدینہ طائف کابل - کشمیر ختن - خوارزم	حجاز - یمن دمشق عرب	ترکستان عراق - بغداد نیشاپور	ہند مکران روم - جرجان قلعہ	فارس - بخارا بخارا - غزنی گیلان	بخارا - شام زرنج - بلخ سمان وغیرہ

حدیث مبارکہ

عَالِمٌ یَنفَعُ بِعِلمِہٖ خَیرٌ مِن اَلفِ عَابِدٍ

وہ عالم جو اپنے علم سے نفع پہنچاتا ہے ہزار عبادت گذاروں سے بہتر ہے

نجوم کا خزانہ

عامل اور نجومی کی عزت و شہرت کا سامان

نام سیارہ	شمس آفتاب ۱ خورشید		قمر ماہتاب ۲ ماہ		مریخ بہرام ۳		عطارد دبیر فلک ۴ تیر		مشتری برجیس ۵		زہرہ ناہید ۶		زحل کیوان ۷	
ابجدی اعداد سیارگان	۴۰۰	۰	۳۴۰	۰	۸۵۰	۰	۲۸۴	۰	۹۵۰	۰	۲۱۷	۰	۴۵	۰
نام گرہ ہندی	سورج	دوی سوریہ	چندرما	سوم	منگل	۰	بدھ	۰	برہسپت	گرو	شکر	۰	سنیچر	سنی
ابجدی اعداد گرہ	۲۶۹	۰	۲۹۹	۰	۱۴۰	-	۱۱	-	۶۶۱	-	۵۲۰	۰	۳۲۳	۰
سیارہ کس دن کا مالک ہے	یکشنبہ	اتوار	دوشنبہ	پیر	سہ شنبہ	منگل	چہارشنبہ	بدھ	پنجشنبہ	جمعرات	جمعہ	۰	شنبہ	ہفتہ
ابجدی اعداد دنوں کے	۳۶۷	۶۰۸	۳۶۷	۲۱۲	۴۲۳	۱۴۰	۵۶۶	۱۱	۴۱۲	۷۱۴	۱۱۸	-	۳۵۷	۴۹۰
سیارہ کا تعلق برج سے	اسد	-	سرطان	-	حمل	عقرب	جوزا	سنبلہ	قوس	حوت	ثور	میزان	جدی	دلو
ابجدی اعداد برج	۶۵	-	۳۲۰	-	۷۸	۳۷۲	۱۷	۱۴۷	۱۶۶	۴۱۴	۷۰۶	۱۰۸	۱۷	۴۰
سیاروں کا تعلق لگن سے	سنگھ	-	کرک	-	میکھ	برچھک	متھن	کنیا	دھن	مین	برکھ	تلا	مکر	کنبھ
اعداد ابجدی لگن	۱۳۵	-	۲۴	-	۷۵	۲۳	۴۹۵	۸۱	۵۹	۱۰۰	۲۲۷	۴۳۱	۲۶۰	۷۷
ستاروں کے عہدے	سلطان الکواکب		ولیعہد شہزادہ		جلاد فلک سپہ سالار		منشی فلک دبیر فلک		قاضی فلک وزیر امین		مطرب طبلگر قاضی		چوکیدار پاسبان فلک	
سیارہ مذکر یا مونث	مذکر		مونث		مذکر		ہیجڑا		مذکر		مونث		مذکر یا مخنثی	
کس آسمان کا مالک ہے	فلک چہارم		فلک اول		فلک پنجم		فلک دوئم		فلک ششم		فلک سوئم		فلک ہفتم	
کس اقلیم کا مالک ہے	اقلیم خراسان		اقلیم بلغاریہ		ترکی ترکستان		اقلیم دوئم		اقلیم چین		اقلیم مارواڑ		اقلیم ہندوستان	
کس سمت کا مالک ہے	مشرق پورب		بائب		جنوب دکھن		شمال		ایسان		مغرب پچھم		اگنی	
جائے قیام سیارہ	منگل		پالن		سان		پنزارہ		مندر		پانی		اجاڑ گھر	
سیارہ لیلی ہے یا نہاری	نہاری دن		لیلی رات		لیلی		نہاری		نہاری		لیلی		نہاری	
طاقت و اثرات عمر	در پیری		در جوانی		در جوانی		در طفل		در پیری		درمیانہ جوانی پیری		در پیری	
تعلق و نسبت ذات	راجہ۔ صاحب حکایت۔ بادشاہ۔ پہلوان		پجاری۔ قاصد پیغامبر		حسنار		شاعر مصور نقال دستکاری حکمت۔ نجوم		برہمن۔ متولی مقادم عبادت گاہ		تاجر		رنگ ساز	

سیاروں کا تعلق دھات پتھر سے	تانبا - لعل تیز سرخ یاقوت زمرد عقیق	موتی - ہیرا بلور سفید - نقرہ	مونگا - عقیق سرخ مس فولاد	پنا - فیروزہ زمرد	پکھراج یاقوت زرد	ہیرا - لاجورد لہنیا یاقوت	نیلم - لاجورد سنگ سیاہ
رنگ سیارگان کا ذاتی	سرخ مائل بہ زردی	سفید مائل بہ زردی	سرخ مثل خون	سبزی مائل بہ سیاہ	زرد مطلق سفید مائل سبزی	سفید گندمی	سیاہ مطلق
سیارہ کا اثر انسان پر	چشم راست روح	چشم چپ دل	طاقت	عقل	زندگی جیو	شہوت عشق محبت	رنج پریشانی جائے ویران
سیارہ کا تعلق اشیاء سے	زرد - ہری دو نہری اشیاء	پھول سفید سفید چیز	پھول سرخ جنگ کے سرخ اشیاء جدل	سبز اشیاء	زرد اشیاء	سفید اشیاء	سیاہ اشیاء چاہ اشیاء قبرستان
بخورات سیارگان	زعفران - لوبان عود صندل سرخ	کافور - شہد ریان	مرچ سرخ زیتون لونگ - گوگل	بادام - لوبان گوگل جڑ چنبیلی عود	زعفران - صندل سرخ دسیندا گوشت	عود - لوبان شکر	گوگل - دال مرچ سیاہ
مزاج سیارگان	آتشی گرم خشک	آبی سرد تر بلغمی	آتشی گرم خشک	بادی معتدل	آتشی گرم و تر	بادی سرد تر	خاکی سرد خشک
رفتار سیارگان	ہمیشہ سیدھا چلتا ہے	ہمیشہ سیدھا چلتا ہے	کبھی سیدھا کبھی الٹا	کبھی سیدھا کبھی الٹا	کبھی سیدھا کبھی الٹا	کبھی سیدھا کبھی الٹا	کبھی سیدھا کبھی الٹا
سیارہ سیدھا چلتا ہے تو کیا عمل ہوتا ہے۔	ہمیشہ سیدھا چلتا ہے	ہمیشہ سیدھا چلتا ہے	قوت دلیری پیدا کرتا ہے فتح [illegible]	واسطے بزرگی حصول علم کیلئے	واسطے قائم عمارت ملک املاک	واسطے محبت دوستی کے لئے	واسطے قتل [illegible] دشمن کے لئے
سیارہ الٹا چلتا ہے۔ تو کیا عمل ہوتا ہے۔	الٹا نہیں چلتا	الٹا نہیں چلتا	خراب ہے لشکر کے جنگ پیدا کرتا ہے	کسی کو رتبہ سے گراتا ذلیل کرتا	برباد و تباہ موضع آبادی شہر ملک گھر	اسقاط حمل یا بانجھ عقیم کرنے کیلئے	دو محبوبوں میں جدائی عداوت و فرقت
سیارہ علوی ہے یا سفلی ہے۔	علویہ	آفتاب کے نیچے	علویہ	سفلیہ	علویہ	سفلیہ	علویہ
سیارہ سعد ہے یا نحس ہے۔	سعد اکبر نیک ہے	سعد اکبر نیک	بد نحس اصغر	سعد کے ساتھ سعد نحس کے ساتھ نحس	سعد اکبر	سعد اکبر سعد اصغر	نحس اکبر ہے
سیارہ عناصر سے تعلق	ایسے قریب ہوا	خاک آب رسیدہ	آتش - آگ	آب - پانی	ہوا - باد	آب ہوا قریب	خاک سے تعلق
سواری سیارگان	گھوڑا	ہرن	مینڈھا	ہاتھی	ہاتھی	سفید گھوڑا	حبشی بیل سیاہ
کس دین سے تعلق رکھتا ہے۔	نصاریٰ سے تعلق	ہندی دین بت پرستان	آتش پرست پارسی	دین حکماء	ترسایان مسیحیت سے	اہل اسلام سے تعلق رکھتا	یہودی - انگریزی تعلق رکھتا
سیاروں کا ذائقہ سے تعلق	تلخ	اکھاری	کڑوا	چرچرا	شیریں	ترش	کسیلا
تعداد قیام سیارگان در بروج	۲۹ - ۳۰ - ۳۱ یعنی ایک ماہ	بارہ برج میں ۳۰ دن ایک برج ۲½ دن	۴۵	۴۱ دن	ایک سال ایک ماہ	۵۲ - ۳ دن یا ۲۵ دن	۳۰ سال ماہ
دور اکبر سیارگان	۶ سال	۱۰ سال	۷ سال	۱۷ سال	۱۶ سال	۲۰ سال	۱۹ سال

ایک نچھتر کتنے دن رہتا ہے	۱۴ دن	۱ دن	۲۰ دن	۹ دن	۱۶ دن	۱۱ دن	۲ دن
دور سالانہ ۱۲ بروج میں	۳۶۵ دن ایک سال	۲۹ یا ۳۰ دن	ڈیڑھ برس میں	ایک ماہ سے کچھ زیادہ	ایکسال ایک ماہ	ایک سال میں	۳ سال میں
طالع ثابت ہے یا منقلب	ثابت نہ انہر	ثابت ۔ استہر	منقلب ۔ چر	ذوجسدین و دوسہاؤ	ثابت استہر	ذوجسدین و دوسہاؤ	منقلب چر
سیارہ کیسا ہے ۔	بوڑھا ہے	ادھیڑ ہے	جوان ہے	طفل ہے	بوڑھا ہے	ادھیڑ ہے	بوڑھا ہے
بخورات سیارگان	عود و صندل سفید و زعفران و دارچینی	کافور ۔ لوبان عود گاؤزبان کیسا ہے	عود و صندل سرخ جوتری دال	لوبان تجھ ـ صندل سرخ عود	عطر ۔ مشک زعفران کافور صندل سرخ	مشک صندل سفید زعفران عود	دال ۔ گوگل قرنفل لوبان مرچ سنبل
شرف سیارگان	میزان ۲۱	سرطان ۱۵	جدی ۱۸	حمل ۱۹	حوت ۲۷	سنبلہ ۱۵	ثور ۳
ہبوط سیارگان	حمل ۲۱	جدی ۱۵	سرطان ۲۸	میزان ۱۹	سنبلہ ۲۷	حوت ۱۵	عقرب ۳
حضیض سیارگان	جوزا	سنبلہ	دلو	قوس	قوس	حمل	حوت
اوج بلندی	قوس میں	حوت میں	اسد میں	سرطان میں	جوزا میں	میزان میں	سنبلہ میں
دوست سیارے	مریخ قمر مشتری	شمس ۔ عطارد	شمس ۔ قمر ۔ مشتری	شمس ۔ زہرہ	شمس قمر ۔ مریخ	عطارد ۔ زحل	عطارد ۔ زہرہ
مساویان سیارے	عطارد	مریخ ۔ مشتری ۔ زحل	زحل ۔ زہرہ	مریخ ۔ مشتری ۔ زحل	زحل	مریخ ۔ مشتری	مشتری
دشمنان سیارے	زحل ۔ زہرہ	اس کا کوئی دشمن	عطارد	عطارد ۔ زہرہ	مریخ	شمس ۔ قمر	شمس ۔ قمر ۔ مریخ

ساعتوں کے نظام پر عملیات کی حکومت

خداوند کریم نے ستاروں میں مختلف اثرات عطا فرمائے ہیں۔ انکی تاثیر سے نظام خداوند کریم کا چلتا ہے۔ عالم سفلی کو عالم علوی کے ماتحت کیا ہے۔ کوئی ستارہ نحس ہے کوئی ستارہ سعد ہے۔ جس وقت سعد ستارہ کا وقت ہوتا ہے تو تمام کام سرانجام ہوتے ہیں جب نحس ستارہ کی حکومت ہوتی ہے تو تمام کام بگڑ جاتے ہیں۔ یہ سات ستارے دن رات گردش کرتے ہیں۔ ان نے دورہ کرنے کا خاص نظام ہے علماء نجوم نے ان کے اوقات مقرر کئے ہیں۔ جنہیں ساعت کہتے ہیں۔ اور ہر ساعت (گھنٹہ) کی تاثیر بھی لکھی ہے۔ یہ تاثیر عمل پڑھنے اور تعویز لکھنے کے لیے بہت اہم اور ضروری ہے۔ ان کے نظر انداز کرنے سے تمام عمل بیکار رہتا ہے۔ اس عمل کا کچھ اثر پیدا نہیں ہوتا۔ عامل کے لیے ضروری اور لازم ہے کہ جب کوئی عمل کرنے یا تعویز لکھنے کا ارادہ کرے تو اس قسم کی ساعت کو تلاش کرے جو مطلب کے لیے موزوں اور مناسب ہو۔ اور اپنے مقصد کے عین موافق ہو۔ یہ معلوم کرنا چاہیے کہ آج کس ستارہ کی حکومت ہے اور اس کے ماتحت کس ستارہ کا دور ہے اور نحس ہے یا سعد ہے اور کس قسم کی تاثیر کا مالک ہے۔ ساعات ہمیشہ طلوع آفتاب سے اگلے دن طلوع آفتاب تک گھنٹوں میں شمار کی جاتی ہیں گو ۲۴ گھنٹوں میں ساعتیں گذر جاتی ہیں۔ اس قانون کے مطابق ہر ساعت ایک گھنٹہ کی ہوگی۔ ساعتوں کا نظام سورج کے طلوع اور غروب پر منحصر ہوتا ہے۔ دن لمبا ہوتا ہے تو ساعت بڑی ہوتی ہے اگر دن چھوٹا ہوتا ہے تو ساعت چھوٹی ہوتی ہے۔ یہی قانون رات کی ساعتوں کا ہے۔

ہر ساعت معلوم کرنے کا قاعدہ

سورج طلوع سے غروب تک کے گھنٹے نکال کر ۱۲ پر تقسیم کیا جاتا ہے مثلاً جمعہ یکم جون ۸۴ء ۱۹ لاہور کا طلوع ۵ بجکر ۲۳ منٹ اور غروب ۷ بجکر ۳۱ منٹ ہے۔

منٹ ۔ گھنٹے

کل دن کا وقت ۸ - ۱۵

ایک ساعت ایک گھنٹہ ۱۵ منٹ کی ہوگی

منٹ - گھنٹہ
۱ - ۱۵

۱۲) ۱۵ - ۸
۱۲
۳
۶۰
۱۸۰

۱۲) ۱۸۰ (۱۵
۱۲۰
۶۰
۶۰
۰

پہلی ساعت ایک گھنٹہ ۱۵ منٹ مثال کے طور پر:-

طلوع ۲۳ - ۵

پہلی ۱ - ۱۵ / ۳۸ - ۶ زہرہ کی

اعلیٰ ہذا القیاس آگے عمل کرو۔ اس قانون کے ساتھ ساعت نکالتے جائیں۔ میں ساعتوں کے اوقات کی تشریح عمل کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔ تاکہ آپ اسی ساعت کو ہمیشہ مدنظر رکھ کر عمل کریں۔

ساعت سیارگان

دن کے اثرات کیلئے موزوں اور مناسب تشریح

دن	پہلا گھنٹہ	دوسرا گھنٹہ	تیسرا گھنٹہ	چوتھا گھنٹہ	پانچواں گھنٹہ	چھٹا گھنٹہ	ساتواں گھنٹہ	آٹھواں گھنٹہ	نواں گھنٹہ	دسواں گھنٹہ	گیارہواں گھنٹہ	بارہواں گھنٹہ
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
	محبت کیجئے	صلح کیجئے	جفا کیجئے	جاہ وجلال کے لئے	محبت کیجئے	شکار کیجئے	کچھ نہ کریں	جدائی دشمنی	محبت	عداوت	صلح	قبول
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
	محبت	منحوس	سفر کیجئے	منحوس	عداوت	کام پورا	منحوس	جاہ وجلال	محبت	جو چاہو کرو	طلسم	نقصان
سوموار	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
	محبت	سفر	نکاح	بیمار کرنا	حاجت	طلسم	زبان بندی	صلح محبت	جدائی	محبت	عداوت	محبت
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
	بغض	منحوس	نکاح	برکتی اعمال	منحوس	بیمار	محبت	عداوت	محبت	منحوس	سفر	بغض
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
	قبول	نحس	خون جاری کرنے کیلئے	اعمال خیر	عداوت	سفر	محبت	علاج کے لیے	عداوت	بادشاہ سے ملو	قبول	عداوت
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
	قبول محبت	بیمار کرنا	محبت	محبت	عقد	سفر	عداوت	محبت	بادشاہ سے ملو	حاجت روا	محبت	نحس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
	محبت	عداوت	نحس	کنواں کھدوانا	محبت	حاجت	جاہ و مال	محبت	ہر کام کےلیے	جدائی	نحس	محبت

ساعت ستیارگان شب کے اوقات کی تشریح

نام شب	پہلا	دوسرا	تیسرا	چوتھا	پانچواں	چھٹا	ساتواں	آٹھواں	نواں	دسواں	گیارہواں	بارہواں
	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ	گھنٹہ
شب سنیچر	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
	محبت	صلح	بغض	جاہ	محبت	شکار	کچھ نہ کرے	ہلاکی دشمن	محبت	عمارت	صلح	تبدیل
شب اتوار	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
	محبت	منحوس	سفر	منحوس	عداوت	کام پورا	منحوس	جاہ	محبت	جو چاہو کرو	طلسم بناؤ	نقصان
شب سوموار	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
	محبت	سفر	نکاح	بیمار کرنا	حاجت	طلسم بناؤ	زبان بندی	صلح محبت	جدائی	محبت	عداوت	محبت
شب منگل	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
	بغض	منحوس	نکاح	برکتی عمل	منحوس	بیمار کرنا	محبت	عداوت	محبت	منحوس	سفر	بغض
شب بدھ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	قمر	زہرہ
	قبول محبت	شمس	خون جاری کرنا	اعمال خیر	عداوت	سفر	محبت	صلح کے لیے	عداوت	بادشاہ سے ملو	قبول	عداوت
شب جمعرات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
	قبول محبت	بیمار کرنا	محبت	محبت	عقد	سفر	عداوت	محبت	بادشاہ سے ملو	حاجت	محبت	نحس
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
	نکاح	طلسمات	نحس	کنواں کھودنا	محبت	حاجت	جاہ و مال	محبت	ہر کام کے لیے	فراق	نحس	محبت

ساعتوں کی مکمل تشریح

پچھلے اوراق میں ساعت نکالنے کا مختصر نقشہ پیش کیا تھا۔ شب و روز کے بعد ساعتوں کو دیکھنے کے بعد مجھے خیال ہوا کہ بعض لوگ اشاروں کو نہیں سمجھے۔ لہٰذا میں دوبارہ ساعتوں کی مکمل تشریح پیش کر رہا ہوں، اُمید ہے کہ اَب آپ کو کوئی دقت یا مشکل نہ ہو گی۔

قارئین ذکر ہو رہا تھا۔ ساعت نکالنے کا۔ اس سے پہلے کہ ساعت نکالنے کا طریقہ بیان کروں۔ ایک غلط فہمی دور کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے کئی جگہ پر دیکھا ہے کہ ساعت کو ایک ایک گھنٹے کا فرض کیا گیا ہے۔ جبکہ روزانہ ساعتوں کی طوالت ایک گھنٹے سے کم و بیش ہوتی رہتی ہے۔ ساعت نکالنے کے لئے یہ بات ذہن میں رکھیں کہ ہر دن سے ایک سیارہ منسوب ہے۔ اور ہر دن کی پہلی ساعت اُسی سیارے کی ہوتی ہے۔ قارئین کی آسانی کے لئے دن اور رات کی ساعتوں کا نقشہ پیش خدمت ہے۔ یاد رہے کہ دن اور رات میں کل ۲۴ ساعتیں ہوتی ہیں۔ یعنی دن میں ۱۲ اور رات میں ۱۲۔ نقشہ ساعات دن و رات میں ہر دن اور رات کی ساعتیں مطابقہ دن اور رات کے سامنے لکھ دی گئی ہیں۔

نقشہ ساعات دن

دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
سوموار	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد

نقشہ ساعاتِ شب

شب	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
جمعہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
اتوار	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
سوموار	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس

کسی دن کی ساعتیں نکالنے کے لئے ہمارے پاس سورج کے طلوع وغروب کا صحیح وقت ہونا چاہیئے۔ یہ وقت آپ کو کسی بھی اچھی جنتری سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ لاہور میں مورخہ ۱۸ اپریل ۱۹۸۵ء کو سورج ۵ بجکر ۴۴ منٹ پر طلوع ہوا۔ اور ۶ بجکر ۲۷ منٹ پر غروب ہوا۔ اب ہم اس دن کی ساعتیں درج ذیل طریقہ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

پہلے سورج کے طلوع وغروب کا درمیانی وقت معلوم کریں۔ کل وقت کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں۔ آپ کو ایک ساعت کا وقت معلوم ہو جائے گا۔ اس وقت کو طلوع آفتاب میں جمع کرتے جائیں۔ تو دن کی تمام ساعتیں معلوم ہو جائیں گی۔

عملی مثال۔

	منٹ	گھنٹے
طلوع =	۴۴	۵
غروب =	۲۷	۶

سورج کے طلوع وغروب کا درمیانی وقت ۱۲ گھنٹے اور ۴۳ منٹ ہوا۔ اب گھنٹوں کے منٹ بنالیں۔ گھنٹوں کے منٹ بنانے کے لئے آپ کو گھنٹوں کو ۶۰ سے ضرب دینی ہوگی۔

۱۲ × ۶۰ = ۷۲۰ منٹ ——— ۷۲۰ + ۴۳ = ۷۶۳ کل منٹ

کل وقت کو ۱۲ سے تقسیم کریں = ۷۶۳ ÷ ۱۲ = ۶۳ $\frac{7}{12}$

حاصل قسمت = ۶۳ منٹ اور = باقی قسمت = ۷ منٹ

باقی قسمت کے ۷ منٹ کو ۱۲ برابر حصوں میں تقسیم کرنے کے لئے پہلے ان کے سیکنڈ بنائیں۔ سیکنڈ بنانے کے لئے ۶۰ سے ضرب دیں گے ۷ × ۶۰ ۴۲۰ سیکنڈ

۴۲۰ سیکنڈ کو بارہ سے تقسیم کیا = ۴۲۰ ÷ ۱۲ = ۳۵ منٹ حاصل قسمت

پہلا باقی قسمت ہمیں ۶۳ منٹ حاصل ہوا تھا کیونکہ ۱ گھنٹے میں ۶۰ منٹ ہوتے ہیں۔ اسلئے آپ اسے ایک گھنٹہ اور تین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ دوسرا باقی قسمت ۳۵ منٹ سیکنڈ ہمیں حاصل ہوا تھا۔ اسطرح ایک ساعت ۳۵ سیکنڈ ۳ منٹ ۱ گھنٹہ کا ہوا۔

اب دن کی تمام ساعتیں معلوم کرنا نہایت آسان ہوگیا ہے۔ دیکھئے کس طرح ←

سیکنڈ	منٹ	گھنٹے		
۰۰	۴۴	۵	وقت طلوع	
۳۵	۳	۱		
۳۵	۴۷	۶	قمر	۱
۳۵	۳	۱		
۱۰	۵۱	۷	زحل	۲
۳۵	۳	۱		
۴۵	۵۴	۸	مشتری	۳
۳۵	۳	۱		
۲۰	۵۸	۹	مریخ	۴
۳۵	۳	۱		
۵۵	۱	۱۱	شمس	۵
۳۵	۳	۱		
۳۰	۵	۱۲	زہرہ	۶
۳۵	۳	۱		
۵	۹	۱	عطارد	۷
۳۵	۳	۱		
۴	۱۲	۲	قمر	۸
۳۵	۳	۱		
۱۵	۱۶	۳	زحل	۹
۳۵	۳	۱		
۵۰	۱۹	۴	مشتری	۱۰
۳۵	۳	۱		
۲۵	۲۳	۵	مریخ	۱۱
۳۵	۳	۱		
۰۰	۲۷	۶	شمس وقت غروب	۱۲

طلوع آفتاب کے وقت میں ایک ساعت کی وقت کو مسلسل جمع کرنے سے تمام دن کی ساعتیں حاصل ہوگئیں۔ قارئین اس میں ایک بات یاد رکھنے کے قابل ہے۔ کہ آخری ساعت کا وقت اور غروبِ آفتاب کا وقت ایک ہی ہوتا ہے یعنی آخری ساعت کا وقت غروب آفتاب سے فرق ہے تو سمجھ لیں کہ حساب کرتے ہوئے کہیں نہ کہیں آپ سے غلطی ہوگئی ہے۔

طلوع وغروب کا وقت ۱۸ اپریل ۱۹۸۵ء کا ہے۔ اس دن سوموار تھا۔ نقشہ ساعات دن سے سوموار کی بارہ ساعتیں ترتیب سے لکھ لیں۔ اس حساب سے پہلی ساعت قمر کی ہوئی جو ۴۴-۵ سے ۳۵-۴۷-۶ بجے تک جاری رہی۔ اس کے بعد دوسری ساعت زحل کی شروع ہوگئی۔ جو ۱۰-۵۱-۷ تک جاری رہی۔ اس طرح دن کی تمام ساعتیں بالترتیب حاصل ہوگئیں (اگر رات کی ساعتیں معلوم کرنا ہو تو غروب آفتاب سے طلوع آفتاب کا درمیانی وقت لیں گے۔ باقی عمل حسب سابقہ رہے گا۔)

قارئین ساعتیں معلوم کرنے کا مکمل طریقہ میں نے عمل مثال کے ساتھ آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اُمید ہے کہ آپ سمجھ گئے ہوں گے۔ اگر اب بھی کہیں مشکل محسوس ہو تو رسالے کے ذریعے مجھ سے رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

قارئین ہمارا اصل موضوع تھا علم الاعداد کے ذریعے سوالات کے جواب۔ اب آپ اُن تمام اُمور کو جان چکے ہیں جن کے ذریعے جوابات حاصل ہوگئے۔ انشاء اللہ آئندہ قسط میں ہم اپنا پہلا سوال حل کریں گے۔

اہل علم نے قمری مہینوں کو بھی ۱۰، ۱۰ پر تقسیم کیا ہے۔ گویا کہ ایک ماہ کے تین حصے کئے ہیں،
ہر حصے میں عمل مختلف کئے جاتے ہیں۔

۱۔ قمری ماہ کا پہلا حصہ ایک تا دس تاریخ، ورزق جاگ، ترقی مرتبہ، حصول دولت اور عزت کے لئے عمل کئے جاتے ہیں۔

۲۔ دوسرا حصہ ۱۱ تا ۲۰ تک محبت، عشق، جذب قلوب، شادی، شراکت، وصل، قضائے حاجات کا عمل کرنا چاہیں۔

۳۔ تیسرا حصہ ۲۰ تا ۳۰ تک بربادی، دشمنی، عداوت، طلاق، ذلت عدو، زراعت خرابی الغرض بربادی تباہی کے عمل کرنے چاہیں۔

اہل علم نے مخصوص دن مخصوص عمل کے لیے منتخب کئے ہیں،

۱۔ سنیچر: زبان بندی، ہلاکی عدو، دشمنی بربادی کے عمل کرنے چاہیں۔
۲۔ اتوار: امیر لوگوں کی تسخیر، ترقی و منزلت، معزز لوگوں کی تسخیر کا عمل کرنا چاہیے۔
۳۔ سوموار: امراض شفا، تسخیر، رزق کی زیادتی کا عمل کرنا چاہیے۔
۴۔ منگل: دشمنی، نفاق و عداوت کے عمل کرنے چاہیں۔
۵۔ بدھ: ترقی، مرتبہ، حکام کی تسخیر اور زبان بندی کے عمل کرنے چاہیں۔
۶۔ جمعرات: ترقی، دولت، عزت کے عمل کرنے چاہیں۔
۷۔ جمعہ: محبت، عشق کے عمل کرنے چاہیں۔

اہل علم نے اوقات بھی عمل کیلئے انتخاب کئے ہیں

۱۔ صبح کے وقت: محبت الفت کا عمل کرنا چاہیے۔
۲۔ دوپہر کے وقت: ترقی وحصول رزق کے عمل کرنے چاہیں۔
۳۔ ظہر کے وقت: امراض شفا کیلئے عمل کرنے چاہیں۔
۴۔ ظہر و عصر کے درمیان: عداوت کے عمل کرنے چاہیں۔

۵۔ عشاء کے وقت ۔ زبان ہندی کے عمل کرنے چاہئیں۔

نوٹ۔ تمام امور عالم میں بارہ بروج اور ۲۷ منازل میں دورہ کچھ معنی رکھتا ہے جس کے متعلق حکم اٹل ہے کہ قمر جس برج یا منزل میں ہو اس کے مزاج کے مطابق عمل ہو تو نتیجہ حسب مراد ہوگا علاوہ ازیں قمر کے متعلق یہ امر خاص طور پہ یاد رکھیں کہ یہ ہر قمری ماہ کی ساتویں سے ۲۱ تاریخ تک زائد النور اور باقی دنوں میں ناقص النور ہوتا ہے۔ زائد النور نیک امور کے لئے اور ناقص النور حالت بد امور کے لئے موزوں ہے آپ انصاف کریں کہ یہ جو چند موٹی موٹی پابندیاں متعلقہ اعمال تحریر کی گئی ہے اگر ان کو مدنظر نہ رکھا جائے تو اعمال کامیابی کی کیا اُمید ہو سکتی ہے۔ عام شکایات سنتے ہیں جن کا رونا ہے کہ اعمال کامیاب نہیں ہوتے، پڑھائی میں کچھ نہیں محض ڈھکوسلے ہیں اور ان بزرگان دین پر جو ان فن شریف کے موجد ہیں ناحق پھبتیاں اڑائی جاتی ہیں حالانکہ اس علم کے لئے طہارت اور پاکیزگی جو اس فن کی شرط اولین ہے اس سے عامل حضرات کوسوں دور ہیں پھر ایمان کی کمزوری، طبیعت مشکوک، خدا خانے ہو کہ نہ ہو، ایسے لوگوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ ایسی نعمتیں خلوص نیت اور یقین کامل، اندھے اعتماد بغیر حاصل نہیں ہوا کرتیں، یقین کامل ہی کامیابی کی کلید ہے آگے جا کر عامل ان خصوصیات کا حامل ہے یا نہیں ہے جو خود محتاج ہے آپ کو روشنی کیا دے گا

مسئلہ زکوٰۃ

قانون: عملیات میں ایک اساسی مسئلہ زکوٰۃ کا ہے، میں عرض کرتا ہوں کہ زکوٰۃ کیا شے ہے اور اس کی حقیقت کیا ہے میں اصل راز واضح کرتا ہوں، اصل راز بیان کرتا ہوں، واقعہ یہ ہے کہ ہر حرف پر ملائکہ کو قدرت نے مسلط کر دیئے ہیں ہر حرف کا تعلق ایک خاص فرشتے سے ہے۔ وہ فرشتہ بمنزلہ سردار کے ہوتا ہے اور اس کے ماتحت کئی فرشتے ہوتے ہیں جن کا شمار سوائے خدائے علیم کے کوئی نہیں جانتا، ہمیشہ روشنائی سے کام ہوتا ہے واقفیت تعلق پیدا کرتی ہے۔ کاروبار جہاں چلانے کے لئے سہارا تلاش کرنا پڑتا ہے اس طرح ہم نے ایک عمل شروع کیا ہے لیکن اس کے متعلقہ ملائکہ سے کوئی تعلق اور تعارف ہمارا نہیں ہے تو اس عمل کے ماتحت فرشتے کوئی توجہ نہیں کرے گا اور نہ ہی عمل میں تاثیر ہوگی، یہی وجہ ہے کہ لوگ عمل پڑھتے ہیں

اور کوئی اثر نہیں ہوتا اور صاحب عمل کہتا ہے کہ ہماری زبان میں تاثیر نہیں ہے یا ہم گنہگار ہیں عمل جھوٹ ہے اور اس میں کچھ نہیں، بیکار ہے، اس طرح کئی باتیں کہتے ہیں لیکن یاد رہے عمل کا ان چیزوں سے کوئی تعلق نہیں ہے میرا تجربہ ہے کہ بعض غیر محتاط اور شریعت سے بے تعلق لوگوں کا عمل بھی کامیاب ہو جاتا ہے۔ کفار کے عمل تو مشہور ہیں جن کو سحر یا جادو کہا جاتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ خدائے قادر نے اس قسم کے معاملات میں کافر اور مسلمان نیک اور بد کی تفریق نہیں رکھی، جس چیز میں خدائے قدوس نے کوئی اثر رکھا ہے وہ اثر اپنی جگہ قائم رہتا ہے مخصوص نہیں ہے، زہر سب دنیا کے لئے زہر ہے چاہے نیک ہو یا بد، کافر ہو یا مسلمان اور تریاق ہے تو سب کے لئے ہے تریاق ہوگی، شہد ہے تو تمام کے لئے شہد ہوگی۔ تلخ شے تمام دنیا کے لئے تلخ ہوگی جو اثر قدرت نے جس پر رکھ دیا ہے وہ سب کے لئے یکساں ہے اس طرح عمل بھی کسی کی جاگیر نہیں ہے جو کرے گا وہ فائدہ پائے گا۔ سب کے لئے یکساں ہے۔ ضرورت صرف ترکیب قواعد اور قانون کی ہے یاد رکھیں، بغیر ترکیب قانون کے عمل کبھی اپنا اثر نہیں کرتا، صحیح تدبیر تقدیر بن جاتی ہے (صرف طلسم میں زکواۃ کی ضرورت نہیں ہوتی) اب ہم نے کسی عمل کی زکواۃ ادا کی، زکواۃ کا ادنیٰ مرتبہ سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا چاہیے بعض عملیات میں کم تعداد بھی ہوتی ہے، لیکن

زکواۃ مکمل بہت زیادہ ہے، جس کا ذکر میں آگے کروں گا غرضیکہ ہم نے زکواۃ ادا کی یعنی ایک عمل کو بہت سا مرتبہ پڑھا۔ اس کی کثرت سے اس عمل کے متعلقہ ملائکہ ہم سے روشناس ہو گئے اور عامل اور ملائکہ کے درمیان ایک رشتہ ربط اور سلسلہ اتحاد قائم ہو گیا اب ملائکہ ہماری ہر امداد کرنے کے لئے تیار رہیں گے۔

زکواۃ کے یہ معنی ہیں

اہل فن نے پرہیز کی شرط نافذ کی ہے۔ پرہیز جلالی، گوشت، مچھلی، انڈا، لہسن، پیاز، ہینگ، شہد، شکر، پان، مسور کی دال، سرکہ، مولی، چھوہارہ، عنبر، روغن زرد، الغرض بدبودار، یا مکروہ اشیاء اور وہ چیزیں جو جزو روحی یا نوشیدنی حیوانات سے حاصل ہوتی ہے، ہیں ان کا استعمال درست نہیں ہے، حجامت، ناخن کٹوانا منع ہے، جس چیز پر مکھیاں ہوں، اس سے دور رہیں جن درختوں سے دودھ نکلا کرتا ہے، ان کا پھل پھول اور شاخ و پتہ توڑنا منع ہے۔ گدھا، گھوڑا یا دیگر حیوانات کی سواری منع ہے، پرہیزگار ہو، احکام دین کا پابند ہو اور حرام افعال سے مبرا ہو، پاکیزگی کا خاص خیال رکھنا چاہیئے عامل کا لباس و جسم ہمیشہ پاک صاف ہونا چاہیے اور اسے ہر وقت باوضو رہنا چاہیے اور اگر ہو سکے تو ہر روز روزہ رکھے تو بہتر ہے ورنہ ہر روز جمعہ روزہ دار ہونا ضروری ہے۔

پرہیز جمالی : پرہیز جمالی میں گوشت مچھلی، انڈا، مسکہ وغیرہ ہینگ، لہسن، پیاز اور دیگر بدبودار اشیاء استعمال کرنا منع ہے۔ جسم و لباس کی نجاست و پلیدی سے مبرّا رہنا چاہیے۔ شیریں چیزیں و دہی اور دودھ وغیرہ کھانا درست نہیں ہے البتہ تیل تل اور تیل سرسوں اور میوہ جات کا حسب ضرورت استعمال کرنا منع نہیں ہے، لونگ و مسور کی دال، چاول کھانا، حجامت بنانا، ناخن کٹوانا اور سلا ہوا کپڑا پہننا نیز سواری حیوانات کرنا جائز ہے

مسلئہ اجازت کا : اس میں مبالغہ سے کام لیا جاتا ہے۔ بغیر اجازت کے عمل اثر نہیں کرتا یہ بالکل لغو، فریب، جھوٹ اور مہمل ہے، میں قبل ازیں عرض کر چکا ہوں کہ خدا کا نام اور کلام کسی کی جائیداد اور جاگیر نہیں ہے، کہ جب تک کوئی اجازت نہ دے اس میں اثر ہی نہ ہو۔ یاد رکھیں، خدا بھی مطلق ہے اور اس کا کلام اور نام بھی مطلق ہے وہ نہ کسی کا مکوم ہے نہ پابند ہے۔ اجازت کا مسلہ ان لوگوں نے اختراع کیا ہوا ہے جو لوگوں سے نفع حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اپنے آپ کو برتر و اعلیٰ تصوّر کرانا چاہتے ہیں ورنہ کسی کو کوئی حق نہیں کہ خدا کے پاک کلام کا ٹھیکدار بن کر بیٹھ جائے جب تک وہ اجازت نہ دے، کلام میں اثر ہی نہ ہو۔ اسلاف نے جو اجازت کی شرط لگائی تھی تو اس سے ان کو نہ جلب منفعت مقصود تھی اور نہ خود کو ممیز اور معزز کرنا تھا بلکہ صرف اس قدر غرض تھی کہ طالب کے دل میں شوق اور اعتقاد پیدا ہو جائے۔ جو چیز محنت اور کوشش سے حاصل ہو اس کی قدر ہوتی ہے جو مفت مل جائے اس کی قدر نہیں ہوتی، اس وجہ سے پہلے بزرگوں نے اجازت کی شرط لگائی تھی، ورنہ اجازت کوئی شے نہیں ہے۔ عامل حضرات اپنے لئے عمل کر سکتے ہیں چونکہ انہوں نے محنت کی ہے وہ اس عمل کے مالک ہیں کسی اور کو اجازت دینے سے ان کی ملکیت ختم ہو جائے گی، اس کو یاد رکھیں۔ اب میں زکواۃ کی طرف آتا ہوں۔ اس کی چند قسمیں ہیں۔ میرے علم میں صرف زکواۃ کی آٹھ قسمیں ہیں۔ بعض زکواۃ ایسی ہیں کہ جو ایک ہی مرتبہ کے لئے کام دیتی ہے اور بعض زکواۃ ایسی ہے جو ہمیشہ کے لئے کام دیتی ہے۔ نقوش اور آیت، اسماء الٰہی کی ذکاتیں ہوتی ہیں۔

زکوٰۃ نقوش

۱: قسم اول : عامل اپنے نام کے اعداد کے ابجد سے حاصل کر کے جو تعداد حاصل ہو، اتنی مرتبہ روزانہ نقش

کو پُر کرے۔ نقش کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، صرف ایک وقت کے لئے کافی ہوگی۔

۲۔ قسم نمبر ۲ : نقش کو میزان کے اعداد کے مطابق پُر کرنا۔ یہ زکوٰۃ صرف ایک معین عرصہ کے لئے کافی ہوتی ہے

۳۔ قسم نمبر ۳ : نقش کو میزان کی تعداد کے مطابق میزان کی تعداد کے برابر دنوں تک پُر کرنا یہ زکوٰۃ ہمیشہ کے لئے کافی ہیں۔

نقوشِ

نقوش کے اقسام بھی ہوتے ہیں، اس کو بھی ہمیشہ مدنظر رکھیں۔

۱۔ آتشی چال شرقی (آگ) ۲۔ بادی چال غربی (ہوا میں) ۳۔ آبی چال شمالی (پانی میں) ۴۔ خاکی چال جنوبی (دفن کریں)

نقوش کے دس اقسام ہوتے ہیں

۱۔ مثلث ۲۔ مربع ۳۔ مخمس ۴۔ مسدس ۵۔ ہفت در ہفت (مسبع) ۶۔ ہشت در ہشت (مثمن)

۷۔ نہ در نہ (متسع) ۸۔ دہ در دہ (معشر)

پُر کرنے کا طریقہ : نقش کے پُر کرنے کا طریقہ کار نہ ہو تو مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

قانونِ عملیہ : قرآن شریف کی آیت ہو یا خداوند کریم کا مقدس نام ہو اس ترتیب سے عمل کرنا ہوگا۔

عام طور پر نقش کے ساتھ اس کے ہدایات اور اوقات وقت لکھنے کا دیا ہوتا ہے، اگر نہ دیا ہوا ہو تو!

زکوٰۃ کا قانون : خدا کے نام میں سے ایک مثال پیش کرتا ہوں۔

الرزاق : معنی ہیں رزق دینے والا، اس کے اعداد ہیں۔ ۳۰۸

الرزاق ۳۰۸ روزانہ لکھیں گے، چالیس دن تک زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

عنصری کیفیت معلوم کرنا۔

۴) ۳۰۸ (۷۷ چار پر تقسیم کرنے سے

۲۸
۲۸
۲۸
۰ خاکی

اگر باقی ایک بچے تو نقش آتشی ہوگا، اگر باقی دو بچے تو بادی نقش ہوگا، اگر تین باقی بچے تو آبی نقش ہوگا، اگر کچھ نہ بچے، جیسے مذکورہ بالا مثال سے عیاں ہے تو نقش خاکی ہوگا۔

ستارہ معلوم کرنا: اعداد کو سات پر تقسیم کرنے سے ایک بچے تو قمر ستارہ ہوگا اور دو باقی بچیں تو عطارد، اگر تین باقی بچیں تو زہرہ، اگر چار باقی بچیں تو شمس، اگر پانچ باقی بچیں تو مریخ، اگر چھ باقی بچیں تو مشتری، اگر سات باقی بچیں تو زحل ستارہ ہوگا۔ یا کچھ نہ بچے تو بھی ستارہ زحل ہوگا۔

اب الرزاق کے اعداد

۷) ۳۰۸ (۴۴
۲۸
۲۸
۲۸
x

لہٰذا ستارہ زحل ہوا۔

طالع سے نسبت: ہر نقش کا طالع ہوتا ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ اعداد کو بارہ پر تقسیم کیا جاتا ہے، اگر ایک بچے تو برج حمل، اگر دو باقی بچے تو برج ثور، اگر تین باقی بچے تو برج جوزا، اگر چار باقی بچیں تو برج سرطان اگر پانچ باقی بچیں تو برج اسد، اگر چھ باقی بچیں تو برج سنبلہ، اگر سات باقی بچیں تو برج میزان، اگر آٹھ باقی بچیں تو برج عقرب، اگر باقی نو بچیں تو برج قوس، اگر باقی دس بچیں تو برج جدی، اگر گیارہ باقی بچیں تو برج دلو، اگر صفر باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

اب

۱۲) ۳۰۸ (۲۵
۲۴
۶۸
۶۰
۸ باقی

تو اس نقش کا طالع عقرب ہے۔

جتنے اقسام ہیں نقوش کے، کوئی نہ کوئی کسی ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔

مثلث —— ستارہ قمر سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات .... چاندی۔
مربع —— عطارد سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات .... ایلومنم

خمس ـــــ زہرہ ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات .... تانبا۔
مسدس ـــــ شمس ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات .... سونا۔
مسبع ـــــ مریخ ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات .... لوہا۔
مثمن ـــــ مشتری ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات ... ٹن۔
متسع ـــــ زحل ستارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ دھات .... سکہ۔

مذکورہ بالا خدا کے نام کا نقش مربع بنانا ہے اس کے عطارد ستارہ ہوگا۔
نقش نباتاتی، نقش حیوانی اور نقش معدنی معلوم کرنے کے لئے،
اعداد کو ۳ تین پر تقسیم کرنے کیلئے اگر ایک باقی بچے

۳) ۳۰۸ (۱۰۲
۳
۸
۶
۲ باقی

تو معدنی اشیاء پر لکھا جائے گا۔ دھات وغیرہ پر لکھا جائے گا۔ ستاروں کی نسبت کے ساتھ دھاتوں کا خیال رکھیں۔ اگر باقی دو بچیں تو نقش نباتاتی ہوگا۔ اگر صفر باقی بچے تو نقش حیوانی ہے۔ کھال، ہڈی وغیرہ۔

اوپر کی مثال کا نتیجہ اخذ کرتا ہوں

الرزاق کا عمل۔

تشریح وتفصیل	اعداد	مدت	مقصد	عنصر	چال	استعمال	طالع	ستارہ	ساعت	نقش	بخور	خاصیت
استخراج	۳۰۸	۴۰	رزق	خاکی	خاکی	خاک دفن کیا جائے	عقرب	زحل	زحل	مربع	عود دال بہایا جائے	حیوانی

الرزاق کو ۳۰۸ دفعہ روزانہ چالیس دن مقصد رزق کے لئے خاک پر بیٹھ کر خاکی چال سے نقش مربع طالع عقرب اور ستارہ زحل بخور عدد، سیاہ دانہ کی کھال پر یا ہڈی پر عمل کرنا ہے۔ اس طرح آپ نے جو عمل کرنا ہے اس قانون اور قاعدہ سے عمل کریں۔ انشاء اللہ کام مکمل ہوگا۔ زیادہ وضاحت سے پیش کرتا ہوں، آگے ملاحظہ فرمادیں۔

نقوش کا تعلق سیّارگان سے

آج میں آپکو اپنا سینہ چیر کر علم نقوش کے راز پیش کر رہا ہوں یہ اسرار خدا وندی آپکو کسی کتاب سے دستیاب نہ ہوں گے۔ فقیر آپ کو مفت اور بالکل مفت پیش کر رہا ہے۔ اس سے زیادہ تحقیقات کرنی ہو چونکہ یہ بہت عظیم علم ہے۔ اور اسکے مخصوص قوانین اور قاعدے ہیں جو اصحاب اس علم سے دلچسپی رکھتے ہیں انہیں چاہیئے کہ رحیم العملیات حصہ سوئم کا ضرور مطالعہ کریں۔

لیجئے توجہ کیجئے یہ تو آپکو معلوم ہے علم نجوم کے بغیر یہ علم بیکار ہے۔ اسلئے صاحب علم کو علم نجوم کی دسترس ہونی لازمی ہے۔ اسلئے بندہ ماہنامہ آثار النجوم میں ہر ماہ اسرار نجوم کے نام سے پیش کر رہا ہے جو نقوش کے لئے ضروری ہوتی ہیں۔ نقوش کے بہت سی اقسام ہیں ان میں پہلا نمبر

مثلث :- یہ نقش قمر سے تعلق رکھتا ہے۔ ۳×۳ = ۹ خانے ہوتے ہیں۔ اس کا میزان ۱۵ و کل اعداد ۴۵ ہوتی ہے یہ عامل حضرات یہ چاندی کی لوح پر کندہ کرتے ہیں۔ روز اسکے لئے سوموار اور ساعت اس کے لئے قمر کی منسوب ہے۔ اس کے خواص تو کافی ہیں لیکن طوالت کے خوف سے مختصر تحریر کرتا ہوں۔ گھریلو معاملات کی بہتری۔ ازدواجی زندگی کو خوشگوار کرنے۔ زرعی مفاد کو بہتر بنانے کے لئے۔ عمل کرتے ہیں۔

مربع :- عطارد سے نسبت رکھتا ہے۔ ۴×۴ = ۱۶ خانے ہوتے ہیں۔ ایک طرف کے اعداد ۳۴ اور کل اعداد ۱۳ ہوتے ہیں۔ بدھ کے دن سے تعلق رکھتا ہے۔ ساعت عطارد اور اس کے لئے موزوں ہے۔ عامل حضرات پلاٹینم یا ایلومنیم پر کندہ کرتے ہیں۔ اس کے خواص تو آپ کو رحیم العملیات حصہ سوئم میں مکمل اور مفصل ملیں گے۔ لیکن یہاں معمولی پیش کرتا ہوں۔ علمی قوتوں کے حصول۔ مرتبہ اور عمدہ سیکریٹری وغیرہ سفری سہولتوں کے لئے کام دیتا ہے۔ لہذا عامل حضرات ٹرانسپورٹ کی فروخت اور سفری ایجنٹوں اور علم کی زیادہ امتحانات کی کامیابی کے لئے عمل کرتے ہیں۔

مخمس :- یہ زہرہ سے تعلق رکھتی ہے۔ ۵×۵ = ۲۵ خانے۔ ایک طرف کے اعداد ۶۵۔ کل اعداد ۳۲۵ جمعہ کے دن اور ساعت زہرہ اس کے لئے موزوں ہے۔ اسکی دھات تانبا ہے۔ یہ مہر و محبت کے حصول شادی۔ شراکت۔ سوشل اور پبلک امور اور مالی معاملات کے لئے نقوش لکھے جاتے ہیں۔

مسدس :- یہ شمس سے تعلق رکھتا ہے ۶×۶ = ۳۶ خانہ ایک طرف خانوں کی تعداد ۱۱۱ کل خانوں کی تعداد ۶۶۶ ہے۔ یہ اتوار کے دن اور ساعت شمس سے تعلق رکھتی ہے۔ اس کے لئے سونے کی

لوح موزوں ہوتی ہے۔ یا سنہرے کاغذ پر لکھتے ہیں اس کا عجیب نقش، علامت، سنہری کے حصول کے لئے کام دیتا ہے۔ لیڈرشپ کے تقاضے جاتا ہے۔ اس لئے وہ لوگ یا حکام جن کے ماتحتوں میں عزت اور وقار نہ ہو لاٹری اور انعام کی خواہش ہو۔ سٹوراٹ کی محبت، سبدل کرانی ہو ان کو چاہیئے۔

مخمس :- یہ مریخ سے تعلق رکھتا ہے۔ ۵×۵=۲۵ خانے ہوتے ہیں۔ ایک طرف کے خانوں کے اعداد ۶۵ اور کل اعداد ۳۲۵ ہوتے ہیں۔ منگل کا دن اور ساعت مریخ اس کے لئے موزوں ہوتی ہے۔ اسکی دھات لوہا ہے۔ اسے ہمت دلیری اور جوانی قوت کے لئے تیار کرتے ہیں۔ میڈیسن اور سرجری کے کام کرنے والوں کے لئے خوش بختی لاتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔

مُسدّس :- یہ مشتری سے تعلق رکھتا ہے۔ ۶×۶=۳۶ خانے ہوتے ہیں۔ ایک طرف خانوں کی تعداد ۱۱۱ ہوتے ہیں اور کل تعداد ۶۶۶ ہوتے ہیں۔ اسلئے جمعرات کا دن ساعت مشتری موزوں اور مناسب ہے۔ اس کی دھات ٹن ہے اسے حصول خوش قسمتی اور مال کی فراوانی کے لئے بنائی جاتی ہیں۔ تحفظ کا کام بھی دیتا ہے۔ کمرشل کام کرنے والو قانونی معاملات مذہبی امور ملکی سفر کرنے والوں کو خوش بختی دیتا ہے۔

متسع :- یہ زحل سے تعلق رکھتا ہے۔ ۹×۹=۸۱ خانے ہوتے ہیں۔ ایک طرف خانوں کی تعداد ۳۶۹ اور کل خانوں کے اعداد ۳۳۲۱ ہوتے ہیں۔ اس کے لئے موزوں دن سنیچر اور ساعت زحل کی ہے۔ اسکی دھات سکہ ہے۔ یہ ان لوگوں کو مفید ہے جن کے ذمہ اہم اور طویل کام ہوں۔ ذمہ داریوں ہوں۔ خواہ وہ سیاسی ہوں یا اشتراکی معروفیات کی یا اعلیٰ کاروبار کی سلسلہ کی ہو۔

ضروری عرض :- اس کے علاوہ اور بھی بہت اقسام ہیں جو آپکو "رحیم العملیات" حصہ سوئم میں ملیں گے۔ اس میں عملیات کا خزانہ پُراسرار رازوں کا گنجینہ ہے۔ یہ عمل چلتا ہوا سحر اور کبھی خطا نہ ہونے والا جادو ہے۔ مفصل راز تو اصل کتاب کے دیکھنے سے عیاں ہوں گے۔ ان نقوش کے اندر موافق اسماء باری تعالیٰ یا آیاتِ قرانی پُر کی جاتی ہیں۔ اور ہر مقصد کے مطابق نقش کی رفتار اختیار کی جاتی ہے جو اثر کرتی ہے۔

اب میں ادعیہ و اعمال کی زکوٰتیں پیش کرتا ہوں

۱: جو دعا یا عمل پڑھنا ہو اس کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں اور جو اعداد حاصل ہوں اتنے اتنے ہی دنوں تک اتنی مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ یہ زکوٰۃ اصغر ہے۔

۲: جو عمل پڑھنا چاہیں، اس کے حروف شمار کرو جس قدر تعداد میں حروف ہوں، اتنے ہی ہزار مرتبہ روزانہ پڑھو۔ یہ زکوٰۃ ہمیشہ کے واسطے عامل بناتی ہے اور انسان اس عمل کا سیف زبان ہوجاتا ہے۔ صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے اثر ظاہر ہوتا ہے۔

۳: عمل کے اعداد کو حروف عمل میں ضرب دو جو اعداد حاصل ضرب ہوں اتنے دنوں تک اس اس عمل کو اتنی بار روزانہ پڑھو، یہ زکوٰۃ کبیرٰ ہے۔

مثال سے وضاحت کرتا ہوں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥

ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م ٥

حروف کی تعداد = ۱۹ ہے۔ ان کے اعداد ۷۸۶ ہیں۔

۱۹ × ۷۸۶ = ۱۴۹۳۴

پس روزانہ اسی تعداد میں بسم اللہ شریف کو پڑھے گا۔ بسم اللہ شریف کا عامل ہوجائے گا۔ بڑی اعلیٰ اور ارفع زکوٰۃ ہے۔

۴: اس زکوٰۃ کا قاعدہ یہ ہے کہ عمل کے حروف اور میزان کبیرٰ کو آپس میں ضرب دو جو میزان حاصل ہو اس تعداد کے مطابق عمل پڑھو۔ مثال سے واضح کرتا ہوں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم حروف ۱۹ ہیں اور مذکورہ بالا میزان زکوٰۃ کبیرٰ کی ۱۴۹۳۴ ہے جب آپس میں ضرب دیا ۱۹ × ۱۴۹۳۴ = ۲۸۳۷۴۶ ہوا۔ جو شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم کو اس تعداد کے مطابق روزانہ پڑھے گا وہ زکوٰۃ اکبر ادا کرے گا۔ اس زکوٰۃ اکبر کے ادا کرنے کے بعد بسم اللہ شریف کے ملائکہ اس شخص کے سامنے آجائیں گے اور عامل سے ملاقات کریں گے اور ہر کام میں مدد کریں گے، اس کا نام زکوٰۃ اکبر ہے۔

۵: اس کا قانون یہ ہے کہ عدد شمار حرف اور میزان اکبر کو آپس میں ضرب دے کر جو اعداد حاصل ہوں اس تعداد میں پڑھیں۔
مذکورہ مثال کی روشنی میں عمل پیش کرتا ہوں۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حروف ۱۹ اور میزان زکواۃ اکبر کی تعداد
۲۸۳۷۴۶ × ۱۹ میزان = ۵۳۹۱۱۷۴
جو شخص یہ زکواۃ ادا کر لے تو اس عمل کے تعلق رکھنے والے فرشتے خادم بن جاتے ہیں۔ اور ہر وقت حکم کی تعمیل کے لئے حاضر رہتے ہیں۔ اس زکواۃ کا نام کبائر ہے۔

۶: یہ آخری زکواۃ ہے اس کے آگے کوئی زکواۃ نہیں ہے جو شخص یہ زکواۃ ادا کر لے گا وہ شخص خداوند کریم کا جلوہ اپنی آنکھوں سے دیکھے گا۔
مذکورہ بالا مثال کی روشنی میں حل کرتا ہوں۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ کے حروف کی اعداد = ۱۹
تعداد اکبر = ۵۳۹۱۱۷۴ × ۱۹ کل میزان = ۱۰۲۴۳۲۳۰۶
جو کوئی شخص یہ زکواۃ نکال لے، وہ عمل کا بادشاہ ہو جاتا ہے۔ نظر کیمیا اور زبان سیف الرحمٰن بن جاتی ہے۔ بقول اقبال ؎

نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اب تو دنیا آرام پسند ہے، محنت کوشش سے دور، پکی پکائی منہ میں ڈالنے والا عامل میں کیا طاقت اور قوت پیدا ہو۔ مجھے اُمید قوی ہے اب لاکھوں میں سے ایک بھی نہیں جو اس قسم کی ریاضتیں محنتیں اور مشقتیں برداشت کرے۔ اعتراض کرنے والے اور عمل میں بے اثری کا رونا رونے والا، ڈھکوسلے کہنے والے ہزاروں ہیں لیکن قواعد کا جاننے والا اور محنت کرنے والا لاکھوں میں سے ایک بھی نہیں ملے گا۔ الم نشرح اور دعویٰ سے کہتا ہوں، اگر آپ کو عملیات کا تماشا دیکھنا منظور ہے تو خدا کے سینکڑوں ناموں میں سے کسی ایک اسم کی زکواۃ اکبر نکال کر ادا کر کے دیکھو، تم خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لوگے، عمل کیا شے ہے۔ اور

خدا کے پاک نام اور مقدس کلام میں کس قدر تاثیر ہے اور قرآن پاک کا یہ دعویٰ کس قدر صحیح ہے۔
(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ الحشر۔ آیت نمبر ۲۰)

لَوْ أَنزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ۔

یعنی اگر ہم اس قرآن کو پہاڑ پر نازل کرتے تو وہ بھی خدا کے خوف سے ریزہ ریزہ ہو جاتا۔ محنت کرنے والے آج کہاں پیدا ہوتے ہیں۔ اب متاخرین نے دنیا والوں کی نزاکت اور رنگ کو دیکھئے!

نصاب کا طریق جاری کیا ہے

اس کی بھی تین قسمیں ہیں۔ علمائے کاملین نے بیان فرمایا ہے پیش کرتا ہوں

عام قانون:۔ کسی آیت یا نقش کی زکواۃ سوا لاکھ کی تعداد چالیس دن میں پوری کریں۔ عام قانون ہے۔ تاثیر عمل پیدا ہو جاتی ہے۔

قانون نمبر ۱:۔ نقشہ پیش کرتا ہوں اس پر عمل کریں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
نام	اعداد	نصاب	زکواۃ	عشر	قفل	دور مدور	بذل	ختم	
قدوس	۴۰۰۰	۱۶۰۰۰	۸۰۰۰	۴۰۰۰	۲۰۰۰	۱۴۰۰۰	۷۰۰۰	۱۲۰۰	

۱:۔ جس آیت یا اسم کی زکواۃ آپ نے دینی ہے ان کے حرف بنالیں۔
جیسے قدوس۔ ق د و س = چار حرف ہیں اس لئے ہر حرف ہزار تصور کیا جائے گا، یعنی اعداد کو اعداد سے ضرب دی۔ ۴۰۰۰ × ۴۰۰۰ = ۱۶۰۰۰۔ نصاب نصف کیا ۲ / ۱۶۰۰۰ / ۸۰۰۰
زکواۃ کا نصف کیا ۲ / ۸۰۰۰ / ۴۰۰۰
عشر کا نصف کیا۔ قفل بنایا ۲ / ۴۰۰۰ / ۲۰۰۰

نصاب کا دوسرا نام دور مدور ہے۔

ہمیشہ اسی قانون کے مطابق عمل کیا جاتا ہے۔

زکوٰۃ کے دوسرے قانون کی تشریح کی جاتی ہے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
رحیم	صغیر	وسیط	کبیر	نصاب	حظ	کفو	ختم
حرف ۴	۴	۴۰	۴۰۰۰	۴۰۰۰۰	۲۵۷	۵۱۵	۱۳۲۸۷۰

۱؛ اسم کے جس قدر حروف ہوں انکو صغیر اعداد کہتے ہیں۔

مثلاً رحیم = ر ح ی م =

۲؛ صغیر کو دس سے ضرب دیا ۴×۱۰ = ۴۰ وسیط ہوا۔

۳؛ صغیر کو سو سے ضرب دیا ۴×۱۰۰ = ۴۰۰ کبیر ہوا۔

۴؛ جب صغیر کو ہزار سے ضرب دیا ۴×۱۰۰۰ = ۴۰۰۰ نصاب ہوا۔

۵؛ ر = ۲۰۰

ح = ۸

ی = ۱۰

م = ۴۰ کل اعداد = ۲۵۸-۱ = ۲۵۷ حظ ہوا۔

۲۵۸

۶؛ جب حظ کو اصل میں جمع کیا ۲۵۷+۲۵۸ = ۵۱۵ کفو پیدا ہوا۔

۷؛ جب کفو کو اصل نام کے اعداد سے ضرب دیا ۵۱۵×۲۵۸ = ۱۳۲۸۷۰

زکوٰۃ کے تیسرے قانون کی تشریح اور حل

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
اسم	علی	کبیر	اکبر	کبائر	اکبر کبائر	اصغر	صغائر	اصغر صغائر
اعداد	۱۱۰	۳۳۰	۹۹۰	۲۹۷۰	۸۹۱۰	۵۵	۲۸	۱۴

۱؛ اسم کے اعداد نکالیں۔ علی کے کبائر = ۱۱۰۰

۴۲ حرف علی کے ع ل ی ۱۱۰ ، ۱۱۰×۳ = ۳۳۰ کبیر پیدا ہوا۔

۴۳ کبیر کو تین سے ضرب دی تو اکبر ہوا۔ ۳۳۰×۳ = ۹۹۰ اکبر بن گیا۔

۴۴ ۹۹۰×۳ = ۲۹۷۰ کبائر ہوا، اور پھر

۴۵ ۲۹۷۰×۳ = ۸۹۱۰ اکبر کبائر ہوا۔

۴۶ اسم کے اعداد کو نصف کیا۔ علی کے اعداد ۲) ۱۱۰ (۵۵

۴۷ اصغر کو نصف کیا ۲) ۵۵ (۲۸

۴۸ صغائر کو نصف کیا ۲) ۲۸ (۱۴

نوٹ: اگر کسی عدد کا نصف نہ ہو سکے، کم یا زیادہ رہے، نصف کم تر ناقص اور نصف زائد کامل کہلاتا ہے اس لئے علماء نصف ناقص کو ترک کر دیتے ہیں اور نصف زائد کو اختیار کر لیتے ہیں۔

ہر زبان میں حرف ہوتے ہیں۔ حروف سے زبان بنتی ہے۔ قریب قریب تمام زبانوں کے حروف آپس میں کافی حد تک ملتے ہیں۔ عملیات کے شوق رکھنے والے حضرات کو چاہیے، بلکہ لازم ہے کہ سب سے پہلے حروف تہجی منازل قمر معہ موکل کی زکواۃ ضرور دینی چاہیے اس لئے میں حروف کی زکواۃ معہ موکلات پیش کر رہا ہوں، لیکن نوٹ کر لیں حروف تہجی کی زکواۃ کے دو قانون ہیں:-

نمبر ۱۔ زکواۃ اکبر کا قاعدہ یہ ہے، ایک حرف کو ۲۸ دنوں تک معہ موکل منزل چاند کی روشنی میں تعدادی چار ہزار چار سو چوالیس ۴۴۴۴ مرتبہ ہر روز پڑھیں یہ زکواۃ ادا ہو جائے گی۔

نمبر ۲۔ زکواۃ اصغر ہر حرف با موکل چاند کی منزل کی روشنی میں ساعت ستارہ کے وقت ۴۴۴۴ چار ہزار چار سو چوالیس دفعہ پڑھیں ہر روز اس طرح عمل کریں ۲۸ حروف کی زکواۃ ۲۸ دن تک مکمل ہو جائے گی اس طرح آپ حروف تہجی کے عامل بن جائیں گے۔ تمام رجعت سے محفوظ ہو جائیں گے۔

نمبر	نام حرف	اعداد	نام موکل	منازل قمر	نام ستارہ	عنصر	سمت	عمل
۱	ا	۱	اسرائیل	شرطین	زحل	آتشی	مشرق	اُجب یا اسرائیل بحق یا الف
۲	ب پ	۲	جبرائیل	بطین	مشتری	خاکی	جنوبی	اُجب یا جبرائیل بحق یا با
۳	ت ٹ	۴۰۰	عزرائیل	ذابح	عطارد	خاکی	جنوبی	اُجب یا عزرائیل بحق تا
۴	ث	۵۰۰	میکائیل	بلعہ	عطارد	بادی	غربی	اُجب یا میکائیل بحق یا ثا
۵	ج	۳	کلکائیل	ثریا	مریخ	آتشی	شرقی	اُجب یا کلکائیل بحق یا جیم
۶	ح	۸	تنکفیل	نثرہ	مشتری	بادی	غزلی	اُجب یا تنکفیل بحق حا
۷	خ	۶۰۰	مہکائیل	سعود	عطارد	خاکی	جنوبی	اُجب یا مہکائیل بحق یا خا
۸	د	۴	دردائیل	دبران	زحل	آبی	شمالی	اُجب یا دردائیل بحق یا دال
۹	ذ	۷۰۰	اہرائیل	اخبیہ	زحل	آتشی	شرقی	اُجب یا اہرائیل بحق یا ذال
۱۰	ر	۲۰۰	اموائیل	نعائم	زہرہ	آبی	شمالی	اُجب یا اموائیل بحق یا را
۱۱	ز	۷	تنزفائیل	ذراعہ	مشتری	بادی	غربی	اُجب یا تنزفائیل بحق یا زا
۱۲	س	۶۰	ہموائیل	غفرہ	شمس	آتشی	مشرقی	اُجب یا ہموائیل بحق یا سین
۱۳	ش	۳۰۰	ہمرائیل	بلدہ	عطارد	آتشی	مشرقی	اُجب یا ہمرائیل بحق یا شین
۱۴	ص	۹۰	اہجمائیل	قلب	زہرہ	خاکی	جنوبی	اُجب یا اہجمائیل بحق یا صاد
۱۵	ض	۸۰۰	عطکائیل	مقدم	قمر	خاکی	جنوبی	اُجب یا عطکائیل بحق یا ضاد
۱۶	ط	۹	اسمائیل	طرفہ	مریخ	آتشی	مشرقی	اُجب یا اسمائیل بحق یا طا
۱۷	ظ	۹۰۰	لورائیل	مؤخر	قمر	بادی	مغربی	اُجب یا لورائیل بحق یا ظا
۱۸	ع	۷۰	لومائیل	زبانا	شمس	آتشی	مشرقی	اُجب یا لومائیل بحق یا عین
۱۹	غ	۱۰۰۰	لوخائیل	رشا	قمر	خاکی	جنوبی	اُجب یا لوخائیل بحق یا غین
۲۰	ف	۸۰	سرحمائیل	اکلیل	زہرہ	آبی	شمالی	اُجب یا سرحمائیل بحق یا فا
۲۱	ق	۱۰۰	عطرائیل	شولہ	زہرہ	آبی	شمالی	اُجب یا عطرائیل بحق یا قاف
۲۲	ک	۲۰	حروزدائیل	زبرہ	مریخ	آتشی	مشرقی	اُجب یا حروزدائیل بحق یا کاف
۲۳	ل	۳۰	طاطائیل	صرفہ	مریخ	آتشی	مشرقی	اُجب یا طاطائیل بحق یا لام
۲۴	م	۴۰	رومائیل	عوا	شمس	آتشی	مشرقی	اُجب یا رومائیل بحق یا میم
۲۵	ن	۵۰	حولائیل	سماک	شمس	آتشی	مشرقی	اُجب یا حولائیل بحق یا نون
۲۶	و	۶	رفتمائیل	ہنعہ	مشتری	بادی	غربی	اُجب یا رفتمائیل بحق یا واؤ
۲۷	ھ	۵	دردائیل	ہنعہ	مشتری	بادی	غربی	اُجب یا دردائیل بحق یا ھا
۲۸	ء	۱	اسرافیل	شرطین	زحل	آتشی	مشرقی	اُجب یا اسرافیل بحق یا ہمزہ
۲۹	ی	۱۰	سرکیطائیل	جبہہ	مریخ	آتشی	مشرقی	اُجب یا سرکیطائیل بحق یا یا

نوٹ: بخور ستارہ کے مطابق یا موافق جلایا جاتا ہے

موکل بنانا

8

قانون موکل

اعوان جن بنانے کا طریقہ

تاثیر الآثار میں موکل بنانے کے بیس قانون درج ہیں۔ میں صرف دو کا ذکر کروں گا اور کی تشریح کسی اور کتاب میں لکھوں گا۔

موکل کی دو قسمیں ہیں۔ موکل طرحی اور دوسرا موکل حرفی کی اسم میں اکتالیس عدد لفظ ایل کم کرکے جو موکل بنائیں گے۔ اس کا نام موکل طرحی ہے اور کسی اسم کے اعداد میں اکتالیس عدد کم نہ کریں، اسی طرح موکل بنا ڈالیں تو اس کا نام مقلوب ہوگا۔ لہذا موکل بنانے کا قانون پیش کرتا ہوں۔

حروف اور موکل

اس میں پہلا قاعدہ اعداد سے حروف بنانے کا ہے یعنی اعداد کے مراتب کی بنا پر حروف حاصل کئے جائیں اور اس کا قاعدہ یہ ہے کہ مثال کے طور پر ایک عدد ۴۴۴ ہے۔ اس کے حروف بنائے جائیں تو وہ یہ ہوں گے۔

سینکڑہ	دہائی	اکائی
۴	۴	۴
ت	م	د

جس سے د م ت تین حروف بنائے گئے، اسی طرح ایک ۴۲۲۴ ہے۔

	اکائی	دہائی	سینکڑہ	ہزار
اعداد	۴	۲	۲	۴
حروف	د	ک	ما	غ غ غ غ

نوٹ کرلیں، بعض اوقات موکل بنانے کے لیئے ہزاروں کے اعداد آجاتے ہیں۔ مذکورہ بالا مثال میں پیش کی ہے۔ اس عمل کو آسان بنانے کے لیئے علمائے فن نے یہ ترکیب وضع کر رکھی ہے کہ جتنے ہزار کے اعداد ہوں اسی تعداد میں غ لے لیئے مثلاً اگر ۹ ہزار ہوں تو ۹ غ لکھ لئے۔ چار ہزار ہوں تو چار غ غ غ غ لے لیئے، اس طرح جو بھی حروف بنائے جائیں، اُن کے آگے ایل لگا دیا جائے تو وہ موکل بن جائے گا

جیسا کہ ۲/ب ۷/ع ۴/ت ۳/غ غ غ کے حروف بنے

اور ان کے آگے ایل بڑھا دیا تو موکل لبتغغغائیل بن گیا لیکن ایک قاعدہ اس سے آسان پیش کرتا ہوں وہ یہ ہے کہ جتنے ہزار کے اعداد ہوں ان کو پھر اکاک پر لے جائے یعنی تین ہزار (ابجد القبغ) کی رو سے استنطاق کریں یعنی تین ہزار کے تین غین کی بجائے تین کے ج عدد ہوتے ہیں اور ہزار کے لئے غ لے لیا۔ تین ہزار ج غ چار ہزار کے لئے د غ ہوا۔ پانچ ہزار کے لئے ہ غ ہوا اس طرح عمل کریں اس حساب کی رو سے

۲/ب | ۷/ع | ۴/ت | ۳/ج غ کے حروف یہ بنیں گے۔

ب ع ت ج غ ۔ اور اس کا موکل بعتجغائیل ہوا بعض اوقات ایسا بھی ہوجاتا ہے کہ اعداد کئی کئی ہزار تک پہنچ جاتے ہیں مثلاً ۲۱ ۷ ۵۰۰ ۱، تو اتنی بڑی مقدار کے اعداد سے موکل بنانے کے لئے بہتر طریقہ یہ ہے کہ استنطاق کر لیا جائے۔ جس کی رُو سے اس ساری رقم کے اعداد کا استنطاق ۱+۲۰+۷۰+ ۱۴۰۰+۱۰۰ ہوا۔ جس کے حروف وہی بنیں گے اور اس کا موکل دیائیل ہوا۔

مؤکل طریقہ

جس اسم کا موکل بنانا ہو، اسس اسم کے اعداد میں سے اکتالیس عدد کا لفظ ایل کے لیا تفریق کر کے اعداد کا استنطاق حرفی کریں۔ حرف ئیل یا ایل کا اضافہ کریں۔ اسی اسم کا موکل بن جائے گا مثل

کے طور پر خدا کے نام و رزاق کے اعداد ۳۰۸ ہیں۔

تفریق - ۳۰۸
۴۱
۲۶۷

۲	۶	۷
ب	س	ز

زسبائیل

موکل بنا اس کا منسوب موکل ہے جو سعد اعمال میں استعمال ہو گا۔ موکل بنانے کے لئے حروف کو اُلٹا کر دیا جائے اور ر۔س۔ ز۔ موکل ر سنزائیل یہ موکل کا نام منقلوب موکل ہے جو نحس کاموں میں مدد کرے گا۔

موکل حرفی

جس اسم کا موکل بنانا منظور ہو اس کے اعداد میں ۴۱ کو تفریق نہ کریں انہی اعداد کا موکل بنالیں۔ مثال کے طور پر مجید کے اعداد ۵۷ ہیں ۵ ۷ زنئیل ہوا، اگر اُلٹا کر دیں ن ز نذئیل ہوا۔ اس طرح آپ اچھے عمل اور نحس عمل کے لئے موکل بنا سکیں گے۔

موکل سفلی بنانا

کسی اسم کے اعداد میں سے ۳۱۹ کم کرے، حروف بنا کر آگے طیش کا لفظ لگا کر موکل سفلی بن جائے گا۔ مثال کے طور پر فتاح کے اعداد ۴۸۹ ہیں۔

(-) ۴۸۹
۳۱۹
۱۷۰

حروف ع ق موکل سفلی عقطیش ہوا

اعوان

کسی قسم کے اعداد میں سے ۳۱۶ کم کر کے آگے یوش کا اضافہ کیا جائے، تو اعوان بن جائے گا۔ مثال کے طور پر فتاح کے اعداد (-) ۴۸۹ / ۳۱۶ / ۱۷۳ حروف بنے۔ ج ع ق۔ جعقیوش اعوان بنا

جن بنانا

جس اسم کی تعداد میں سے ۱۱۳۱ کم کرنے سے باقی اعداد کے حروف بنا کر ہوش کا اضافہ کریں تو اس اسم کا جن پیدا ہو جائے گا۔ مثال کے طور پر خالق کے اعداد ۷۳۱، اور اس میں

اسم کی اعداد ۷۳۱ ہے
اس میں نفی ۳۱۱

باقی اعداد ہوئے ۴۲۰

حروف بنائے ک ت

کتھوش جن ہوا۔

نوٹ :۔ عامل حضرات عزیمیت میں اسمائے۔ موکلات و اعوان و جنات کو قسم دے کر عمل تیار کرنے سے تاثیر بہت جلدی پیدا ہو جاتی ہے۔

استخراج طالع

عملیات میں طالع معلوم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے اس کا طریقہ بھی درجہ ذیل کرتا ہوں۔ طالع معلوم کرنے کے تین طریقے ہیں۔

قاعدہ نمبر ۱

جس انسان کا طالع معلوم کرنا ہو اس کے اصلی نام کے معہ والدہ ابجد قمری سے نکال کر دونوں کو یکجا جمع کریں۔ مثال کے طور پر علی بنت جنت ہے۔ بحساب ابجد قمری علیحدہ کریں اور تمام حروف کے اعداد نکال کر جمع کئے تو

ع = ۷۰
ل = ۳۰
ی = ۱۰
۱۱۰

ج ۳
ن ۵۰
ت ۴۰۰
۴۵۳

کل میزان۔ ۱۱۰
جمع کئے + ۴۵۳
۵۶۳

مجموعہ کی ۵۶۳ ÷ ۱۲

۱۲) ۵۶۳ (۴۶
۴۸
۸۳
۷۲
۱۱ باقی بچے

اگر باقی ایک بچے تو برج حمل، اگر باقی دو بچے تو برج ثور، اگر تین باقی بچے تو برج جوزا، اگر باقی چار بچے تو برج سرطان، اگر باقی پانچ بچے تو برج اسد اگر باقی چھ بچے تو برج سنبلہ، اگر باقی سات بچے تو برج میزان، اگر باقی آٹھ بچے تو برج عقرب، اگر باقی نو بچے تو برج قوس اگر باقی دس بچے تو برج جدی اگر باقی گیارہ بچے تو برج دلو اگر باقی بارہ بچے تو برج حوت ہوگا۔ یہ تھی تفصیل اور تشریح برج معلوم کرنیکی ہے

دوسرے طریقے سے برج معلوم کرنا

جس ستارہ اور جس گھنٹے میں جو شخص پیدا ہوا ہو اس کے مطابق اس کا طالع ہوگا۔ مثال کے طور پر کوئی شخص ساعت زحل میں پیدا ہوا تھا تو اس شخص کا طالع برج جدی یا دلو ہوگا اگر قمر ساعت میں پیدا ہوا ہوگا تو برج سرطان ہوگا اگر شمس کی ساعت میں پیدا ہوگا تو برج اسد ہوگا، اعلیٰ ہذا لقیاس یہی طریقہ ہے۔

ستارہ معلوم کرنے کا قانون

جس طرح آپ نے برج معلوم کرنے کے لئے سائل کے نام مع والدہ کے اعداد جمع کرکے بارہ پر تقسیم کیا تھا تو اس کا برج معلوم ہوگیا تھا۔ جس کی تفصیل مذکورہ بالا عرض کر چکا ہوں۔ اس طرح سائل کے مع والدہ کے اعداد بروئے ابجد قمری نکال کر سات پر تقسیم کریں مثال کے طور پر علی بن جنت کے اعداد قمری

۸ ۷ (۵۶۳ (۷
۵۶
۳ باقی بچے

اگر باقی ایک بچے تو ستارہ قمر ہوگا۔
اگر باقی دو بچیں تو ستارہ عطارد ہوگا۔
اگر باقی تین بچیں تو ستارہ زہرہ ہوگا۔
اگر باقی چار بچیں تو ستارہ شمس ہوگا۔
اگر باقی پانچ بچیں تو ستارہ مریخ ہوگا۔
اگر باقی چھ بچیں تو ستارہ مشتری ہوگا۔
اگر باقی سات بچیں تو ستارہ زحل ہوگا۔

نوٹ :۔ مذکورہ بالا مثال سے تین باقی بچیں ہیں اس کا ستارہ زہرہ ہے اور برج ثور ہے۔

تیسرا طریقہ

جو شخص جس نام سے مشہور ہو خاص و عام اس نام سے پکاریں تو اس کا برج معلوم کرنے کے لئے نام کا پہلے حرف سے اس کا برج معلوم کیا جاتا ہے (مگر عملیات میں پہلا طریقہ رائج ہے) اسس کا نقشہ پیش کرتا ہوں۔

ہر حرف کی تشریح

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ہ	ی
حمل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	حمل

مثال کے طور پر اکرم کا برج معلوم کرنا ہے تو اب اکرم پر غور کریں۔ اکرم ان چاروں ناموں میں پہلے حرف یعنی ا پر غور کریں تو اس کا برج حمل ہے اس طرح دوسری مثال پیش کرتا ہوں، یحییٰ کی ہے۔ ان میں پہلا حرف ی ہے اس لئے ان کا برج بھی حمل ہے۔ اس قانون پر عمل کریں۔

چوتھا قانون

جن کی پیدائش ۲۲ مارچ تا ۲۰ اپریل کی ہو تو اس کا برج حمل ستارہ مریخ ہے۔ ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی کی ہو تو اس کا برج ثور ستارہ زہرہ ہے۔ ۲۲ جون تا ۲۳ جولائی کی ہو تو اس کا برج جوزا ستارہ عطارد ہے ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست کی ہو تو اس کا برج سرطان ستارہ قمر ہے

پیدائش

۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست کی ہو تو اس کا برج اسد ستارہ شمس ہے۔ ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر کی ہو تو اس کا برج سنبلہ ستارہ عطارد ہے۔ ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر کی ہو تو اس کا برج میزان ستارہ زہرہ ہے۔ ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر کی ہے تو اس کا برج عقرب ا، ستارہ مریخ ہے۔ ۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر کی ہو تو اس کا برج قوس اور ستارہ مشتری کا ہے۔ ۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری کی ہو تو برج دلو ستارہ زحل ہے۔ ۲۰ فروری تا ۲۱ مارچ کی ہو تو اس کا برج حوت ستارہ مشتری ہے

نوٹ :۔ یہ قانون عملیات میں نہیں چلے گا میں نے آپ کی معلومات میں اضافہ کرنے کیلئے یہ عرض کیا ہے۔

عامل کو لازم ہے

جو عامل بروج کے مزاج اور ستاروں کے مزاج اور منازل کی حقیقت سے آگاہ نہ ہو عملیات کی تاثیر سے محروم رہے گا۔ یاد رکھیں۔طالع کی لاعلمی میں کوئی کسی قسم کا عمل ،نقش ،تعویز وغیرہ نہ کرے ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔ستاروں کی ساعت کو ہمیشہ مدنظر رکھیں۔

آپ ستاروں کی دوستی اور دشمنی کا خیال ضرور رکھا کریں !

نام سیارہ	رنگ	عنصر	طرف	جلالی یا جمالی	سعد یا نحس	دوست	دشمن	مساوی	بخور
شمس	طلائی، سنہری	گرم	مشرق	جلالی	سعد اکبر	مریخ، قمر، مشتری	زحل، زہرہ	عطارد	صندل سفید، سرخ
قمر	سفید، سبز، ہلکا	سرد	شمال	جمالی	سعد اکبر	شمس، عطارد	کوئی نہیں	مریخ، مشتری، زحل، زہرہ	کافور، لوبان، عود
مریخ	سرخ	گرم	مغرب	جلالی	نحس اصغر	شمس، قمر، مشتری	عطارد	زحل، زہرہ	گندھک، لوبان، عود
عطارد	فیروزی، سیاہی مائل	سرد	مغرب	ذوجیدین	ہر دو طبع	شمس، زہرہ	قمر	مریخ، مشتری، زحل	عود، عنبر، لوبان، [illegible]
مشتری	سبز	گرم	مشرق	جلالی	سعد اکبر	شمس، قمر، مریخ	عطارد، زہرہ	زحل	مشک، [illegible] لوبان [illegible]
زہرہ	نیلا، سبز	سرد	مغرب	جمالی	سعد اکبر	عطارد، زحل	شمس، قمر	مریخ، مشتری	عطر مشک
زحل	سیاہ	گرم خشک	جنوب	جلالی	نحس اکبر	عطارد، زہرہ	شمس، قمر، مریخ	مشتری	عود، دال، گوگرد

عامل پر لازم ہے کہ ہمیشہ ستاروں کی دوستی اور دشمنی کو ملحوظ رکھیں قسم مثلاً ہلاکی دشمن کا عمل کرنا ہو آپ نے برج اور ستارہ معلوم کر لئے ہیں اس کو دیکھیں کر بروج کی آپس میں دشمنی ہے ستاروں کی آپس میں دشمنی ہے۔نظرات تربیع اور مقابلہ ہے ، یاد رکھیں آتشی بروج اور بادی بروج میں دوستی ہے۔خاکی بروج اور آبی بروج میں محبت ہے۔آتشی بروج اور آبی بروج میں مخالفت ہے بادی بروج اور خاکی بروج میں ناموافقت ہے۔شمس کا دشمن زحل ہے دشمنی کا عمل زحل کے وقت کریں اگر دوستی اور اتفاق کے لئے عمل کرنا ہے ، مطلوب کا طالع زحل ہو تو عمل محبت کا زہرہ کی ساعت میں عمل کریں ساتھ ساتھ نظر تثلیث تسدیس کو مدنظر رکھیں کیونکہ زہرہ ستارہ زحل کا دوست ہے اس طرح عمل کرنے سے

بے اثری کا ورنا ہوگا۔

تھوڑی سی روشنی دن اور ساعت کی پیش کرتا ہوں کس دن اور کس ساعت میں عمل کریں تاکہ کامیاب ہو

بس نے ساعتوں کے نقشہ میں عمل کی توضیح کرچکا ہوں، لیکن پھر دوبارہ عرض کرتا ہوں اگر محبت اور عشق کا عمل کرنا ہے سوموار کے دن عطارد کی ساعت میں عمل کریں، جب افسران کو قابو کرنے کے لئے اتوار کے روز عطارد کی ساعت میں عمل کریں، عشق کا عمل کرنا ہے تو سوموار کے دن قمر کی ساعت میں عمل کریں۔ عورت مرد میں اتفاق کرانا ہو تو جمعرات کا دن اور زہرہ کی ساعت میں عمل کریں۔ میں نے اشاروں سے بتا دیا ہے اور زیادہ تفصیل کے ساتھ ہر عمل کے ساتھ پورا پورا قاعدہ اور قانون لکھوں گا۔

اچھا اور نیک عمل کیلئے ... نیک وقت کی تلاش کریں

مثال کے طور پر غائب کو حاضر کرنا۔ محبت اور عشق وغیرہ وغیرہ کے لئے قمر کو دیکھنا ہے، کس برج میں ہے شمس کو تلاش کریں کہ وہ کس برج میں ہے طالع کا مزاج اور منزل قمر کی حالت کو مدنظر رکھیں۔ سعد کا ہونا ضروری ہے تو عمل تیر کیطرح اثر کرے گا۔

شر کیواسطے عمل کرنا مطلوب ہو

تو نحس وقت کا تلاش کریں۔ مقابلہ تربیع نحس بروج اور نحس طالع نحس ساعت کا ہونا ضروری ہے۔ یہ ہمیشہ پیش نظر رکھیں جب قمر برج آتشی میں ہو منزل قمر اور طالع وقت آتشی ہوں۔ ساعت بھی آتشی ہو جو بھی عمل کریں، کامیاب ہوگا۔

عامل بننے کی آرزو ہے تو نجوم میں واقفیت ضروری ہے،

قرآن کریم میں سیارگان کو فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا کہا گیا ہے یعنی وہ امر کی تدبیر کیا ہیں

ستاروں کی نحوست اور سعادت

زحل ــــ نحس اکبر ہے اسکی ساعت میں تعویذ عداوت وہلاکت دشمن اور تباہی کے کیئے جاتے ہیں۔

مریخ ــــ نحس اصغر ہے اسکی ساعت میں تعویذ عداوت وہلاکت دشمن اور تباہی کے کیئے جاتے ہیں۔

عطارد ــــ ممتزج ہے یعنی نہ سعد ہے نہ نحس ہے۔

مشتری ــــ سعد اکبر ہے اس کی ساعت میں تعویذ محبت، دوستی حاضر ہونے غائب دفع بیماری لکھے جائیں

زہرہ ــــ سعد اصغر ہے اس کی ساعت میں الفت ، زبان بندی، خواب بندی کے لکھے جاتے ہیں

شمس ــــ نیر اعظم کہتے ہیں یہ سعد ہے اسکی ساعت میں عزت مرتبہ روزی کے عمل کیئے جائیں گے۔

قمر ــــ نیر اصغر کہتے ہیں یہ سعد ہے اس کی ساعت میں محبت، اخلاق، شفا کے امراض کے لکھے جائیں

زہرہ عطارد کو ــــ سعدین کہتے ہیں۔


زحل مشتری کو ــــ علوین کہتے ہیں۔

مریخ زحل کو ــــ نحسین کہتے ہیں۔

زہرہ مشتری کو ــــ سعدین کہتے ہیں۔

قران ــــ جب دو ستارے ایک برج اور ایک درجہ پر ہوں تو انہیں قران کہا جاتا ہے، نیک سیاروں کا قران سعد ہوتا ہے اور نحس سیاروں کا قران نحس ہوتا ہے، اسی پر عمل کا دار و مدار ہے۔

عملیات میں نظرات کے اثرات



۱ شمس اور مریخ کے ساتھ نظر تسدیس ہے نیک نظر،

۲ شمس اور زحل نظر تربیع، نحس نظر،

۳ شمس اور عطارد نظر تثلیث ہے نیک نظر،

۴ شمس زہرہ نظر تسدیس ہے،

۵ شمس مشتری نظر تربیع

۶ شمس راس نظر تثلیث ہے۔

۷ خانہ نمبر ۶، خانہ نمبر ۸، خانہ نمبر ۱۲ ساقط ہیں اس میں کوئی ستارہ قابض ہو تو یہ نظر ساقط ہو گی، اس کا کوئی اثرات نہ ہو گا۔

۸ خانہ نمبر ۴ برج سرطان میں ستارہ زحل اور ستارہ مشتری قابض ہیں دونوں کے دو درجے ہیں۔ اسے قران کہتے ہیں۔ مزید تفصیل آگے ملاحظہ فرماویں۔

نظرات کے اثرات

نظرات ۔ فلا اقسم بمواقع النجوم وانه لقسم لو تعلمون عظیم

خدا فرماتا ہے میں نجوم کے مواقع کی قسم کھاتا ہوں۔ اگر غور کرو تو یہ ایک بہت بڑی قسم ہے۔

امروزہ آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرا رہا ہوں جو ایک اہم اور ضروری ہے۔ نظرات کے اثرات ہر ماہ میں ماہنامہ آثار النجوم میں پیش کر رہا ہوں جو نجومی کے لئے اہم شعبہ ہے اور عامل کے لیے اہم وقت ہے اس کے بغیر دونوں بیکار ہیں۔ اس کی تشریح اور تفصیل پیش کرتا ہوں۔

تسدیس

جب دو سیاروں کے درمیان ۶۰ درجہ کا فاصلہ ہو یا زائچہ میں دونوں سیارے ایک دوسرے سے تیسرے گھر میں قابض ہوں تو نظر تسدیس کہلاتی ہے۔ یہ نیم دوستی کی علامت ہوتی ہے۔ اس کا اثر تثلیث سے کم ہوتا ہے۔ متعلقہ ستاروں کی منسوبات کے متعلق سعد امور کے عملیات کئے جاتے ہیں اور دنیاوی کام سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ سعد کام کے لئے یہ نظر کامیابی لاتی ہے البتہ تاخیر ہو جاتی ہے۔ نجوم میں کام میں کامیابی کی امید ہو سکتی ہے۔

تثلیث

جب دو سیاروں کے درمیان ۱۲۰ درجہ کا فاصلہ ہو یا جب زائچہ میں دونوں سیارے ایک دوسرے سے پانچویں گھر میں واقع ہو تو نظر تثلیث کہلاتی ہے۔ اور کامل دوستی کی ہے اس نظر کی تاثیر سے جن شخصیتوں کے درمیان کمال مخالفت اور عظیم دشمنی ہو اور اس کو زائل کر کر کے دوستی اور محبت پیدا کی جا سکتی ہے اور ہر قسم کے سعد اعمال، محبت و تسخیر وغیرہ اور سعد امور تو ہر دو سیاروں کی منسوبات سے تعلق رکھتے ہیں سرانجام دیئے جا سکتے ہیں اور بہت جلد کامیابی ہوتی ہے۔

تربیع

جب دو سیاروں کے درمیان ۹۰ درجہ کا فاصلہ ہو یا زائچہ میں دونوں سیارے ایک دوسرے کے چوتھے گھر میں واقع ہو تو نظر تربیع کہلاتی ہے۔ یہ نجوم کے قانون کے مطابق یہ نیم دشمنی کی ہوتی ہے۔ اس کی تاثیر برائی میں بمنزلہ مقابلہ کے ہوتی ہے۔ نحس اعمال کئے جاتے ہیں۔ اگر دشمن دوست ہو چکا ہو تو اس نظر سے دوبارہ دشمنی پیدا کی جا سکتی ہے۔ متعلقہ سیاروں کی منسوبات کو نقصان پہنچتا ہے جن کی نظر ہو۔

مقابلہ

جب دو سیاروں کے درمیان ۱۸۰ درجہ کا فاصلہ ہو تو یا جب زائچہ میں دو ستارے آمنے سامنے گھروں میں بیٹھے ہوئے ہوں تو نجوم کے قانون میں نظر مقابلہ ہوتی ہے۔ یہ کامل دشمنی کی نظر کہلاتی ہے ہمیشہ منحوس اور بد ہوتی ہے اس وقت خرابی

پیدا کرتی ہے جو ہر دو ستاروں کی منسوبات سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس وقت نحس عملیات کئے جاتے ہیں۔ کمال عداوت مقابلہ اور جنگ و جدل کی تاثیر دونوں سے ظاہر ہوتی ہے۔ نیک کام سرانجام نہیں پاتے۔ جب شمس و قمر کا مکمل مقابلہ ہو تو **چاندگرہن** کہلاتا ہے۔

قران یا مقارنہ یا اجتماع

جب دو سیارے ایک برج ایک ہی درجہ میں واقع ہوں تو اسے قران کہتے ہیں۔ **میں مقام النجوم اور اثرات النجوم اور رحیم النجوم کے تمام حصوں میں ان کی توضیح اور تشریح** مفصل کر چکا ہوں۔ یہاں صرف اشارتاً عرض کرتا ہوں۔ قران تین طرح کے ہوتے ہیں۔ اول قران السعدین مثلاً زہرہ اور مشتری کا قران (یعنی دونوں سعد ستارے ہیں) دوسرا قران ملیح السعدین یعنی ایک سعد اور دوسرا نحس ستارے کا قران مثلاً مشتری و زحل کا قران (مشتری سعد اور زحل نحس ہے) تیسرا قران النحسین یعنی دونوں نحس ستاروں کا اجتماع۔ جیسے مریخ و زحل۔ تمام سیارگان کے اجتماع کو قران کہتے ہیں۔ مگر سورج کے ساتھ جن ستاروں کا قران ہو اُسے نجوم کے قانون کے مطابق احتراق کہتے ہیں۔ زہرہ و عطارد کو شمس ہو اُسے احتراق کے کوئی نظر نہیں ہوتی اور ان دونوں کو آپس میں قران و تسدیس کے سوا کوئی نظر نہیں ہوتی۔ اگر شمس و قمر ایک ہی برج کے اندر ہوں تو ان کو اجتماع نیرین کہا جاتا ہے۔ چاند اور شمس کا مکمل قران گہن کہلاتا ہے۔ یعنی سورج گہن۔ سعد قران میں سعد امور اور نحس قران میں نحس امور کو مدد ملتی ہے جو دو ستاروں کے منسوبات سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ تھی نظرات کے اثرات کی مختصر تفصیل

اب میں قمری نظرات کی طرف آتا ہوں۔ چونکہ یہ تیز رفتار سیارہ ہے جو ایک ماہ میں تمام سیاروں کے ساتھ اس کی نظرات اس کی ہوتی رہتی ہیں۔ چونکہ زمین زیادہ قریب ہے اس لئے اس کا اثر بالکل مسلّمہ ہوتا ہے۔ ہر ذی روح پر بلکہ غیر ذی روح پر بھی اس کا عمل دخل رہتا ہے۔ **قمری اثرات اہل زمین پر** ایک اعلیٰ اور ارفع کتاب لکھی ہے بہت نایاب اور قدرتی اعجازات اور کمالات کا گنجینہ ہے۔ اگر صاحب شوق صرف اس پر غور اور عمل کریں تو روزانہ کے حالات سے واقف ضرور ہو جائیں گے۔ قمری نظرات سے آپکو اپنے دنیاوی حالات کا علم ہو سکتا ہے کہ فلاں کام اس نظر میں کریں یا نہ کریں۔ اس وقت فائدہ ہوگا یا نقصان یہ نظر آپ کو صحیح پوزیشن سے ضرور آگاہ کر دیں گی۔ تجربہ کرنا اور فائدہ اُٹھانا تو آپ کا کام ہے۔ میں ہر ماہ ماہنامہ آثار النجوم میں پیش کرتا رہتا ہوں۔ خدا جانے کوئی اس سے فائدہ اُٹھاتا ہے یا نہیں۔ یہ صاحب ذوق کا کام ہے۔ اب میں ان نظرات کے اثرات کی روشنی میں کاموں کی تشریح کرتا ہوں۔

۱۔ قمر زحل کی نظرات

قمر قران زحل ایک پریشانی لانے والا دن ہے۔ سفر نہ کریں۔ کسی بڑے آدمی سے اعانت کی خواہش نہ کریں۔ جائداد منقولہ و غیر منقولہ نہ خرید کریں بجائے نفع کے نقصان کا احتمال ہے۔

قمر تسدیس زحل۔ درخت لگانا۔ بڑا کاروبار کرنا

بڑے آدمیوں سے ملاقات کرنا اور مشورہ لینا اچھا نہیں ہے
مستورات سے مفاد نہ ملے گا۔ عدالت میں آپ کے خلاف
فیصلہ ہوگا۔

قمر تربیع زحل علاج معالجہ کرنا۔ آپریشن کرانا۔
مقدمہ کرنا۔ زراعت شروع کرنا۔ واقف لوگوں سے جھگڑا
یا بدمعاشگی سے بچو۔

قمر تثلیث زحل مرمت کے تمام کاموں کے لئے مناسب
اور موزوں ہے۔ زمین و باغ کے تمام معاملات کے لئے
مفید اور کارآمد ہے۔

قمر مقابلہ زحل نئے ملازمین کو نہ رکھو اور نہ ہی
سروس تبدیل کرو اور نہ ہی تبادلہ کی درخواست دو۔ روپیہ
کا لین دین نہ کرو نیا کام کوئی نہ کرو ورنہ پریشانی میں
مبتلا رہو گے۔

نظرات قمر با مشتری

قمر قران مشتری ایک اچھا اور خوش نصیب دن ہے
معتقد لوگوں یا افسران سے مدد
حاصل کرو۔

قمر تسدیس مشتری متبرکات اور قانونی معاملات کرنا۔ قانونی
کاروائی کرنا۔ قانونی کاغذات پر دستخط
کرنا مفید ہے۔

قمر تربیع مشتری صرف مطالعہ کرنا یا مشورہ حصول تعلیم
کے لئے بہتر اور مفید ہے۔

قمر تثلیث مشتری نئے کام یا کاروبار کے لئے سعد

خاص امداد حاصل کرنا یا سفر کرنا فائدہ مند اور سعید ...

قمر مقابلہ مشتری اس وقت سفر اور قانونی معاملات ...
آغاز کرنا بہتر ہے۔

نظرات قمر با مریخ

قمر قران مریخ یہ اچھا دن نہیں اس وقت سفر نہ کرو
اور خطاری اور جھگڑالو آدمی سے دور
رہو۔ اپنے آپ کو ہر طرح سے محفوظ رکھو۔

قمر تسدیس مریخ اس وقت سپورٹس کا سامان خریدنا
جنگ کا ساز و سامان خریدنا بہت اچھا
اور بہتر ہے اس کے علاوہ گھوڑوں کے لئے سامان خریدنا
اور عہد و پیمان استوار کرنا مفید ہے۔

قمر تربیع مشتری اس وقت فساد جھگڑے سے دور
رہو نئی دوستی نہ بناؤ یا کسی نئے
معاہدے میں شریک نہ ہو اور نیا معاہدہ نہ کرو۔

قمر تثلیث مشتری اس وقت میں سعد کام سرانجام
دیں ہر قسم کے چارپاؤں کی
تجارت کرنا منافع بخش قدم ہے۔ متنازع اور دشمنی کو
صلح سے بدلنے کا وقت ہے۔

قمر مقابلہ مشتری اس وقت سے مندرجہ ذیل اجتناب
کریں۔ سفر۔ سوشل۔ اجتماعات
دوستی اور محبت کے معاملات طے کرنا پریشانی کا باعث
ہے۔

نظرات قمر با شمس

قمر قران شمس اس وقت افسران حکمران سے ملاقات
کرنا۔ پوشیدہ یا مخفی امور کو حاصل کرنا

اور ان کی ذمہ داری قبول کرنا بہتر ہے۔

قمر تسدیس شمس اس وقت آپریشن کرنا علاج معالجہ کے لئے بہترین وقت ہے ذاتی مفاد کے حصول کی کوشش کرنا مفید ہے۔

قمر تربیع شمس اس وقت افسران حکمران کی ملاقات سے گریز کریں۔ بلکہ کسی کے خلاف مقدمہ کرنے سے کامیابی ہوتی ہے۔

قمر تثلیث شمس اس وقت مقتدر لوگوں سے مفاد حاصل کرنے سے فائدہ اٹھانے کا وقت ہے ہر معاملہ کی موافقت اور مدد حاصل کرنے کا موافق دن ہے۔ تحائف دینا بھی مفید ہے

قمر مقابلہ شمس اس وقت امراء سے ملاقات اور ان سے کسی قسم کی خواہش اور آرزو کرنا بیکار ہے چونکہ نحس دن البتہ اہم اور مقتدر لوگوں سے مشورہ حاصل کرنا بہتر ہوگا۔

نظرات قمر با زہرہ

قمر قران زہرہ یہ وقت سوشل امور اور تفریحات کیلئے موزوں اور مناسب وقت ہے نیا کپڑا پہننا یا خریدنا خوش قسمتی دیتا ہے محبوب سے ملاقات یا دوستی کے لئے اچھا وقت ہے۔

قمر تسدیس زہرہ یہ وقت نکاح کرنے کی نسبت طے کرنا روحانی امور، سوشل زندگی اور آرائش کی چیزیں خریدنے کیلئے مفید ہے۔

قمر تربیع زہرہ یہ وقت ملازمین رکھنے کے لیے سپورٹ کے امور کے لئے اور لڑکا لڑکی شادی کے معاملات طے کر لینا مفید ہے۔

قمر تثلیث زہرہ یہ وقت مستورات سے فائدہ اٹھانے رومان رنگ رلیاں منانے اور قیمتی اشیاء خریدنے کے لئے موافق ہے۔

قمر مقابلہ زہرہ یہ وقت ملازمین رکھنے۔ نئی ملازمت اختیار کرنے یا کسی بھی قسم کی ازدواجی یا شادی کے متعلق قدم اٹھانا اچھا ہے۔

نظرات قمر با عطارد

قمر قران عطارد یہ وقت خط و کتابت اور اکاؤنٹ کے لئے بہتر۔ پیغام بھیجنے اور سامان کی روانگی کے لئے سعد وقت۔

قمر تسدیس عطارد یہ وقت مطالعہ خرید و فروخت، درسگاہ کا اجراء اور تعلیم و مطالعہ کے تمام قسم کے کاموں کا کرنا سعد ہے۔

قمر تربیع عطارد یہ وقت سفر، ملازمین رکھنا یا ان کے متعلق معاملات طے کرنا سعد ہے۔ اور ہر قسم کے تجارتی کام کرنا مفید ہے۔

قمر تثلیث عطارد یہ وقت لٹریری کاموں کے لئے مفید ہے (خصوصاً شاعری) نئی بات نکالنا۔ اختراع کرنا یا ایجادی قسم کے تمام امور کے متعلقہ کاموں کو کرنا۔ ریاضت کرنا۔ کثرت کرنا بحث شفقت کرنا مشق اور دعا کرنا یا اپنے حق کو استعمال کرنا مفید ہوتا ہے۔

قمر مقابلہ عطارد کسی شخص سے بھی تحریری امداد لینا اہم خط و کتابت کروانا یا درخواست لکھوانا بہتر ہوتا ہے۔ کسی شخص کے ذریعہ پیغام بھیجنا خواہ وہ کسی قسم کا ہو خرید و فروخت اور سفر کے لئے نیک وقت ہے

نجوم میں احکام لگانے کے لئے خفیہ اشاروں کو اس طرح پڑھا جاتا ہے ۔

۱۔ قمر تسدیس زہرہ کا مطلب یہ ہے ۔ قمر (گھریلو زندگی) تسدیس (سعد وقت)، زہرہ (محبت و جذبات) سے تعلق رکھتا ہے ۔ تو اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے یہ وقت گھریلو زندگی میں محبت اور بہتری لائے گا ۔

۲۔ مشتری مقابلہ مریخ کا مطلب یہ ہے ۔ مشتری (روپیہ پیسہ) مقابلہ (نحس وقت) مریخ (خطرہ اور حادثہ) سے تعلق رکھتا ہے ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا اس وقت روپیہ کے متعلق کوئی جھگڑا فساد اور خطرہ لائے گا ۔ یہی قانون سب فقرات کے پڑھنے اور سمجھنے کا ہے ۔ اگر آپ کو زیادہ مثالیں اور دلائل دیکھنے ہوں تو رحیم النجوم کے حصّوں کا مطالعہ کریں ۔

چونکہ دنوں کا تذکرہ آیا ہے اس لئے آیاموں کے اثرات بھی پیش کرتا ہوں تاکہ آپکی راہنمائی درست اور صحیح رہے ۔

رحیمی فالنامہ

ایک کاغذ اور پنسل لیں پھر دل میں کوئی سوال قائم کریں ۔ اس کے بعد ذیل کی جدول میں حرف دیکھ کر کسی حرف پر انگشت شہادت رکھیں اب اس حرف کو چھوڑ کر ساتواں حرف کاغذ پہ لکھتے جائیں جب آخر حرف پر پہنچ جائیں تو کانٹا لگا کر پھر اوپر سے اسی طرح شروع کریں یہاں تک کہ آخر میں آپکا وہی حرف آئے گا جس پر آپ نے انگلی رکھی تھی آخر میں سے بھی لکھ لیں ۔ اب ان لکھے ہوئے حرف کے جملے بنالیں ۔ بس یہی آپکے دل میں سوچے ہوئے سوال کا جواب ہوگا ۔ ایک ہی آدمی بار بار عمل کرے گا تو جواب غلط ملط ہو جائے گا ۔

نوٹ ۔ یہ چھوٹا جدول ہے اسلئے مختصر سوال کے جواب ملیں گے

×	×	×	×	×	×	×	×	×	×	×	×	×	×
ل	ص	س	س	پ	ر	ا	ک	م	ا	ا	آ	ا	ک
م	ق	ی	ا	و	د	گ	ی	ت	خ	ک	ک	ا	م
ا	م	ل	م	س	ب	ب	ص	ل	ا	م	ا	ہ	ا
ب	ا	و	ن	ا	ل	ح	ح	ز	ک	ی	ک	ا	ی
ے	ی	ر	ف	م	ل	ب	س	نج	ت	ن	م	ک	س
د	سیکھ	ک	ہ	ن	ح	ن	پ	س	ک	ع	ی	ص	م
ہ	ا	و	خ	ط	ح	ا	تج	ک	ر	یے	خ	ی	ش
ا	ک	ر	ا	ے	ے	ہ	ف	م	و	د	ر	ہ	ن
ن	و	ہ	ا	ی	ح	ن	ل	ر	لہ	ک	ہ	ب	ی
ک	ڈ	ق	ا	ن	م	ے	ی	ت	ن	ن	ن	ک	ہ
ے	ڈ	ا	ل	ر	د	گ	ہ	ب	ص	م	ک	خ	م
ی	ن	م	گ	ا	ک	ک	ت	پ	ن		ن	ا	ر
ح	ص	ن	مہ	ہ	م	ن	ن	ق	ی		ب	ا	ر
ص	ن	ہ	و	ر	ا	غ	ن	ا	ر	ر	ت	ی	ا
ر	ہ	ن	ک	و	ی	ب	ب	د	ی	ع	ہ	ب	و
ر	ے	ے	و	ا	ے	ے	ک	ہ	گ	ر	ج	ہ	ہ

ایاموں کے اثرات انسان کے کاموں پر

ارشادِ خداوندی:- پارہ نمبر ۲۷ سورۃ الرحمٰن آیت نمبر ۲۹ کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِی شَانٍ، میری ناقص عقل کی سوچ کے مطابق کچھ اظہار کر رہا ہوں اور آپکی توجہ اس طرف مبذول کرا رہا ہوں ۔ اتنی تفصیل آپ کو کسی جگہ نہ ملے گی ۔ اگر آپ نے اس پر اکتفاء کر لیا، تو آپ کے لئے کافی ہے۔

لیجئے اب آپ کو احکام تیس روزہ پیش کر رہا ہوں۔

پہلا دن:- اس روز حضرت آدم علیہ السلام عالم ارواح سے وجودِ عنصری میں تشریف لائے۔ یہ دن مبارک ہے۔ اس دن حوائج کا مطلب کرنا ۔ بادشاہوں کی حضور میں جانا۔ تحصیل علم کی طرف مراجعت کرنا ۔ شادی کرنا یا شادی کا ارادہ کرنا سفر کرنا ۔ خرید و فروخت کرنا نیک شگون ہے۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو وہ آٹھ دن کے اندر مل جائے۔ بیمار شفا پائے جو اس روز بچہ پیدا ہو ۔ نہایت ذکی فراخ روزی حاصل کرے اور برکت والا صاحب نصیب ہو۔

دوسرا دن:- اس روز حضرت حوا علیہ السلام نیست سے ہست میں آئیں۔ یہ دن نہایت مبارک ہے شادی کرنا ہے۔ تعمیر عمارت کے لئے بنیاد قائم کرنا ۔ تمسکات و قبالجات تحریر کرنا۔ حوائج کی طلبی اور نئے کام شروع کرنا مبارک بال ہے۔ اگر کوئی قبل از دوپہر بیمار ہو تو جلد شفا پائے اور اگر بعد از دوپہر بیمار ہو تو برعکس ہے اگر کوئی بچہ اس روز پیدا ہو تو سعادت مند اور بابرکت ہو۔

تیسرا دن:- یہ دن نحس ہے۔ کیونکہ اسی روز حضرت آدم و حضرت حوا خلدِ بریں سے نکالے گئے تھے پس سب سے بہتر یہ ہے کہ اس روز امور خانہ داری کی اصلاح میں مشغول رہا جائے۔ اور حتی الامکان کسی کام کیلئے باہر نہ جائے بادشاہوں کی یا امیروں کے پاس جانا۔ خرید و فروخت کرنا۔ کسی کام کو شروع کرنا۔ ہرگز مناسب نہیں گریز کرنا چاہیئے۔ جو شخص اس روز بیمار ہو تو مشکل سے صحت یاب ہوگا۔ جو بچہ پیدا ہو فراخ روزی، عمر دراز پائے اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول ہے۔ کہ نحس دن ہے۔ کسی کام کو مفید نہیں ہے۔

چوتھا دن:- یہ دن زراعت، شکار، عمارت کی بنیاد قائم کرنے اور مویشی خرید کرنے کے لئے مبارک ہے۔ اس روز سفر کرنا مکروہ ہے۔ جو سفر کریگا کسی آفتِ ناگہانی میں مبتلا ہوگا۔ یا مارا جائے گا۔ اسی دن ہابیل پیدا ہوئے۔ جو بچہ اس روز پیدا ہوگا۔ تو وہ تا قیامت سعادت مند ہوگا۔ جو چیز اس روز گم ہو جائے گی۔ وہ ہرگز نہ ملے گی ۔

پانچواں دن:- یہ دن منحوس ہے کیونکہ اسی دن تخلیق قابیل ملعون ہوئی اور اسی دن اس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا پس

بیمار کو شفاء اور جو بچہ پیدا ہو با آسانی تربیت حاصل کرے زیادہ پائے۔ گم شدہ چیز مل جائے۔

نمبر ۱۳ تیرھواں دن :- یہ دن نحس ہے تنازع ہو بادشاہوں، حاکموں کے پاس جانے سے اور سر میں تیل ملنے اور حجامت کرانے سے پرہیز کرے جو چیز گم ہو جائے پھر نہ ملے اور جو بیمار ہو رنج و تکلیف اٹھائے۔ جو بچہ پیدا ہو وہ زیادہ عمر نہ پائے حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول ہے کہ اس دن کے خواب کا اثر نو دن میں ظاہر ہو جاتا ہے۔

نمبر ۱۴ چودھواں دن :- یہ ہر کام کے لئے نیک ہے اور جو بچہ پیدا ہو عالم ہو اور یہ دن حصول علم۔ خرید فروخت۔ قرض لینے۔ بری بحری سفر کرنے کے لئے بہت اچھا ہے۔ اور گم شدہ چیز مل جائے گی۔ اور بیمار دراز عمر پائے اور علم کی طرف راغب ہوگا آخری عمر میں رنج اٹھائے حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے کہ بادشاہوں سے ملنے حاکموں کے پاس جانے اور دیگر امور کے لئے نیک ہے خواب کی تعبیر ۲۶ دن کے اندر اندر ملے۔

نمبر ۱۵ پندرھواں دن :- یہ ہر کام کے لئے سعید ہے سوائے قرض لینے یا دینے کے جو کوئی بیمار ہو جلد صحت پائے گم شدہ چیز جلد مل جائے جو بچہ پیدا ہوگا وہ گونگا ہوگا یا زبان میں عیب ہو۔ اور حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے کہ اس دن کے خواب کی تعبیر تین روز میں ظاہر ہو۔

نمبر ۱۶ سولھواں دن :- سوائے عمارت کی بنیاد رکھنے کے جملہ امور کے لئے یہ نحس دن ہے جو کوئی اس روز سفر کرے وہ ہلاک ہوگا۔ اور جو کوئی راستہ بھول جائے تو وہ صحیح سلامت واپس لوٹے۔ بیمار جلد شفا پائے قبل از زوال جو بچہ پیدا ہو وہ دیلا ہو جائے اور زوال کے بعد جو بچہ پیدا ہو وہ نیک ہو حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے کہ اس دن کا خواب کا اثر ۱۲ دنوں میں ظاہر ہو۔

نمبر ۱۷ سترھواں دن :- یہ دن مبارک ہے اس روز تنازعہ کرنے اور قرض لینے یا دینے سے پرہیز کرے جو اس روز قرض دے گا۔ پھر اسے واپس نہ ملے گا اور جو بچہ پیدا ہو وہ نیک ہوگا۔ اور یہ دن ہے۔ اس روز طلب حاجت نہ کرے۔ حجامت بنوانا موجب بخار ہے۔

نمبر ۱۸ اٹھارھواں دن :- یہ دن مبارک ہے جملہ امور خرید و فروخت۔ زراعت سفر کے لئے نیک ہے۔ حملہ آور اپنے دشمن پر غالب آئے۔ اگر کسی کو قرض دے تو واپس مل جائے اور بیمار شفا پائے اور جو بچہ اس دن پیدا ہو وہ نیک حال ہو۔

نمبر ۱۹ انیسواں دن :- یہ دن سعد ہے حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے کہ اس دن خواب کا اثر اسی روز ظاہر ہو جاتا ہے۔

نمبر ۲۰ بیسواں دن :- یہ دن تمام کاموں کے لئے نحس ہے جو اس روز بیمار ہو اس کی بیماری طول پکڑے مگر بعد ازاں تندرست ہو جائے اور جو اس روز بچہ پیدا ہو۔ وہ بدکردار ہوگا۔ قرض کا لین دین نہ کریگا۔

نمبر ۲۱ اکیسواں دن :- یہ دن جملہ امور اور خصوصاً عقد کے لئے مبارک ہے جو بچہ بیمار ہو وہ بارہ دن تک شفا پائے۔

نمبر ۲۲ بائیسواں دن :- یہ دن نحس ہے سفر کرنا۔

اس روز کوئی کام نہ کیا جائے۔ اور گھر سے نکلنا بھی بہتر نہیں ہے۔ جو اس روز جھوٹی قسم کھائے گا بہت جلد اس کا تلخ مزہ چکھے گا۔ اس روز کی پیدائش موجب سعادت ہے حضرت سلیمانؑ سے منقول ہے کہ اس روز کوئی کام نہیں کرنا چاہیئے۔ اور نہ ہی کسی امیر کی حضوری میں جائے۔

۶ **چھٹا دن** :- یہ دن طلبی حوائج درخواست شادی کے لئے مفید ہے جو کوئی اس روز بحری یا بری سفر کرے گا۔ بخیریت تمام اہل و عیال واپس آئے گا اور حیوانات یا غلاموں کی خرید و فروخت بھی اچھی ہے جو چیز گم ہو جائے گی جلد سے جلد دستیاب ہو اور جو بچہ پیدا ہو وہ نیک ہو گا۔ اور جملہ آفات اور بلیات سے محفوظ رہے گا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے۔ کہ جو کوئی خواب دیکھے گا۔ اسکی تعبیر جلد ہو گی۔

۷ **ساتواں دن** :- جملہ امور کے لئے بہتر ہے۔ جو کوئی اس دن کتابت کی مشق کرے گا وہ جلد کمال کو پہنچے گا۔ کسی عمارت کی ابتدا کرنا ہے تو موجب نفع و فائدہ ہے۔ اور جو بچہ پیدا اس روز ہو گا۔ نہایت تربیت یافتہ ہو گا۔ اور روزی سے فراخ ہو گی۔ شکار اور طلب روزی کے لئے نیک ہے۔

۸ **آٹھواں دن** :- جملہ امور کے لئے عمدہ ہے۔ طلب حاجت اور خرید و فروخت کے لئے عمدہ ہے۔ بادشاہ کے پاس جانا موجب حاجت روائی ہے اور میدان جنگ کی طرف جانا۔ بحری و بری سفر کرنا مکروہ ہے۔ اور جو بچہ اس روز پیدا ہو شائستہ ہو اور اس پر کسی دشمن کا غلبہ نہ ہو مگر نہایت مصیبت کے بعد۔ جو مال اس دن گم ہو وہ سوائے سخت مشقت کے دستیاب نہ ہو۔ اور جو اس دن بیمار ہو اُسے تکلیف اُٹھانا پڑے اور سب کام کے لئے نیک ہے۔

۹ **نواں دن** :- جس کام کے لئے ارادہ کیا جائے بہتر ہے۔ اس دن کام کرنا کسی قسم کا یا زراعت کرنا یا زراعت یا درخت لگانا عمدہ ہے۔ اگر دشمن سے جنگ کی جائے تو غالب ہو۔ گم شدہ چیز جلد مل جائے اگر بچہ پیدا ہو۔ موجب شائستگی اور راحت ہو ہر حال میں سعید ہو فراخ روزی ہو اور حضرت سلیمانؑ سے روایت ہے۔ کہ اس کے خواب کا ظہور اسی ہفتہ میں ہو۔

۱۰ **دسواں دن** :- اس روز حضرت نوحؑ عالم بہ شباب میں جلوہ افروز ہوئے۔ پس جو بچہ اس روز پیدا ہو معمر اور فراخ روزی ہو۔ خرید و فروخت اور سفر کے لئے مفید ہے۔ جو چیز اس دن گم ہو جائے وہ جلد دستیاب ہو جو کوئی اس روز بیمار ہو اُسے لازم ہے۔ کہ وصیت کرے۔ زراعت اور خرید و فروخت کے لئے بہت بہتر ہے۔ اور سلیمان علیہ السلام سے روایت ہے کہ اس روز کا خواب کا اثر بیس دن تک ظاہر ہو۔

۱۱ **گیارھواں دن** :- اس روز حضرت شیثؑ پیدا ہوئے تھے۔ کاموں کی ابتداء۔ خرید و فروخت اور سفر کے لیے دن اچھا۔ بادشاہوں کی حضوری میں نہ جائے۔ گم شدہ اشیاء جلد دستیاب ہوں۔ بیمار شفا پائے جو بچہ اس روز پیدا نیکی کی طرف راغب ہو۔ معمر ہو تمام عمر کبھی پریشان نہ ہو۔

۱۲ **بارھواں دن** :- شادی۔ دکان کی ابتداء کسی کام میں شرکت اور دریا کا سفر کرنے کے لئے بہت بہتر ہے۔ اس دن فریقین میں کشیدگی کا احتمال نہ ہو اور

حجامت بنوانے کے لئے درمیانہ ہے۔ کوئی بیمار ہو تو بیس دن میں شفاء پائے۔

۲۲ بائیسواں دن:- یہ دن منحوس شمار کیا جاتا ہے۔ تمام کاموں کے لئے فرعون علیہ اللعنۃ اس روز پیدا ہوا تھا۔ جو کوئی غلام یا کنیز گم ہو جائے وہ نہ ملے جو بچہ اس ساعت یا اس لات کو پیدا ہوا ہو مارا جائے یا تمام زندگی مصیبت گذارے جو بیمار ہو وہ جلد شفاء پائے۔

۲۳ تیئیسواں دن:- نحس ہے تمام کاموں کے لئے اس روز پرہیز کرنا چاہیئے اگر کوئی کام کیا جائے تو وہ موجب آلام ہوگا۔ اگر کوئی بیمار ہو تو اسے کہ اللہ تعالیٰ سے اپنی بیماری کے لئے دُعا مانگے تاکہ شفاء ہو اگر ایسا نہ کرے گا تو رسوا ہوگا اور مصیبت میں مبتلا ہوگا۔ اور جو بچہ اس دن پیدا ہوگا وہ دشمن ثابت ہوگا۔ اسے نیک ہدایت دیتا رہے۔

۲۴ چوبیسواں دن:- یہ دن تمام کاموں کے لئے سعادت مند ہے۔ اور خاص کر سفر کے لئے اگر اس روز فرزند پیدا ہو تو عمر دراز ہو مگر غم والم میں مبتلا ہو اگر لڑکی پیدا ہو تو وہ فوت ہو جائے اسی روز حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کے ساتھ باہر آئے اور فرعون دریائے نیل میں غرق ہوا اس روز عقد و نکاح کرنا نیک ہے۔ اگر غلام یا کنیز گم ہو جائے جلد واپس آئے۔ جو بیمار ہو دردِ شکم ہوا اور بیماری سخت ہو سات دن کے بعد اچھا ہو جائے۔

۲۶ چھبیسواں دن:- جملہ امور کیلئے نیک ہے۔ اس روز یا اس شب کی ولادت مبارک اور نیک بخت ہو اگر کوئی بیمار ہو تو دیر تک بیمار رہ کر بالآخر صحت یاب ہو۔

۲۷ ستائیسواں دن:- نیک ہے مگر بعض کا قول ہے کہ تمام کاموں کے لئے نامبارک ہے اس روز جو بچہ پیدا ہوگا روزی فراخ ہو، عمر دراز پائے بیمار شفاء پائے۔ غلام کنیز بھاگ جائے تو واپس آئے۔

۲۸ اٹھائیسواں دن:- سعید ہے۔ مگر بعض کے لئے ہر کام کیلئے نحس ہے۔ اس روز سفر نہیں کرنا چاہیئے۔ جو بحری سفر کرے گا۔ ہلاک ہوگا۔ اور بیمار جلد شفاء پائے گا۔

۲۹ اُنتیسواں دن:- اس دن کوئی کام نہیں کیا کسی سے بے جا گفتگو نہ کرے۔ گھر سے باہر نہ جائے کیونکہ دن اچھا نہیں ہے۔ اور کاموں کے لئے مبارک ہے سوائے کتابت کے جو اس روز بچہ پیدا ہوگا۔ وہ برباد ہوگا جو سفر کرے گا بہت مال پائے گا۔ بیمار صحت یاب ہو اس روز وصیت نامہ لکھنا بہتر ہے۔ ہر ایک سے ملاقات کرنا بہتر ہے۔ حضرت سلیمانؑ کا قول ہے کہ اس روز جو خواب دیکھے گا اس کا اثر اسی روز ظاہر ہو۔

۳۰ تیسواں دن:- یہ دن خرید و فروخت شادی نکاح کے لئے نیک ہے۔ اور جو بچہ اس روز پیدا ہو اس کے لئے ایک سال مبارک ہو اور اس روز جو کچھ گم ہو جائے وہ مل جائے اور اس روز قرض دے تو جلد مل جائے۔

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ
غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔

مزید تشریح کرتا ہوں۔

نام سیارگان	تسدیس یا تثلیث کون سا عمل کرنا چاہیے	تربیع اور مقابلہ میں کونسا عمل کرنا چاہیے
شمس و قمر	تسخیر بادشاہ حکمران، امراء، حاکم وقت	جدائی کرانا، دشمنی پیدا کرنا اور کسی کو عہدے سے گرانا فتنہ فساد۔
قمر عطارد	اہل علم و اہل قلم کی تسخیر	دو دلوں میں جدائی ڈالنا۔
قمر و زہرہ	عورتوں کی تسخیر محبت اور عشق	طلاق، مرد و عورت میں نفاق پیدا کرنا۔
مریخ قمر	خواب اور دشمنوں کی دشمنی بند کرنا	حشرات الارض سے نجات کے لیے عمل کیا جاتا ہے
مشتری قمر	تجارت میں نفع مال و دولت کا حاصل کرنا مرتبہ میں بلند مقام حاصل کرنا	زمین سے خزانہ اور روحانی علوم حاصل کرنا۔
زحل قمر	جائیداد کی مضبوطی، زراعت میں ترقی	کسی شخص کو پریشان کرنا، ذلیل کرنا، بیمار کرنا
زہرہ عطارد	پانی والے جانوروں کی تسخیر، محبوب کی تسخیر	تفرقہ اور جدائی کرانا، تجارت کو بند کرنا۔
مریخ عطارد	بیماری دور کرنا، بدن میں طاقت پیدا کرنا	دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنا، کاروبار بند کرنا۔
مشتری عطارد	تجارت، صنعت و حرفت ترقی علوم	تباہی بربادی پھیلانا۔
زحل عطارد	تمام پریشانیوں کو دور کرنا	جائیداد تباہ کرنا۔
مریخ زہرہ	مستورات کی تسخیر صلح کرانا	جدائی میاں بیوی، عاشق معشوق تفرقہ
مشتری زہرہ	محبوب و معشوق کو قابو کرنا، تسخیر خلق امراء کو قابو کرنا	کسی کو عہدے سے گرانا۔
شمس زحل	حصول مقصد طلب حاجات	دو فریقین میں مخالفت، بغض، عداوت پیدا کرنا
زحل و زہرہ	نکاح کرانا، اور اس میں پائیداری	فریقین میں مخالفت پیدا کرنا
مریخ شمس	امراء و حکام کی تسخیر	مخالفین کو تباہ کرنا، فساد پھیلانا
مریخ مشتری	مال و دولت اور عزت حاصل کرنا۔	پریشانیوں میں مبتلا کرنا۔
اتوار :۔ کوئی شخص اتوار کے دن بیمار ہو تو اس شخص کو پندرہ دن بہت گراں ہوں گے بعد میں آہستہ آہستہ صحت ہونے لگے گی۔

آثار :۔ مریض کے سر میں درد ہوگا، پریشانی زیادہ ہوگی آنکھیں سرخ اور چہرہ زرد ہوگا پیاس زیادہ ہوگی، کھانا کم کھائے گا خوفناک خواب نظر آئیں گے۔

صدقہ :۔ مریض کے جسم کی قمیض یا استعمال شدہ کپڑا اور میٹھی روٹی دونوں چیزیں مریض کے سر پر پھیر کر کسی محتاج کو دلویں بحکم شافی مطلق صحت ہوگی۔

رات اتوار :۔ جو آدمی اتوار کی رات کو بیمار ہو اسے پری کا سایہ ہوگا یا کسی دیو کی نظر ہوگی۔

آثار :۔ بدن میں سستی ہوگی خوفناک اور ڈراؤنے خواب نظر آئیں گے ایسا معلوم ہوگا کہ کوئی خوفناک صورت سامنے کھڑی ہے خوف وہراس اس پر چھایا ہوگا

صدقہ :۔ سوا گز زرد رنگ کا مریض کے قد کے برابر لے کر قدرے ہلدی اور زرد چاول پکا کر صبح سویرے مریض کے سر پر پھیر کر کسی محتاج کو دیں تاکہ خدا اس پر رحم کرے

صبح سوموار :۔ اس دن کا مالک قمر ہے مریض پر پندرہ دن پریشانی کے ہوں گے خواب ڈراؤنے نظر آئیں گے معدہ خراب ہوگا۔

آثار :۔ دردسر، تمام جسم میں سستی اور گرانی، جگر اور ناف میں درد ہوگا اگر اس دن بچہ بیمار ہو

توام الصبیان کا سایہ ہوگا یہ ایک دیونی ہے جو بچہ کو اکیلا دیکھ کر اپنا دودھ پلا دیتی ہے۔ بچہ اپنی ماں کا دودھ پینا بند کر دیتا ہے اور نفرت کرتا ہے بوجہ بھوک ہلاکت کا باعث بنتا ہے۔

صدقہ: مریض کے قد کا کپڑا سفید لے کر ہلدی اور سیندھو بیمار کے سر پر پھرا کر کسی قبرستان میں ڈالیں (منبر) ایک سفید مرغ مریض کے سر پر پھرا کر صبح سویرے چوراستہ میں چھوڑیں بحکم خدا شفاء ہوگی مریض کے نام کی تعداد کے مطابق یا حلیم اس کے اعداد ۸۸ ہیں۔ صبح شام پڑھ کر پھونکتے رہیں

سوموار کی رات: جو شخص سوموار کی رات کو بیمار ہوا ہو تو وہ شخص بد روح کی نظر سے ڈر کر بیمار ہوگیا ہے۔

آثار: مریض ہر چیز سے خوف کھائے گا، اندر سویا پڑا رہے گا جنون سی کیفیت ہوگی۔

صدقہ: سفید تل سوا پاؤ، ایک مرغ سفید اور ایک سفید بکری کا بچہ اور سوا پاؤ کڑوا تیل اور ایک سفید روپیہ چاندی کا یہ تمام چیزیں مریض کے سر پر پھرا کر صبح کسی محتاج کو دیں بحکم خدا الطفیل رسول مقبول شفاء ہوگی۔

منگل کے دن: اس دن کا مالک مریخ ہے جو آدمی اس روز بیمار ہوا اس پر دس دن سختی کے ہیں اس کی بیماری خوفناک جن اور دیو سے ہوگی اس کی بدنظر سے آدمی بیمار ہوا ہے

آثار: خوفناک خواب نظر آئیں گے، نیند بہت کم رہے گی، ناف اور پیٹ میں درد ہوگا۔ تمام جسم میں لرزہ ہوگا۔

صدقہ: مریض کے قد کے برابر سرخ کپڑا، سرخ مرغ چند عدد گل انار یا گل گلاب کے لے کر مریض کے سر سے گھما کر کسی محتاج کو دیں مریض کے نام کے اعداد کے مطابق ساعت مریخ میں یا حی یا ممیت پڑھیں

منگل کی رات: اگر کوئی شخص اس رات کو بیمار ہو اس بیماری کا سبب سردی ہے یا خوف ڈر ہوگا۔

آثار: پیشاب میں بدبو آئیگی پیٹ میں درد ہوگا تمام جسم میں کانٹے سے چبھتے معلوم ہوں گے۔

صدقہ: مریض کو قد سے اجوائن کھلائیں، مریض کے قد کے برابر سیاہ کپڑا لے کر اور ایک عدد سیاہ مرغا سوا پاؤ کالے تل لے کر مریض کے سر پر پھرا کر کسی غریب کو دیں اور مریض کے نام کے برابر یا حی یا ممیت پڑھ کر پھونکیں بحکم خدا مریض کو شفاء کامل ہوگی۔

بدھ کے دن: اس روز کا مالک عطارد ہے جو اس دن بیمار ہوا اس کے لئے پندرہ دن بسختی گذریں گے وجہ بیماری کی یہ ہے کہ مریض نے کسی بزرگ کی منت مانی ہوگی وہ ادا نہیں کی یہ بیماری کی شکل اختیار کرگئی ہے

آثار :- سر میں درد، درد پیٹ اور درد سینہ وغیرہ ہوگا۔

صدقہ :- ایک عدد روٹی کو روغن زرد سے چپڑ کر اور مریض کے قد کے برابر سفید کپڑا، ۶ ماشے چاندی ایک عدد بیضہ مرغ، سوا پاؤ تیل سرسوں، چاول سوا پاؤ اور سفید تل سوا پاؤ مریض کے سر پر پھیر کر محتاجوں کو دیں، سوا پاؤ بکری کا گوشت مریض کے سر پر پھیر کر چیلوں اور کوؤں کو ڈالیں اگر بچہ اس روز بیمار ہوا ہو تو دودھ پلانی والی عورت نے کسی کے سامنے دودھ پلایا ہوگا جو نظر بد کا شکار ہوگا۔

آثار :- اس کا بچہ دودھ نہیں پیئے گا، زیادہ رونے کا سست رہے گا۔

صدقہ :- بچے کے وزن کے برابر گندم لے کر بچے کے بدن سے سات دفعہ پھیر کر محتاجوں کو دیں بحکم خدا بچہ تندرست ہو جائے گا۔

بدھ رات :- کوئی شخص بدھ رات کو بیمار ہوا ہو تو اس کی بیماری میں زیادہ تر غم اور رنج ہوگا ذہن پریشان دماغی توازن خراب ہو جائے گا۔

آثار :- مریض کسی سے نہیں بولے گا، خاموش رہے گا علیحدگی پسند ہوگا روز بروز کمزور ہو جائے گا۔

صدقہ :- مریض کے قد کے برابر سیاہ کپڑا اور ایک سیاہ بکری یا بکرے (خوشبو تو بکری مذکر ہو تو بکرا) کا سر لے کر اسے کپڑے میں باندھ کر مریض کے سر سے پھیریں اور کسی ویران جگہ پر رکھیں بحکم خدا مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

یاوارث :- ۷۰ دفعہ پڑھ کر مریض کو پانی پلائیں

جمرات کا دن :- اس دن کا مالک مشتری ہے بیمار پر دس دن بہت سخت ہیں اس کا بیمار ہونا اس وجہ سے ہے کہ مریض نے برہنہ ہو کر غسل کیا ہوگا جس سے کسی ہوائی چیز کی جسم پر نظر بد لگی ہے۔

علامت :- سر درد، کمر درد اور ناف میں درد ہوگا سوتے وقت خوفناک خواب نظر آئیں گے۔

صدقہ :- مریض کے قد کے برابر زرد رنگ کا کپڑا لے کر پانچ سیر گندم اس میں باندھ کر مریض کے سر سے پھیر کر کسی غریب محتاج کو دے دیں اگر بچہ اس روز بیمار ہوا ہو تو ام الصبیان نے دودھ پلایا ہوگا۔

آثار :- اس روز بیمار بچہ والدہ کا دودھ نہ پیئے گا، اگر پیئے گا تو فوراً الٹی کرے گا، رات دن روئے گا گھڑی گھڑی رنگ بدلے گا اور دن بدن کمزور ہوتا جائے گا۔

صدقہ :۔ بچہ کے وزن کے مطابق گندم لیکر مریض کے تمام جسم پر سات دفعہ پھیرالیں اور کسی فقیر کو دے دیں۔

رات جمعرات :۔ اگر کوئی شخص جمعرات کی رات کو بیمار ہوا ہو تو مریض بوجہ بے ادبی بزرگ یا بد نظر دیوی پری، جن سے مرض ہو گا

آثار :۔ گرانی جسم، سستی، تمام اعضاء میں درد ہو گا۔

صدقہ :۔ ایک سیاہ بکری کا بچہ، سوا سیر جو کا آٹا اور ایک چھٹانک نمک اور سوا پاؤ تل سیاہ مریض کے سر پر پھیر کر محتاج کو صدقہ دیں بحکم شافی مطلق شفاء ہو گی۔

عمل :۔ "یا بصیر یا صابر" مریض کے اعداد کے مطابق دس روز تک پانی پر دم کر کے پلاتے رہیں

دن جمعہ :۔ اس دن کا مالک زہرہ ہے اور اس دن کے مریض پر گیا رہ دن سختی کے ہیں بیماری حزن کے غلبہ کی وجہ سے ہو گی یا کسی بد روح کی نظر سے مرض پیدا ہو گیا ہے۔

آثار :۔ کاہلی بدن، درد سر، خواب میں بکواس کرنا، رونا، مریض کی آنکھیں سرخ ہوں گی۔

صدقہ :۔ چار چوراستوں کی خاک، قبرستان کی خاک مرگھٹ کی خاک میں، بکری کے تازہ خون میں تر کر کے مریض کے سر پر پھیر کر جنگل میں ڈال دیں۔ نمبر ۲ :۔ دس ماشے چاندی سوا گز کپڑا لے کر مریض کے سر پر پھیر کر کسی محتاج کو دیں، صحت ہو گی۔ اگر کوئی بچہ اس روز بیمار ہو جائے تو نظر ہوائی مخلوق کی ہو گی یا نہانے یا کھانے کی وجہ سے مرض پیدا ہو گیا ہے۔

آثار :۔ درد سر، درد زانو، آنکھوں سے پانی جاری ہو گا چہرہ زرد ہو گا بچہ دودھ نہ پیئے گا۔

صدقہ :۔ سیاہ مرغا یا دودھ چاول کی کھیر پکا کر اس میں روح کیوڑہ ڈال کر کسی محتاج کو کھلائیں، بحکم خدا صحت ہو گی۔

رات جمعہ :۔ کوئی اس رات کو بیمار ہوا ہو تو ضرور دیو پری کا سایہ ہے۔

آثار :۔ مریض کو بخار ہو گا کھانا پینا بند کر دے گا پسینہ بہت آئے گا، دل گھٹے گا

صدقہ :۔ مریض کے جسم کا کپڑا لے کر اس میں دال ماش، سیاہ چنے، سیاہ تل اترے ہوئے کپڑے میں باندھ کر مریض کے سر پر سات دفعہ گھماؤ اور قبرستان ڈال دیں، مریض کے نام کے اعداد کے مطابق سات روز پڑھیں

یا اللہ یا حنان یا شفیعُ

بیمار ہونیکا دن معلوم کرنا، اگر کسی شخص کو اپنے بیمار ہونے کا دن معلوم نہ ہو اس طریقے سے دن معلوم کرسکتے ہیں

قانون عمل :۔ ابجد قمری سے مریض کا نام معہ والدہ کے اعداد کو حاصل کر کے سات پر تقسیم کرو۔

مثلاً عبدالرشید بن فیض الہٰی کے نام کے اعداد
اگر ایک باقی ہو تو سنیچر اگر دو باقی ہو تو اتوار
اگر تین باقی ہو تو سوموار اگر چار باقی ہوں تو
منگل، پانچ باقی ہوں تو بدھ، چھ باقی ہوں
تو جمعرات سات باقی ہوں تو جمعہ خیال کریں

```
۷ ) ۱۵۵۷ ( ۲۲۲
    ۱۴
    ──
     ۱۵
     ۱۴
     ──
      ۱۷
      ۱۴
      ──
       ۳ باقی
```

روحانی جسمانی علاج کا مجرب نسخہ

جو اکسیر اعظم ثابت ہوگا، ہر درد کیلئے

آیت کریمہ یہ ہے پارہ نمبر آیت نمبر ۱

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ

یہ ہے علم جعفر کا مستند روحانی نسخہ ہر قسم کے درد کے لئے نایاب تحفہ لیکن تاثیر اس وقت ہوگی،
جب آپ اس کی سوا لاکھ زکاۃ ادا کریں گے تب جاکر یہ اثر کرے گا

طریقہ زکات :۔ آیت مذکورہ کو تین ہزار ایک سو پچاس مرتبہ روزانہ رات کے وقت پڑھا کریں، پورے اکتالیس روز اس کا چلہ اور زکات پوری ہو جائے گی، پرہیز وغیرہ کوئی نہیں البتہ ہمبستری کرنا اس عمل کے لئے سخت ممنوع ہے بدبودار چیزوں سے پرہیز کریں تمام نماز باجماعت ضروری ہے باقی جو مرضی آئے کھائیں

طریقہ عمل : زکات کے بعد جہاں بھی درد ہو جس جگہ بھی درد ہو سات دفعہ پڑھ کر پھونکے خدا کے فضل سے آرام ہوگا۔ مستورات کی امراض کے لئے پانی پر دم کر کے دیں شفا ہوگی۔ خاص کر سر درد کسی قسم کا ہو اس کے کاٹنے یا جھاڑنے سے درد دور ہو جائے گا۔

جس شخص کے سر میں سخت درد ہو تو سورہ محمد جس کے اعداد ۱۸۰۶۵۵ ہیں نیک ساعت میں لکھ کر سر میں باندھیں، خدا شفاء دے گا۔ اور شخص کے نام کے اعداد کے مطابق سرسوں کے تیل میں دم کر کے سونگھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۴۵۱۶۳	۴۰۱۶۶	۴۵۱۶۰	۴۵۱۵۶
۴۱۶۶۹	۴۵۱۵۷	۴۵۱۶۲	۴۵۱۶۷
۴۵۱۵۸	۴۵۱۶۳	۴۵۱۶۴	۴۵۱۶۱
۴۵۱۶۵	۴۵۱۶۰	۴۵۱۵۹	۴۵۱۷۱

اسرافیل — عزرائیل

سر درد کے جسمانی علاج

کراتی پوڈر یہ ہر قسم کے درد کو دو منٹ میں شفاء

علاج ڈاکٹری ایسپرین ۵ گرین فنیسٹن ۳ گرین، کیفین سائیٹراس ۲ گرین، ایسی ایک خوراک گرم دودھ یا چائے کے ساتھ کھائیں ہر قسم کے درد کے لئے مفید ہے۔ اگر ان ادویات کو آپس میں ملایا جائے تو اسے اے پی سی پوڈر کے نام سے پکارا جاتا ہے اگر یہ دوائی ۵ گرین کے کیپسول میں بھر لی جائے تو پھر دوائی اے پی سی کیپسول کے نام سے موسوم ہوگی اگر کسی دوائی کو چھ سات گرین کی ٹکیاں بنوائی جائیں تو پھر اسے اے پی سی ٹیبلٹس کا نام دیا جائے گا۔

پیٹنٹ ادویات: سار یڈان، انلجین، کوڈو پائیرین، ایسپرو،

یونانی علاج مسیحائی کرشمہ۔ لائکوار امونیا فورٹ ایک تولہ، ست پودینہ، ارق باہم ملا کر شیشی میں رکھیں، ہر مریض درد سر، نزلہ زکام، درد آنکھ، درد کان کی تکلیف ہو، فوراً کارک کھول کر مریض کو سنگھائیں بفضلہ تعالیٰ فوراً شفاء ہوگی۔

ہومیوپیتھک سلفر ۳۰ x ہر قسم کے سر درد میں مفید ہے۔

بائیوکیمک علاج منگنیشیا فاس x ۳ کالی فاس x۳ نیٹرم میور x ۳ فیرم فاس x۳ سب ادویات کو ملا کر پانچ گرین فی خوراک نیم گرم پانی کے ساتھ دن میں چار مرتبہ دیں، بچوں کو نصف خوراک دیں اور خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں۔

دردِ سر کا آبی علاج

سر پر نیلے رنگ کی شعاع ۵ منٹ تک ڈالیں اور تین منٹ تک ہرے رنگ کی شعاع ڈالیں تو سر کا درد بند ہو جاتا ہے خواہ وہ گرمی سے ہو یا سردی کا سے خواہ درد نصف سر میں (دردِ شقیقہ) ہو یا تمام سر میں ہو سب کے لئے مفید ہے جو دردِ سر بوجہ بخار ہو اس میں بھی یہی علاج ہے

آنکھ کا درد

دانت کا درد، کان کا درد، گردن کا درد، تمام درد کیلئے اکسیری روحانی تحفہ

۱. نام معہ والدہ : الفت رحیم بن فیض الٰہی

۲. درد کا نام ، کان درد ختم ہو، آنکھ کا درد ختم ہو

۱۷۰۵
۱۳۲۰
۳۰۲۵ میزان

۳. عدد قانون ۱۹۴۷۸
۳۰۲۵

امتزاج : ۱۳۹۰۴۳۷۵۸

حروف ع ھ ز ع د ص ج ا

ع ھ ز ع د ص ج ا

۳۴۷۶۰۹۳۹	۳۴۷۶۰۹۴۲	۳۴۷۶۰۹۳۵	۳۴۷۶۰۹۳۲
۳۴۷۶۰۹۳۴	۳۴۷۶۰۹۳۳	۳۴۷۶۰۹۳۸	۳۴۷۶۰۹۴۳
۳۴۷۶۰۹۳۳	۳۴۷۶۰۹۴۶	۳۴۷۶۰۹۴۰	۳۳۴۷۶۰۹۳۷
۳۴۷۶۰۹۴۱	۳۴۷۶۰۹۳۶	۳۴۷۶۰۹۳۵	۳۴۷۶۰۹۳۶

ع ھ ز ع د ص ج ا

ع ھ ز ع د ص ج ا

ع ھ ز ع د ص ج ا

۱۳۹۰۴۳۷۵۸
عدد قانون ۳۰
۱۳۹۰۴۳۷۲۸ ÷ ۴ = ۳۴۷۶۰۹۳۲
۱۲
۱۹
۱۶
۳۰
۲۸
۲۴
۲۴
۳۷
۳۶
۱۲
۱۲
۸
۸
×

(ایسا تعویذ بنا کر جہاں درد ہو وہ لگا دیں)

اکسیری لوشن بورک ایسڈ ۱۰ گرین، زنگ سلفاس ۳ گرین، پروکین ۳ گرین، ایکوا ایک اونس باہم ملا کر آشوب چشم درد چشم کے لئے بے حد مفید ہے

پیٹینٹ دوائیں اوپٹو لوشن، آئی مو، نسرین، وغیرہ

یونانی نسخہ قلمی شورہ ۴ تولہ، پھٹکری خام ایک تولہ، پھٹکری بریاں ۱/۲ تولہ، کافور خالص چاشت ۲ ماشے عرق گلاب تازہ ایک بوتل، تمام اشیاء کو بوتل میں ڈال دیں بس لوشن تیار ہے۔ دن میں چار مرتبہ قطرہ قطرہ آنکھ میں ڈالیں، آنکھوں کی جملہ امراض کے لئے بہترین تحفہ ہے۔

ہومیو پیتھک ایکونائٹ ۳ x اور سلفر ۳۰

بایو کیمک بیلاڈونا ۳۰ استعمال کریں خدا کے فضل سے شفا ہوگی۔

عمل درد دانت و چشم وغیرہ

پارہ نمبر آیت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

ترکیب عمل آیت شریفہ کو زعفران پر سات دفعہ پڑھ کر دم کریں اور اسے گھس کر پیشانی پر طلا کریں۔ بحکم خدا درد دور ہوگا۔

درد دانت کیلئے عقرقرحا پر سات دفعہ پڑھ کر اس سے کلیاں کریں بحکم خدا درد دور ہوگا۔

درد ڈاڑھ وکیڑا کیلئے کیکر کی چھال یا مساگ (جو عورتیں ملتی ہیں) پر سات دفعہ پڑھ کر دم کریں اور ڈاڑھ کے نیچے رکھ کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں، پانی نکالیں بحکم خدا آرام ہوگا۔

درد چشم کے لئے سات دفعہ صوت شیشہ پر دم کریں اور گھس کر آنکھوں پر لگائیں بحکم خدا صحت ہوگی۔

امراض چشم کا آبی علاج آنکھ کے درد اور سوجن میں قوت ہاضمہ ہی کا فتور زیادہ تر دیکھنے میں آیا ہے، پھر بھی سردی سے یا گرمی سے زیادہ دھواں لگنے سے گرد اور چوٹ کی وجہ سے آنکھ دکھنے لگتی ہے اور آماس ہو جاتا ہے اس کے لئے نیلے رنگ کی شعاع کو ایک دو منٹ تک منہ میں ڈالنا بہت بہتر ہے۔ نیلے رنگ کی شعاعوں سے آنکھوں کے زخم، سرخی اور رہے (ککرے) وغیرہ سب دفع ہو جاتے ہیں۔

علاج درد دانت | نمبر ۱ :- روغن لونگ میں روئی تر کر کے درد والے دانت کے سوراخ میں رکھیں آرام ہوگا۔

اکسیر دندان :- کاربالک ایسڈ، ریکٹی فائیڈ سپرٹ ہم وزن ملالیں اور شیشی میں محفوظ کریں۔

نمبر ۲ :- بوقت ضرورت چھوٹا سا پھایہ دوائی تر کر کے درد دانت والے سوراخ میں بھر دیں۔

نورانی قطرہ | ایٹروپیا سلفاس ایک رتی سلفیٹ آف مارفیا ۳ رتی، آب مقطر ایک چمچہ ملا کر روئی کے پھایہ کو بھگو کر سوراخ میں رکھیں۔

پیٹنٹ دوائیں | امرت دھارا، ستروین، ونگانین، پوز پیٹے بھی استعمال کرائیں

طبی علاج | پھٹکری سفید بریاں ۲ تولہ، مرچ سیاہ ۲ تولہ، گیرو ایک تولہ، نیلا تھوتھا ۶ ماشہ، کافور ۳ ماشہ
تمام دوائیں باریک پیس کر سفوف بنائیں، بوقت ضرورت دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں

ہومیوپیتھک | منگنیشیا فاس ۶x روزانہ تین چار خوراک لیں

بایوکیمک | فیرم فاس ۳x منگنیشیا فاس ۳x کلکیریا فلور ۶x ہموزن ۵ گرین کی پڑیا گرم پانی سے دن میں تین بار لیں، درد ختم ہو جائے گا۔

آبی علاج | دانت کے درد کے ساتھ کبھی کبھی مسوڑھے بھی سوج جاتے ہیں کبھی دانت ہی کی جڑھ میں درد ہونے لگتا ہے اس کے دفعیہ کے لئے آسمانی پانی سے غرغرے کر کے کلی کرنی چاہیے اس طرح بار بار کرنے سے درد کو فائدہ ہوتا ہے اگر فائدہ نہ ہو تو نارنجی رنگ کے پانی سے غرغرہ اور کلی کرنا چاہیے اس طرح ۵/۶ بار کرنے سے ضرور فائدہ ہوگا۔

عمل درد کان | ٹنکچر اوپیم ۱۵ منہم ٹنکچر بیلاڈونا ۳۰ منہم ([illegible] گلیسرین) باہم ملا کر قدرے گرم کر کے دو چار قطرے دوائی کان میں ڈالیں، شفا ہوگی۔

کیا درد ہو شفا | مرکری کروم ۵ گرین، بورک ایسڈ ۱۰ گرین، ریکٹی فائیڈ سپرٹ ۲ ڈرام، ڈسٹلڈ واٹر ۴ ڈرام سب کو شیشی میں حل کریں بوقت ضرورت ۲ قطرے کان میں ڈالیں

پیٹنٹ دوائیں | آرل جی سین، سلو پرین، ایرو سپورین بھی استعمال کرائیں۔

طبی علاج | روغن بابونہ، گل بابونہ ۵ تولہ، میٹھا تیل ۱۵ تولہ شیشی میں ڈال کر دھوپ میں چار روز کے بعد صاف کر کے عمل میں لائیں

ہومیوپیتھک | کیمومیلا ۶x۱ مرکیوری اس بلیٹینکو مدر ٹنکچر استعمال کریں۔

درد گردن | بسم اللہ الرحمن الرحیم انا جعلنا فی اعناقھم اغلالا فھی الی الاذقان فھم مقمحون

ترکیب عمل | جب کسی کی گردن میں درد ہو تو آیت مذکورہ چینی کی پیالی پر زعفران سے لکھیں اور عرق گلاب سے دھو کر پلائیں

سورۃ یٰسین آیت نمبر

نمبر ۲ :- یہ نقش لکھ کر مقام درد پر باندھیں۔ بحکم خدا شفا ہو گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۳۸۹	۳۸۴	۳۸۱۱
۳۸۱۰	۳۸۸	۳۸۶
۳۸۵	۳۸۱۲	۳۸۷

یونانی علاج | نمکین گرم پانی سے غرغرے کریں اور بعد میں بورو گلیسرین ۱/۲ ۱ اونس بورو کو ملا کر صبح و شام روئی کی پھریری سے گلے میں لگائیں، پینسیلین لوزنجز چوسیں

پیٹنٹ دوائیں | ٹامڈ وزنس، متھوداں، ٹیرو کومکس۔ استعمال کرائیں

طبی علاج | شیرہ تخم خیارین ۵ ماشہ، تخم کاہو ۳ ماشہ، عرق مکو ۵ تولہ میں نکال کر شربت نیلوفر ۲ تولہ میں ملائیں اگر سردی سے شکایت ہو۔ گاؤزبان، پرسیاؤشاں ہر ایک ۵ ماشہ، عناب ۷ دانہ، دانہ الائچی خورد، ۳ عدد، مصری ایک تولہ، سب کو آدھ پاؤ پانی میں جوش کر کے پلائیں، خناق کیلئے پنیسلین ۳ لاکھ یونٹ کا عضلاتی انجکشن کم از کم ۵ سے ۷ روز تک ہر ۲۴ گھنٹے کے بعد کرنا مفید ہے

درد کان کا آبی علاج | کان میں درد ہو، کان بجتے ہوں یا بہتے ہوں یا کم سنائی دیتا ہو تو آسمانی رنگ کے پانی کی پچکاری لگانا اور کان پر آسمانی رنگ کی شعاع ڈالنا بہت مفید ہے۔

عمل کنٹھ مالا | چمڑے کے تسمے لے کر مریض کے قد کے برابر یہ دعا پھونکیں، جتنی مریض کی عمر ہو اتنی گرہ دیں اور ہر گرہ پر یہ دعا پڑھیں اور یہ تسمہ مریض کے گلے میں ڈالیں یا خنازیر سانپ کی ہڈیوں پر پڑھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ مرض فنا زہر جاتا رہے گا دعا یہ ہے۔

عمل :- بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بعزۃ اللہ وقدرۃ اللہ وعظمۃ اللہ وبلسلطان اللہ و سلطان اللہ وکنف اللہ وجوار اللہ وامان اللہ وضع اللہ وکبریاء اللہ وتنظر اللہ وبھاء اللہ وجلال اللہ وکمال اللہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ من شر ما احذ۔

ڈاکٹری علاج | کاڈلیور آئل ۳ ڈرام سیرپ آف کیلشیم ہائپو فاسفیٹ ۲ ڈرام ۔ آئل آف کلوز ۹ منہم گریازوٹ ۵ منہم واٹر ۲ اونس اس میں سے نصف اونس دن میں ۳ مرتبہ دیں ۵ سال کے بچے کو ¼ حصہ دیں

جدید دوائی | لیوگال آیوڈین ۵ قطرے روزانہ آدھ گلاس میں ملاکر ۲ ماہ تک پلائیں اس کے بعد پوٹاشیم آیوڈائیڈ ۵ گرین ایک گھڑے میں پانی ڈال دینا چاہیے اور وہی استعمال کرنا چاہیے ۔

متورم غدودوں پر | کچھ عرصہ ٹنکچر آیوڈین دو بار روزانہ لگائیں

یونانی علاج | مریض کو دو رتی ریٹھہ قدرے پانی میں گھوٹ کر پلائیں اسکی مقدار میں اضافہ کرتے جائیں۔

یہ نسخہ مفید ہے | سفوف ریٹھہ ایک حصہ سفوف ملٹھی ۲ حصے دونوں کو تھوڑی گولیاں بنائیں ایک ایک گولی روزانہ چار مرتبہ

ہومیوپیتھک | سیپیا ۶ x روزانہ تین مرتبہ صبح شام استعمال کرائیں ۔

بایوکیمک | کالی میور ۶ x سیٹرم میور ۶ x نیٹرم فاس ۶ x دن میں تین دفعہ استعمال کرائیں۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابْ

مرگی کا عمل | فَسَیَکْفِیْکَہُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

طریقہ | یہ عمل چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر مریض کو پلائیں اور مریض کے اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی پلائیں بحکم خدا شفا ہوگی ۔ اگر کوئی مرگی کے دورے سے بیہوش ہوکر گر پڑے تو فوراً دائیں کان میں پوری اذان اور بائیں کان میں قامت سات بار کہیں، مریض ہوش میں آجائے گا ۔

عمل نمبر ۳ | (مرگی سے نجات)

مریض کے نام سے ستارہ معلوم کر کے اس ساعت میں چاندی کی تختی بنا کر ایک طرف یہ الفاظ کھدائیں ۔

پہلی طرف :- یَا قَہَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَہَّارُ

دوسری طرف :- یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَہْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَا مُذِلُّ

کھدوا کر تختی مریض کے گلے میں ڈالیں، شفا ہوگی ۔

ڈاکٹری علاج

پوٹاشیم برومائیڈ	۱۵ گرین
سوڈا بائیکاربونیٹ	۷½ گرین
لائیکوار آرسینی کیلاس	۳ منہم
ایکوا	۱ اونس

ایک ایسی خوراک دن میں تین مرتبہ پلائیں۔ ایک ہفتہ استعمال کافی ہے

پیٹینٹ ادویات

فینو باربی ٹون گولیا۔ فینیس ٹائین۔ سل تھائی ایم

یونانی علاج

سہاگہ بریاں ایک تولہ کا سفوف تیار کرکے ایک ماشہ بعد خوراک دن میں دو مرتبہ ایک ماہ تک کھلائیں۔

مرگی کی نسوار

کپاس کی سونڈی ۳۰ عدد آک کا ٹڈا ایک عدد زعفران ایک ماشہ۔ ترکیب :۔ زندہ سونڈیوں کو لے کر ایک کھلے منہ والی بوتل میں ڈال کر پھر آک کا زندہ ٹڈا ڈال دیں۔ ٹڈا ان سونڈیوں کو کھا جائے گا پھر اسے خشک کریں اور باریک پیس لیں اور پھر زعفران ملالیں۔ مرگی والے مریض کو دن میں دو دفعہ نسوار استعمال کرائیں۔

ہومیوپیتھک

ادیبیم ۳۰ بکس وامیکا ۳۰

بائیوکیمک

سلفر ۳۰ استعمال کرائیں۔

مرگی کا آبی علاج

یہ مرض اکثر کمزوری کے باعث پیدا ہوتا ہے اوّل کچھ دنوں تک کمزوری رہتی ہے بعد میں اس کا اثر دماغ میں ہو جاتا ہے اس میں اورنگی رنگ کا پانی صبح شام دو دو تولہ پلانا چاہیے اور سینہ پر ہرے رنگ کی شعاعیں ڈالنا چاہیے یہ علاج مسلسل جاری رکھنا چاہیے خواہ مرض کا دورہ ہو یا نہ ہو جب دورہ کا بالکل احتمال نہ رہے اس وقت علاج بند کر دینا چاہیے۔

انسانی خدمت کرنا بڑی عبادت ہے اس لئے جتنی ممکن ہو سکے
ہر حال میں انسان کی خدمت کرنا چاہیے جس طرح بھی ہو سکے،
اس لئے میں علاج بالماء کا بھی پیش کرتا جاؤں گا۔



کئی لوگوں کا خیال ہے کہ سورج کی روشنی سے علاج ایک نئی اختراع ہے لیکن یہ کوئی نئی ایجاد نہیں ہے یہ سب پرانی ایجادیں ہیں صرف ترقی نہ دینے کے باعث معدوم ہوگئیں اس بات کو ہمیشہ مدنظر رکھیں جسم کی امراض اور تندرستی کا دارومدار عنصروں کی کمی بیشی و اختلاف پر ہے یعنی امراض ہوں یہ امراض بادی ریاحی امراض، صفراوی امراض، بلغمی امراض، دموی یعنی خون کی پیدائش سے پرانے بزرگوں نے سورج کے ذریعہ عنصروں کی اصلاح سے چند قاعدے پیش کئے ہیں جو یہاں پر فقیر آپ کی خدمت اقدس میں درج کرتا ہے۔ پانچ قسم کی رنگدار بوتلوں میں پانی بھر کر سورج کے کرنوں کا اثر اس میں فراہم کر کے بیماریوں کے دور کرنے کے لئے استعمال کرنا لکھا ہے۔

عامل کو چاہیے کہ پانچ رنگ بارک صاف ستھری بوتلیں لیں جن میں ایک نیلی، دوسری سبز، تیسری سرخ چوتھی سفید اور پانچویں زرد ہو۔ ان بوتلوں کو صاف کنوئیں کا پانی یا صاف نلکہ کا پانی نصف نصف بوتلیں بھر دیں اور کارک سے بخوبی منہ بند کر کے ان بوتلوں کو دھوپ میں جہاں خوب لگے لٹکا دیں یا کسی ایسی جگہ رکھیں جہاں کافی دھوپ ہو کم از کم دو گھنٹے اور زیادہ سے زیادہ تین گھنٹے سورج کی کرنیں اپنے اپنے رنگ کے مطابق ان بوتلوں سے گذر کر پانی کے اندر ایک قسم کی کہربائی قوت پیدا کر دیتی ہیں بعد میں بوتلوں کو اٹھا کر ان کے پانی کو جس قسم کی بیماری ہو اس کے مطابق عمل کرنا چاہیے۔

۱ :- نیلی بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں ان کا اثر سرد ہوتا ہے۔
۲ :- سبز بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں ان کا اثر معتدل ہوتا ہے۔
۳ :- سرخ بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں ان کا اثر بہت گرم ہوتا ہے۔
۴ :- سفید بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں ان کا اثر مائل بہ سردی ہوتا ہے۔
۵ :- زرد بوتل پر جو شعاعیں پڑتی ہیں ان کا اثر کم گرم ہوتا ہے۔

نوٹ کریں :- نیلا رنگ آسمان کا ہوتا ہے اور سرخ رنگ آگ کا ہے، سفید رنگ پانی کا ہوتا ہے، اور زرد رنگ مٹی کا ہوتا ہے سبز رنگ ہوا کا ہوتا ہے پس جب کسی بیماری کا علاج کرنا ہو، گرمی سردی کے لحاظ سے جس رنگ کی بوتل کو مناسب خیال کریں استعمال میں لائیں، اس پانی کی خوراک ۶ ماشے سے لے کر ۵ تولے تک قوت کے لحاظ سے دینی چاہیے۔

۱ :- زیادہ گرم امراض میں نیلگوں بوتل کا پانی استعمال کرنا چاہیے
۲ :- بادی اور ریاحی امراض میں سبز بوتل کا پانی بہتر ہے۔
۳ :- زیادہ سرد بیماریوں میں سرخ رنگ کی بوتل کا پانی بہتر ہے۔
۴ :- بدہضمی اور زکام وغیرہ کیلئے سفید رنگ کی بوتل کا پانی استعمال کرائیں۔
۵ :- قبض اور درد معدہ وغیرہ زرد رنگ کی بوتل کا پانی بہتر ہے۔
۶ :- بعض تیز بیماریوں میں نیلگوں اور سرخ بوتل کا پانی بہتر ہوتا ہے۔

ضروری احتیاط نیلی بوتل کا پانی ایک ہفتہ تک استعمال کر سکتے ہیں۔ سبز و زرد بوتل کا پانی صرف دو روز تک استعمال کر سکتے ہیں۔ سفید و سرخ میں صرف ایک روز تک استعمال کریں۔ اس کے بعد پانی استعمال کرنا فضول ہے کوئی فائدہ نہ دے گا۔

نیلی بوتل کا پانی

(قبل ازیں بھی لکھ چکا ہوں)

مندرجہ ذیل امراض میں فائدہ دیتا ہے، تپ، سوزش، گرمی معدہ، نزلہ، گرمی دماغ، ہیچش، رفت داہ، خارش وغیرہ میں کارگر ہوتا ہے۔

سرخ بوتل کا پانی

مندرجہ ذیل امراض پر اثر انداز ہوتا ہے۔ دردسر، دردِ ان سر، درد سینہ، سوزش سینہ

یرقان وغیرہ میں دیں۔

سرخ بوتل کا پانی

مندرجہ ذیل امراض میں نفع دیتا ہے
فالج، لقوہ، رعشہ، استسقاء، دمہ اور دوسری امراض میں فائدہ دیتا ہے

سفید بوتل کا پانی

زکام، نزلہ، کھانسی، پھوڑا، پھنسی، بدہضمی اور فساد خون کے امراض میں مفید ہوتا ہے۔

زرد بوتل کا پانی

قبض شکم، ضعف جگر وغیرہ میں دیا جاتا ہے۔

چونکہ قبض ام المرض ہے اس لئے اس کا خاص خیال رکھیں معمولی قبض کے لئے یا دائمی قبض کیلئے زرد بوتل کا پانی کھولتا ہے۔ علی الصبح ۲ تولہ اس بوتل کا پانی اور شام ۲ تولہ چند روز استعمال کریں تو قبض کی شکایت ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتی ہے

نوٹ یہ بھی یاد رکھیں کہ جو بیمار کے لئے مخصوص کریں اگر موافق خلط اور بیماری کے اگر رنگ بھی کروا یا جائے تو بیت جلد بیمار صحت مند ہو جانے کا امکان ہے۔ اس سے زیادہ تشریح اور توضیح کرنا میرے بس کی بات نہیں ہے "ذٰلِكَ مِنْ اَنبَآءِ الْغَيْبِ" اہل علم غور کریں اور انصاف کریں، میں کسقدر خدمت سرانجام فراخ دلی سے پیش کر رہا ہوں، ایسے روحانی جسمانی علاج آپ کو کسی دوسری کتاب میں نہیں ملے گیں۔

درد شکم یا درد سینہ

جس شخص کو درد شکم ہو یا درد سینہ ہو تو سورہ الم نشرح سات دفعہ پڑھ کر دم کریں اور سات دفعہ الحمد شریف بھی پڑھ کر پیٹ پر یا سینے پر دم کریں، یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں بحکم خدا شفا ہو گی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

٣١٠٣	٣١٠٧	٣١١٠	٣٠٩٦
٣١٠٩	٣٠٩٧	٣١٠٢	٣١٠٨
٣٠٩٨	٣١١٢	٣١٠٥	٣١٠١
٣١٠٦	٣١٠٠	٣٠٩٩	٣١١١

سورۃ الم نشرح، کل اعداد ١٢٤١٦ ہیں

درد کا جسمانی علاج | کافور ۳ ماشہ، منتھول ۶ ماشہ، تھائیمول ۳ ماشہ۔ سب ادویات کو ملا کر دھوپ میں رکھیں، یہ سیال امرت دھارا بن جائے گا۔ ہر درد اندرونی بیرونی کے لئے زہریلے جانوروں کے کاٹنے کا بھی علاج ہے۔

سوڈا منٹ کی گولیاں | ایک گولی صبح اور شام بعد از غذا استعمال کرائیں

پیٹنٹ دوائیں | ڈیجی پلیکس، ٹی سی۔ الف، کومنی زائم (ابو ہرنگر)، ٹاکا کومیکس

طبی علاج | تریاق معدہ، فلفل سیاہ، نوشادر ہرمی ہر ایک تولہ۔ تخم دھتورہ ۴ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ استعمال: ایک رتی سے دو رتی پانی کے ساتھ صبح شام استعمال کریں۔

بدہضمی | پیٹ کی جملہ امراض کے لئے اکسیری نسخہ: انار دانہ، املچور، دارچینی، فلفل گرد، فلفل دراز، سونٹھ، زیرہ سیاہ، سونف گرد، نوشادر، سوہاگہ بریاں ہر ایک تولہ تولہ، نمک سونچل ۵ تولہ، ست لیمو ۲ ماشہ، سلفیورک ایسڈ ۶ ماشہ۔ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر باہم ملالیں اور شیشی میں حفاظت سے رکھیں

استعمال: ۴ رتی سے ایک ماشہ۔ صبح شام غذا کے بعد

ہومیوپیتھک | میگنیشیا فاس ۶x، ۵ گرین گرم پانی کے ساتھ کالوسنتھ استعمال کرائیں۔

بایوکیمک | نیٹرم فاس ۳x نیٹرم سلف ۳x سیلیشیا ۱۲x باہم ملا کر ۵ گرین کی پڑیا نیم گرم پانی کے ساتھ دن میں چار دفعہ استعمال کریں۔

بدہضمی کا آبی علاج | اگر امتلاء اور بدہضمی سے دست آتے ہوں، پیاس زیادہ لگتی ہو تو نیلے رنگ کا پانی دن میں ۳-۴ بار ایک ایک خوراک دینا چاہیے اگر پیٹ میں درد ہو تو نارنجی رنگ کا پانی ۵ تولہ پینا چاہیے، اگر متلی آتی ہو یا قے ہوتی ہو تو آسمانی رنگ کا پانی ایک ایک تولہ آدھ آدھ گھنٹہ کے بعد پینا چاہیے

دافع ہیضہ | اس نقش کو ہیضے والے مریض کے گلے میں لکھ کر ڈال دیں۔ بحکم خدا شفا ہوگی۔

نمبر ۲: اس کو چینی کی پلیٹ میں روزانہ زعفران سے لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر پلائیں بحکم خدا شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یابدوح	کھیعص	یاحفیظ	حمعسق
یالطیف	یاحفیظ	یالطیف	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
الٰہی بحرمت	بنی سردا	ازوباد	لگا بدار

الکٹری علاج | اسپرٹ انیتھر ۲۰ بوند۔ آئل کیجوپٹ ۵ بوند۔ آئل جونی پرہ ۵ بوند۔ آئل سیفرنٹ
ٹنک ۱۵ بوند، ایکوا ایک اونس۔ آپس میں ملائیں۔ ایسی ایک خوراک ہر دو گھنٹے کے بعد دیں۔

فرتی مسیحائی | کیلیشیم پرمنیگنیٹ نف ہو ماشہ ایک رتی ۲ پونڈ پانی میں ملائیں اور مریض کو پانی کی جگہ پلاتے رہیں۔

پیٹنٹ دوائیں | سلفاگوانے ڈین ٹکیاں۔ ایمیوسکس ڈین۔ روغنی کیمفر ۲ قطرہ پانی میں ڈال کر ہر گھنٹہ بعد پیتے رہیں۔ شفا ہوگی۔

طبی علاج | ہلدی ۶ ماشہ، پوست بیخ مدار ۹ ماشہ، چونا عنزردنی ۵ ماشہ، مرچ سیاہ ۷ ماشے سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سفوف بنا دیں، پھر اس کو آب پودینہ میں ہم وزن کھرل کرکے حب نخودی بنائیں۔ ترکیب استعمال ایک گولی ہر چار گھنٹے کے بعد ہمراہ عرق پودینہ۔

ہومیوپیتھک | سلفر ۳۰ وزنیٹرم استعمال کرائیں

بائیوکیمک | آرسیم، نکوٹیئم، سٹیکم وغیرہ استعمال کرائیں

تانبہ کی انگوٹھی پہننا فوراً تشنج اور اینٹھن ختم کر دیتا ہے۔

دافع درد دل وخفقان

اس تعویذ معظم کو جمعہ کے دن پہلی ساعت میں اسکو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور مریض کے نام کے اعداد کے مطابق یہ پڑھیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم دل ملوا کن مستقیم بحق ایاک نعبدو ایاک نستعین پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔

سورۃ الطارق کو زعفران سے چینی کی رکابی پر لکھ کر مریض کو پلائیں خدا کے فضل سے شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۲۳۱	۲۲۳۵	۲۲۳۸	۲۲۳۲
۲۲۳۴	۲۲۲۵	۲۲۳۰	۲۲۳۹
۲۲۲۶	۲۲۴۰	۲۲۳۳	۲۲۲۹
۲۲۳۲	۲۲۲۸	۲۲۲۷	۲۲۳۹

ڈاکٹری علاج | کورامین اور سٹرفینن کے مرکبات کنین اور گلاشوفاسفیٹ کے مرکبات فوری طور پر استعمال کرائیں۔

اسپرٹ امونیا ایرومیٹیک ۱/۲ سے ایک ڈرام ایک اونس پانی میں ملا کر استعمال کرانے سے دل کو خاصی تقویت پہنچے گی۔

طبی علاج | زہر مہرہ خطائی ایک تولہ، مروارید ناسفتہ، کہربا شمعی، یاقوت سرخ، لاجورد، مغسول، یاقوت کبود، یاقوت اصفر، سنگ یشب سبز، زمرد، اخضر، عقیق سرخ، ورق نقرہ، مصطگی ہر ایک سات سات ماشہ، ورق طلائی، جدوار خطائی، نارجیل دریائی، کستوری، حب الثعلب، مصیانی خاص ہر ایک ۱/۲ ۴ ماشہ ایک ہفتہ تک تمام دواؤں کو روح گلاب میں کھرل کریں

مقدار خوراک | دو چاول تا چار چاول خمیرہ گاؤزبان عنبری کے ساتھ استعمال کرائیں

ہومیوپیتھک | کریٹے گس، ہیرانشا کارب، استعمال کرائیں۔

بائیوکیمک | کالی فاس ۳x یا ۶x فیرم فاس ۶x x ۱۲ استعمال کرائیں۔

امراض قلب کا آبی علاج | دل میں درد ہونا، دل کا دھڑکنا، ان دونوں مرضوں میں آسمانی رنگ کا پانی دو دو تولہ صبح و شام پینا چاہیے اور دل پر آسمانی رنگ کی شعاع ۱۰ - ۱۵ منٹ تک ڈالنا چاہیے۔

مرض جنون پاگل کیلئے

آنحضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر مرض کا علاج شافی قرآن کریم میں ہے، چالیس امراض کا علاج سورۃ بقر کے اندر موجود ہے شرط ہے کہ عامل باعمل ہو پھر تاثیر نظر آئے گی، موذی مرضوں کے لئے اکسیر اعظم ہے اگر کوئی شخص پاگل ہوگیا ہو کسی دوا سے درست نہ ہوتا ہو تو پورے یقین کے ساتھ سورۃ بقر کا یہ نقش اپنے گلے میں ڈالیں اور چار نقش لکھ کر ایک تیل میں ڈال کر روزانہ تمام جسم کی مالش کرتے رہیں، سر اور پیٹ کی بائیں طرف صبح شام مالش کریں، باقی دو نقوش اپنے پاس رکھیں ایک نقش پانی میں ڈال کر روزانہ پلایا کریں، دن کے وقت چھ دفعہ اور رات کے وقت چار دفعہ۔ انشاء اللہ ۲۱ روز میں شفاء ہوجائیگی لیکن

شرط یہ ہے کہ پانچوں وقت کا نمازی ضرور ہو اور پاک صاف رہنا چاہیے۔

نقش یہ ہے

سورہ بقرہ کے اعداد ۹۰۷۶۰۹

عدد قانون - ۳۰

۴) ۹۰۷۵۷۹ (۲۲۶۸۹۴

۸
۱۴
۱۲
۲۷
۲۴
۳۵
۳۲
۳۷
۳۶
۱۹
۱۶
۳ باقی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۲۶۸۹۳	۲۲۶۹۰۸	۲۲۶۹۵۵	۲۲۶۹۰۲
۲۲۶۹۰۶	۲۲۶۹۰۱	۲۲۶۸۹۵	۲۲۶۹۰۷
۲۲۶۹۰۰	۲۲۶۹۰۳	۲۲۶۹۱۰	۲۲۶۸۹۹
۲۲۶۹۰۹	۲۲۶۸۹۷	۲۲۶۸۹۹	۲۲۶۹۰۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۳۴۹۳	۳۵۰۷	۳۵۰۳	۳۵۰۱
۳۵۰۵	۳۵۰۰	۳۴۹۴	۳۵۰۶
۳۴۹۹	۳۵۰۲	۳۵۰۹	۳۴۹۵
۳۵۰۸	۳۴۹۶	۳۴۹۸	۳۵۰۳

پانچویں گھر میں ایک کا اضافہ کرتے جائیں، نقش پُر ہو جائے گا۔ مذکورہ بالا ہدایت پر عمل کریں۔

مریضِ جنون کیلئے چند ہدایات

۱ :۔ مریض کو روزانہ بوقت صبح سر پہ پانی کی دھار باندھ کر نہلایا جائے۔

۲ :۔ مریض کو غسل کے بعد اعلیٰ درجے کا عطر لگا کر نہایت نفیس اور سفید رنگ کا لباس پہنایا جائے۔

۳ : عمدہ باغ کی سیر کرانا، خوشبودار پھولوں کو سنگھانا اور عجیب وغریب اشیاء دکھانا مریض کیلئے مفید ہے

۴ : وارثانِ مریض طبیعت پر زور ڈال کر اس کے خیالات فاسدہ کی نقاب کشائی کریں، یہ سو علاجوں کا ایک علاج ہے۔

ڈاکٹری علاج علاج میں سب سے مقدم یہ بات ہوتی ہے کہ مریض کو نیند لانے کی کوشش کریں۔ مریض کو ایک صاف ہوادار کمرے میں رکھیں اور اس کے ساتھ بہت نرمی اور محبت سے پیش آئیں، کوئی ایسی بات نہ کریں جس سے اس کی طبیعت میں جوش پیدا ہو۔ نیند لانے کے لئے پوٹاشیم برومائیڈ ۲۰ سے ۴۰ گرین اور کلورل ہائیڈریٹ ۱۰ گرین ایک یا دو اونس پانی ملا فوراً پلادیں، اگر قبض ہو تو پہلے ایک قطرہ کروٹن آئل، پانچ قطرے گلیسرین ملا کر زبان کی جڑ پر مل دیں اور بعد میں ۳ گرین کیلومل اور نصف ڈرام کمپونڈ پاؤڈر آف جلیپ ملا کر دیں۔ مریض کا سر منڈا کر اس پر آب سرد میں کپڑا تر کر کے یا برف رکھیں، ہر روز آب سرد سے غسل دیں اور اس کے سر پر آب سرد دھارا کریں، کبھی قبض نہ ہونے دیں۔ اس کی طبیعت میں جوش پیدا نہ ہونے دیں۔ گرم، ثقیہ، ونفاخ اغذیہ واشربہ سے بالکل پرہیز رکھیں۔ لطیف اور زود ہضم اغذیہ مثلاً دودھ، آش جو دودھ، چاول، فیرنی، سادہ شوربہ، کھچڑی اور ساگو دانہ وغیرہ دیں۔

علاج ہائیوسین اس مرض کے لئے خاص طور پر بہت مفید ہے چنانچہ ۱/۲۰۰ سے ۱/۸۰ گرین کی جلدی پچکاری کریں یا داخلی طور پر مرکبات ٹائیوسائی میں استعمال کرائیں، دوسری نیند لانے والی دوائیں مثلاً او پیم، مارفیا، کونایم، بیلاڈونا، کلورل وغیرہ بھی مفید ہیں، کمزوری کی حالت میں مرکبات فولاد کا ڈلو درائل دیں۔

دافع عشق و جنون اور دیوانگی

ایک دن ایک اصحابی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ ایک اعرابی نے حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ یا رسول اللہ میرے بھائی کو جنون ہو گیا ہے آپ علاج فرما دیں آپ نے حکم دیا، اُسے یہاں پکڑ لاؤ چنانچہ اعرابی اپنے بھائی کو دربار محمدی میں لے آیا اور اُسے اپنے روبرو بیٹھا کر

اور بسم اللہ مع سورۃ فاتحہ ایک بار پھر سورۃ بقرہ کی شروع کی چار آیتیں یعنی مفلحون تک اور پارہ نمبر ۲ تیسرے رکوع سے آیت وَ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اور پھر آیۃ الکرسی ایک بار اور تین آیات آخری سورۃ بقرہ کی اور ایک آیت سورہ آل عمران کی آیت ۱۸ پارہ تیسرا شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ اور ایک آیت سورۃ اعراف کی پارہ نمبر ۸ آیت ۵۴ اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ سے لے کر رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ تک مکمل آیت اور آیت سورۃ جن پارہ نمبر ۲۹ آیت نمبر ۳ وَّاَنَّہٗ سے لے کر وَّلَا وَلَدًا تک سورہ مومنون فَتَعٰلَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ اور دس آیات اول سورۃ صافات کی پارہ نمبر ۲۳ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا آیت نمبر ۱ تا آیت نمبر ۸ تک عَذَابٌ وَّاصِبٌ تک اور تین آیت آخری سورۃ حشر کی پارہ نمبر ۲۸ آیت نمبر ۲۲ ھُوَ اللّٰہُ سے وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ تک۔ پس ازاں قل ھو اللہ اور تینوں معوذ پڑھ کر پاگل کی ناک میں پھونکیں اور تیل پر پھونک مار کر تمام جسم کی مالش کریں۔ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ ہر قسم کے دماغی امراض کا بہترین روحانی عمل ہے۔ فقیر نے کئی بار تجربہ کیا اور بہتر ثابت ہوا۔

پیٹنٹ دوائیں کلور پرومازین (لارجیکٹل) پاگل پن میں مفید ہے۔ کم سے ۲۵ سے ۱۰۰ ملی گرام روزانہ تک دیا جاتا ہے۔

کلور پرومازین سیرپ (لارجیکٹل) دماغی بیماری کا اعلیٰ علاج ہے ایک چھوٹا چمچ دن میں دو تین بار پلائیں۔

لوریزی پام گولیاں (ایٹی وین) دماغی پریشانی، گھبراہٹ وغیرہ کے لئے ایک گولی دن میں دو یا تین بار دیں۔

یونانی علاج اگر قبض ہو تو جمال گوٹہ، ریٹھا، بیخ جلاپہ یا تربد کا جلاب دیں۔ نیند نہ آئے تو روغن کدو، روغن خشخاش برابر وزن ملا کر حسب ضرورت سر پر مالش کریں۔ خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ جوارش جالینوس اور شربت صالحین بھی ساتھ ساتھ دیتے رہیں، ضرورت سمجھیں تو کنپٹیوں پر جونکیں لگائیں یا فصد سرارو کرائیں۔ اطریفل اسطوخودوس ۷ ماشہ یا خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۵ ماشے یا خمیرہ مروارید ۵ ماشے یا دوا المسک معتدل جواہر والی ۵ ماشے عرق گاؤزبان یا عرق عنبر یا عرق بید مشک کے ہمراہ دینا مفید ہے۔

ہومیوپیتھک علاج بیلاڈونا ۲۰۰ سب سے پہلی دوائی یہ ہے جو ان علامات میں دی جاتی ہے۔ غصہ بے چینی، دردسر، تپلیاں پھیلی ہوئیں اور مریض نہایت تند مزاج ہو۔

سٹراموینم ۳۰ :۔ مریض تند مزاج ہو، مارنے اور کاٹنے کی خواہش کرے، چوہے، سانپ دیکھ کر بڑا خوف زدہ ہو۔

آرسنیکم ۳۰ :۔ مریض یہ سمجھے کہ اس کا کوئی نہیں۔ اسے سب بہن، بھائی اور دوست چھوڑ چکے ہیں، حافظہ کمزور ہو، غصے والی بات سن کر باعث و مباحثہ سے مشتعل ہو جاتا ہے۔

لاکسس ۲۰۰ :۔ مریض شکی، وسواسی اور وہمی ہو تو اکسیر دوا ہے، چار چار گھنٹے بعد دیں

پاگل پن دیوانگی یا جنون کا پانی سے علاج اس مرض میں نیلے رنگ کی شعاع سر کی پیشانی پر ۵ سے ۱۵ منٹ تک ڈالنا چاہیے اور نیلے رنگ کا ہی پانی صبح شام ½ ۲ تولہ پلانا چاہیے، اگر غشی کی حالت میں مریض اوٹ پٹانگ کثرت سے بکتا ہو تو سر پر نیلے رنگ کے پانی کی گدی بھی رکھنا چاہیے۔ اس رنگ کی شعاع اسی طرح ڈالنا چاہیے، جس طرح مرض دردِ سر میں مریض کے سر پہ آسمانی رنگ کی شعاع ڈالی جاتی ہے۔

دافع سنگ مثانہ

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — جبرائیل — میکائیل — اسرافیل — عزرائیل — تولد

اس تعویز کو لکھ کر اکیس روز تک گلاب کے پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں بحکم خدا پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو گی اور کسی قسم کی تکلیف نہ ہو گی واقعی سریع التاثیر اور مجرب نقش ہے۔ لیکن قبض نہ ہونے دیں۔

ہر بیماری کیلئے نقش شفاء

اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ جو مریض لا دوا ہو اُسے یہ نقش پانی میں گھول کر پلائیں اور ایک نقش تیل میں ڈال کر مالش کریں انشاءاللہ شفاء ہو گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۶۵۴	۶۶۶	۶۶۲	۶۶۱
۶۶۵	۶۶۰	۶۵۵	۶۶۶
۶۵۹	۶۶۲	۶۶۹	۶۵۶
۶۶۸	۶۵۷	۶۵۸	۶۶۳

اسرافیل — عزرائیل — میکائیل — کہیعص — حمعسق

مرض سوکھا کا روحانی علاج

یہ تعویز ۳ عدد ساعت نیک میں اتوار کے دن ساعت عطارد، سوموار کے دن ساعت مریخ، منگل کو ساعت قمر، بدھ کو ساعت شمس جمعرات کو ساعت زحل، جمعہ کو ساعت مریخ، سنیچر کو ساعت زہرہ میں مذکورہ بالا تعویز لکھیں، ایک عدد تعویز بچے کے گلے میں ڈالیں، دوسرا تعویز تیل میں ڈال کر سر میں، کانوں میں اور تمام بدن کی مالش ۲۱ روز کرتے رہیں۔ تیسرا تعویز پانی میں ڈال کر خوب پانی پلاتے رہیں اور خدا کے فضل سے شفاء ہو گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۴۱۶	۴۳۰	۴۲۹	۴۲۳
۴۲۷	۴۲۲	۴۱۷	۴۲۹
۴۲۱	۴۲۴	۴۳۲	۴۱۸
۴۳۱	۴۱۹	۴۲۰	۴۲۵

اسرافیل — عزرائیل — میکائیل — کہیعص — حمعسق

جسمانی علاج

کاڈلیور آئل ۲۰ منم

لائیم واٹر ۱ ڈرام

ترکیب:— کاڈلیور آئل میں تھوڑا تھوڑا لائیم واٹر ملا کر شیرہ سا تیار کر لیں۔

خوراک:— ایسی ایک خوراک دن میں دو مرتبہ بچے کو دیں۔

فوائد: ــــ بچوں کے سوکھا سان اور جسمانی کمزوری میں بہت مفید ہے


حب اکسیر اطفال مروارید ناسفتہ ۴ رتی، زہر مہرہ خطائی، تخم اسپغول، ناجیل، دریائی پوست، ہلیلہ زرد، مغز کنول گٹہ، طباشیر، دانا الائچی خورد، زیرہ گلاب (زرد) ہر ایک چھ چھ ماشہ سب کو باریک پیس کر عرق گلاب میں مونگ کے برابر گولیاں بنائیں

مقدار خوراک: ۲ گولی صبح ۲ گولی شام شیر مادر یا پانی میں گھس کر پلائیں۔ جملہ امراض بچہ کے لئے بے نظیر تحفہ پیش کر رہا ہوں۔ یہ دوائی کم از کم بیس روز تک جاری رکھیں۔

ہومیوپیتھی علاج کلکیریا فاس × ۶ (۱ ڈرام)، فیرم فاس × ۶ (۱ ڈرام) نیٹرم فاس × ۶ (۱ ڈرام) تمام دواؤں کو ملالیں

مقدار خوراک: ــــ ۵ گرین دن میں چار مرتبہ دیں یہ دوائی بچوں کی اکثر بیماریوں میں مجرب ہے، نجوم کا اگر آپ نے خیال کیا تو دعا اور دوا اکسیر ثابت ہو گی۔ دیکھیں جب قمر برج، برج سرطان کے ۲۴ - ۲۹ یا اسد کے ۲ درجہ یا برج میزان کے ۲۱ درجہ یا عقرب کے ۲۹ درجہ یا برج دلو کے ۲۸ درجہ پر ہو تو اب عمل دعا یا دوا کا کریں تو پھر اسرار الہی کا اعجاز دیکھیں۔ چونکہ اعمال صحت جاری ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ قمر کو آپ تلاش کریں کہ وہ کس برج میں ہے اگر وہ آپ کے مطلوبہ درجہ میں برجوں میں نظر آئے تو پھر ساعت کو تلاش کریں گذشتہ ابواب میں موقع محل میں پیش کرتا آیا ہوں اور پھر یہاں آپ کی سہولت کے لئے پھر پیش کرتا ہوں۔

قمر کی حرکات بروج میں



آپ دیکھیں، قدرت آپ کی کیا معاونت اور مدد کرتی ہے، دلوں کو خاص مرکز بنائیں، مثلاً اتوار کو ساعت عطارد میں سوموار کے دن ساعت مریخ میں منگل کو ساعت قمر میں بدھ کو ساعت

شمس میں جمعرات کو ساعت زحل میں، جمعہ کو ساعت مریخ میں، سنیچر کو ساعت زہرہ میں امراض کو جسم سے نکالنے کے عمل کریں: یا نقوش لکھیں یا ادویات بنائیں، پھر دیکھیں، خداوند کریم بیماری کو کس طرح رفع کرتے ہیں۔

عرق النساء

عرق النساء کو لنگڑی کا دورا اور رینگن کا دورہ بھی کہتے ہیں جو ایک جسم کے سب سے بڑے پٹھے سے شروع ہوتا ہے اور تمام ٹانگ سے ہوکر انگلیوں تک پہنچ جاتا ہے یہ مرض عموماً ادھیڑ عمر کے آدمیوں کو ہوتا ہے، زیادہ تر عورتوں کو ہوتا ہے

روحانی علاج

مریض کے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق آیت کریمہ کو پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اور تیل پر دم کرکے جسم کی مالش کریں اور پانی مریض کو پلائیں اور مذکورہ بالا سات تعویذ کے اندر لکھ کر مریض کی کمر میں باندھیں۔ انشاءاللہ شفا ہوگی، آیت کریمہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللّٰھمّ ربّ کلّ شیءٍ ومَلیکَ کلّ شیءٍ انتَ خلقتَنی وخلقتَ عِرقَ النّساء فی ولا تسلّطهُ علیّ ولا تُسلّطنی علیهِ بِالقطعِ واشفنی شفاءً لا یُغادرُ سقماً لا شافی اِلّا انتَ

دوسرا عمل

مریض کے قد کا نیلا سوت کا دھاگا لے کر سات تاروں کا لے کر اس آیت کریمہ کو اس کے نام کے اعداد کے مطابق سات گانٹھیں لگائیں اور پھر درد والی جگہ پر باندھ دیں۔ صبح سے شام تک باندھیں، پھر دوسرے دن اسی طرح عمل کریں، سات دن پورا عمل کریں انشاءاللہ شفاء ہوگی آیت کریمہ یہ ہے۔

واِذ قتلتم نفساً فادّٰرءتم فیها واللهُ مخرجٌ ما کنتم تکتمون فقلنا اضربوه ببعضها کذالک یحیِ اللهُ الموتیٰ ویریکم آیٰتهٖ لعلّکم تعقلون ٥

جسمانی علاج

وجوہات :-

شدید قبض، گیلی جگہ پر بیٹھنا، چوٹ لگنا، نقرس، آتشک، وجع المفاصل اور بعض اوقات حرارہ کی پتھری اور ذیابطیس میں یہ مرض ہو جاتا ہے۔

علاج

مسکنات کا استعمال کریں، وٹامن بی جس کا تجارتی نام بیرین ہے، اس مرض کے لئے مفید ہے، ١٠٠ ملی گرام روزانہ عضلاتی یا جلدی انجکشن کریں، اگر سیبا جین ٢ سی سی ملا کر انجکشن کیا جائے تو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ شدتِ درد میں مارفین ½ گرین کا عضلاتی یا جلدی انجکشن

کیاجائے توبہت جلد فائدہ ہوتا ہے وقتی طور پر درد کو فائدہ ہوجاتا ہے

یونانی علاج اکسیر عرق النساء

سم الفار سفید ایک تولہ، نمک شیشہ ۵ تولہ، دونوں کو کھرل کر کے آک کے دودھ سے تر کر کے مٹی کے آبخورہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال لیں، باریک پیس کر فلفل دراز ۳ تولہ فلفل سیاہ ۳ تولہ، تخم کرفس ۳ تولہ، نانخواہ ۳ تولہ، اجوائن خراسانی ۳ تولہ، اچھی طرح کھرل کریں۔ لیموں کاغذی دس عدد کا پانی نکال کر کھرل کریں، پھر نخودی گولیاں تیار کریں۔

خوراک ایک تا دو گولی ہمراہ دودھ کھلائیں، تمام امراض جسمانی کو فائدہ دیتا ہے خاص طور عرق النساء کو تین ہفتے میں صحت کلی ہوجاتی ہے۔

پیٹنٹ دوائیں

امیلی لڑل (وبائر) دافع درد دوا ہے۔ مارفیا کے برابر اثر رکھتی ہے۔ عضلاتی اور زیر جلد ٹیکوں کے ۲ سی سی اور ۵ سی سی کے امپول بکتے ہیں۔ ٹیبلٹ آف کوڈین کمپونڈ۔

ہومیوپیتھک علاج

کالوسنتھ ۶x ہر دو گھنٹہ بعد ایک خوراک

پلسٹلا ۳x ہر دو گھنٹہ کے بعد ایک خوراک

ایکونائیٹ ۳x ہر دو گھنٹہ بعد ایک خوراک

ہر قسم کے جانور جو پالے جاتے ہیں، انکی ہر مرض کا روحانی علاج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۱۶۸۳م	۱۶۸۶م	۱۶۸۸م	۱۶۷۵م
۱۶۸۷م	۱۶۷۶م	۱۶۸۱م	۱۶۸۹م
۱۶۷۷م	۱۶۹۰م	۱۶۸۴م	۱۶۸۰م
۱۶۸۵م	۱۶۷۹م	۱۶۷۸م	۱۶۸۹م

یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھیں، اور دوسرا نقش ایک پاؤ تیل میں ڈال کر پلائیں۔

اعمال دفعیہ زہر بچھو زہریلے جانوروں کے لئے نجوم آپ کی راہنمائی کرتا ہے ۔عمل کرنے کے لئے طالع برج عقرب ہونا چاہیے اور قمر برج عقرب میں ہو یا جب زحل برج عقرب میں قابض ہو یا طالع عقرب میں ساعت زحل میں کریں۔

بچھو کاٹے کا عمل زمین پر یہ حروف لکھیں۔

اب ج د ہ و ز ح ط ی ایک نوکدار قلم یا چاقو لے کر ایک حرف پر نوک رکھ کر سات دفعہ سورہ فاتحہ پڑھیں دوسری بار ب پر نوک رکھ کر دوبارہ سات بار سورۃ فاتحہ پڑھیں اس طرح ہر حروف پر عمل جاری کریں اور یہ نقش لکھ کر درد کی جگہ پر باندھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۲۶۵	۲۲۶۸	۲۲۷۱	۲۲۵۷
۲۲۷۰	۲۲۵۸	۲۲۶۴	۲۲۶۹
۲۲۵۹	۲۲۷۳	۲۲۶۶	۲۲۶۳
۲۲۶۷	۲۲۶۲	۲۲۶۰	۲۲۷۲

مندرجہ بالا ہدایت کے مطابق نقش لکھیں، انشاءاللہ درد سے نجات ہوگی۔ یہ بھڑ وغیرہ، مچھر، کھٹمل یا پسو وغیرہ تمام کا عمل یہ کافی ہوگا۔

جسمانی علاج نیش زدہ مقام پر سوئی یا چاقو کی نوک سے ڈنگ نکال کر لائیکوار امونیا یا الیبی کاک پاؤڈر یا ڈورس تھوڑے پانی میں ملا کر لگائیں ۔ جائے نیش پر پُرمینگنیٹ کو کین کو جلدی بچکاری کریں۔ کمزوری کو دور کرنے کے لئے سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۳۰ بوند یا برانڈی ۳ ڈرام تھوڑے پانی میں ملا کر پلائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۸۸۲۳	۲۸۸۱۸	۲۸۸۲۵
۲۸۸۲۴	۲۸۸۲۲	۲۸۸۲۰
۲۸۸۱۹	۲۸۸۲۶	۲۸۸۲۱

سانپ کاٹے کا علاج سورۃ مزمل جس کے اعداد ۸۶۴۶۶ کے نقش کو لکھ کر مریض کے درد کی جگہ میں باندھیں اور سورۃ مزمل کو گھی خالص پر ۲۱ دفعہ پڑھ کر اس مریض کو پلائے شفا ہوگی نقش یہ ہے۔

جسمانی علاج | مقام گزیدہ پر تیز چاقو سے تین چار شگاف دیں تاکہ وہاں کا زہر یلا خون اچھی طرح سے خارج ہو جائے پھر ان شگافوں پر میگنیٹ آف پوٹاش بھر دیں اور پٹی باندھ دیں اگرم لوہے سے داغ دیں اور اس پر پاودر رکھ کر جلا دیں

طبی علاج | اٹ سیٹ یا برگ سنبھالو ایک تولہ، دو تولے میٹھے تیل میں پکاکر اور ایک ماشہ نمک ڈال کر اس کو نیم گرم زخم پر باندھیں اور جب تک نیل نہ ہٹے، صبح و شام بدلتے رہیں۔

نمبر ۲:۔ انجیر خام کو کوٹ کر یا لہسن کو روغن زیتون میں پکاکر اور خوب رگڑ کر مقام ماؤف، پر لگائیں۔

نجوم بھی آپ کی بہت بڑی راہبری کرتا ہے، اگر آپ نے اوقات کو مدنظر رکھتے ہوئے عمل روحانی یا جسمانی کیا تو اس کا اثر بہت جلد اور طاقت ور ہوگا۔ وقت کی تاثیر مسلمہ ہے۔ دفیعہ زہر یعنی زہریلے جانور کا اثر دور کرنے کے لئے آپ کو دیکھنا ہے کہ طالع وقت برج عقرب ہو اور قمر بھی برج عقرب میں قابض ہو یا ستارہ زحل برج عقرب میں موجود ہو یا طالع برج عقرب ہو، ساعت زحل میں علاج روحانی یا جسمانی کرکے اعجاز خداوندی دیکھیں۔

قوس	طالع عقرب زحل قمر	میزان	
جدی			سنبلہ
دلو		اسد	
حوت	ثور		سرطان
حمل		جوزا	

باؤلے کتے کاٹے کا عمل

روحانی علاج | مریض پر سورۃ یٰسین شریف کو پہلی مبین تک جب پہنچیں تو سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر پھونک ماریں، پھر دوسری مبین آگے شروع کریں، جب

دوسری مبین تک پہنچیں تو پھر سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر پھونک ماریں، پھر تیسری مبین پر پہنچ کر پھر سات دفعہ الحمد شریف پڑھیں اس طرح ساتوں مبینوں پر سات سات دفعہ الحمد شریف پڑھتے رہیں اور کاٹی جگہ پر پھونک مارتے رہیں، آخیر میں یہ نقش لکھ کر باندھ دیں۔ نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمخیائیل — قول — جبرائیل

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۹	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۱	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۰
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۶۰

اسرافیل — کہیعص — عزرائیل — حمعسق — ق — ن — ص

نمبر ۲:۔

جناب سید امیر حیدر گوری کا عمل افسوں پیش کرتا ہوں۔ پاک چکنی مٹی کو گوندھ کر دو ڈھیلے بنائیں۔ چھٹانک چھٹانک، جس جگہ کتے نے کاٹا ہے، اس کے چاروں طرف سات دفعہ گھمائیں اور ساتھ ساتھ یہ افسوں پڑھتے رہیں۔

بندر ناچ ریچھ بجائے کتے کا کاٹا زہر نہ آوے

دہائی حضرت پیر مخدوم اخی جمشید کی

تین دن عمل کریں۔ نجات ہو گی

جسمانی عمل / ڈاکٹری عمل — اینٹی ریبیک ویکسین مجرب اور کامیاب دوا ہے، یہ ٹیکے کسی میڈیکل آفیسر کی نگرانی میں لگائے جائیں۔

طبی علاج — تیلسنی مکھی ایک تولہ لے کر اس کے پر اور سر علیحدہ کر کے دال مسور ایک تولہ ہینگ تین ماشہ، لونگ تین ماشہ، بڑی الائچی تین ماشہ، دارچینی تین ماشہ

زعفران تین ماشہ شونیز یا کلونجی تین ماشہ باہم کھرل کر کے گولیاں بنائیں
مقدار خوراک ۱، روزانہ دو گولیاں پانی کے ساتھ۔

ہومیوپیتھک علاج

بیلاڈونا اور ہائیڈروکوٹی اس کا علاج ہے۔

روحانی علاج

ٹلی ہوئی ناف درست ہو

جس شخص کی ناف ٹل جائے تو یہ تعویذ تیل سرسوں میں ڈال کر صبح ناف پر مالش کریں اور دوسرا نقش پانی میں گھول کر نہار منہ پانی پئیں۔ تیسرا نقش لکھ کر ناف پر باندھیں۔ انشاءاللہ شفا ہو گی، تینوں نقوش اکٹھے لکھنے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۷۰۱	۲۷۰۲	۲۷۰۶	۲۶۹۳
۲۷۰۶	۲۶۹۵	۲۷۰۰	۲۷۰۵
۲۶۹۶	۲۷۰۵	۲۷۰۳	۲۶۹۹
۲۷۰۳	۲۶۹۸	۲۶۹۷	۲۷۰۸

عزرائیل — اسرافیل — کہیعص — حمعسق

جسمانی علاج

کسٹو فیبن (انگلینڈ)

مقدار خوراک ۲ گولی ہمراہ شیر گرم یا آب سے۔

فروٹ سالٹ

ترکیب استعمال پون گلاس ٹھنڈا پانی لے کر اس میں چائے کا چمچ بھر یہ سفوف ڈالیں۔ ڈالتے ہی جھاگ اٹھنی شروع ہو جائے گی اس کو فوراً ہی پی لینا چاہیے تاکہ یہ جھاگ معدہ اور آنتوں میں جا کر انہیں صاف کرے۔

یونانی علاج

اسپغول ایک چھٹانک لے کر صاف ستھرا کر کے اس کے تین حصے کریں۔ ایک حصہ پانی میں ڈال کر خوب ہلائیں وہ پانی میں بیٹھ جائے گا، پانی نکال دیں، دوبارہ پانی ڈال دیں اور پھر پانی نکال دیں اس طرح سات دفعہ عمل کریں۔ اس کو دھونا کہتے ہیں اس کے بعد تھوڑا سا میٹھا ڈال کر پی لیں۔

دافع درد کمر کا روحانی علاج

یا غفور یا فتاح یا غفار یا صبوح غفور صبوح یا غفار غفور صبوح

عمل:- اس طلسم کو لکھ کر سیاہ ڈورے میں پرو کر کمر میں باندھیں، بحکم خدا درد دور ہو گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۸	۶۷۵	۶۱۳	۲
۲۸	۳	۶	۶۸۵
۳	۸۴ع	۷۷ع	۶ع
۶۲	۳	۴	۱۱۱ع

میکائیل — اسرافیل — عزرائیل

عمل نمبر ۲:- جس شخص کے کمر میں درد ہو اس کو یہ نقش لکھ کر روغن قسط یا روغن حزدل میں ڈال کر کمر کی مالش کریں۔

جسمانی علاج

موم سفید ۶ ماشے کو ۳ تولہ روغن گل میں پگھلا کر لوبان، مصطگی رومی ہر ایک ۶ ماشے پیس کر ملائیں اور مقام درد پر نیم گرم ملیں اور شہد خالص ۲ تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں حل کر کے نیم گرم پیئیں۔

نمبر ۲:- السی اور رائی کی گرم گرم پلٹس باندھیں یا لنی منٹ پڑپن ٹائن کی مالش کریں، قبض ہو تو سوپ واٹر سے انیما کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۸	۶	۳	۲
۲	۳ع	۶	۸
۶	۸	۲	۳ع
۳ع	۲	۸	۶

میکائیل — اسرافیل — عزرائیل

دافع سنگ مثانہ کا روحانی علاج

یہ تعویذ دو عدد لکھیں، ایک تعویذ کو اکیس روز تک گلاب کے پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں بحکم خدا پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جائیگی اور دوسرا نقش مریض کی کمر میں باندھیں خدا کے فضل و کرم سے کلی صحت ہو گی

جسمانی علاج | نوشادر قلمی ایک تولہ، شورہ قلمی ایک تولہ، سوڈا بائیکارب ایک تولہ، جوکھار ایک تولہ، مولی کھار ایک تولہ، سب کو ملا کر سفوف کرلیں

ترکیب استعمال:۔ ۶ ماشہ صبح وشام ہمراہ عرق لیموں ۲ تولہ، رس گنا ۲ تولہ پلا دیا کریں

ہومیو پیتھک | بربرس ولگرس سات بوند تک پانی میں پلائیں۔

بایو کیمیک علاج | فیرم فاس ۶ × نیٹرم میور ۶ × کالکیریا سلف ۶ × سب کو ملا کر ہر تین گھنٹے کے بعد ایک خوراک دیں۔

دافع طحال :۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۵۳۰۰۱	۵۲۹۹۶	۵۳۰۰۳
۵۳۰۰۲	۵۳۰۰۰	۵۲۹۹۸
۵۲۹۹۰	۵۳۰۰۴	۵۲۹۹۹

عزرائیل — اسرافیل — میکائیل

اس نقش کو لکھ کر عرق مکو میں ڈال کر صبح وشام ۵ تولے پیئے۔ خدا کے فضل سے آرام ہوگا۔ یا عرق گلو

علاج جسمانی :۔

نوشادر ۵ تولہ، سجی کھار ۵ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ جوکھار ۲ تولہ، سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک :۔ ۲ تا ۴ رتی ہمراہ عرق سونف یا عرق مکو میں دن میں تین بار استعمال کریں۔

علاج بالغذا :۔

کھانا کھانے کے بعد مولی، انڈا، خربوزہ، اور انجیر دینے سے بھی شفا ہوگی۔

پیٹنٹ دوائیں | الیٹرن ٹیبلٹس، یہ گولی ایک صبح، ایک شام کھانے کے بعد کھلائیں، بہت مفید ہے

ہومیو پیتھک | نیٹرم میور کی دو خوراکیں صبح اور بارہ بجے سے پہلے اور دوپہر کے بعد سیانوتھس کی دو خوراکیں دینا بہتر علاج ثابت ہوتا ہے، اس کے علاوہ مرکیورس بن آیوڈائیڈ، چائنا، فیرم، گرینڈیلیا، ارنیکا، اور سیلینیفس بھی فائدہ مند ہیں۔

دافع بدہضمی وقبض کا روحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر مریض اپنے گلے میں ڈالے اور دوسرا نقش پانی میں ڈال کر صبح نہار منہ پئے، شفا ہو گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میکائیل

جبرائیل

۲۰۳۴۳	۲۸۳۴۶	۲۸۳۳۹	۲۸۳۳۵
۲۸۳۳۸	۲۸۳۲۹	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۷
۲۸۳۲۷	۲۸۳۴۱	۲۸۳۳۳	۲۸۳۳۰
۲۸۳۲۵	۲۸۳۲۹	۲۸۳۳۸	۲۸۳۴۰

اسرافیل

عزرائیل

نمبر ۲:-

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عیدی رضی اللہ تعالیٰ عن سیدی

ابو عبداللہ القرشی،

ترکیب عمل:- جس شخص کو بدہضمی اور قبض کا عارضہ ہو وہ کھانا کھانے کے بعد مذکورہ بالا دعا تین بار پڑھ کر پیٹ اور سینہ پر ہاتھ پھیریں، روزانہ عمل جاری رکھیں۔ اسکے علاوہ سات دفعہ الحمد شریف تیل پر دم کر کے کھانا کھانے کے بعد بائیں طرف مالش کرے

جسمانی علاج پیٹ کی جملہ امراض:-

انار دانہ، انچور، دارچینی، فلفل گرد، فلفل دراز، سنڈھ، زیرہ سیاہ، سونف گرد، نوشادر، سوہاگہ بریاں ہر ایک تولہ تولہ۔ نمک سونچل ۵ تولہ۔ ست لیموں ۶ ماشے۔ سلفیورک ایسڈ ۶ ماشے۔ تمام دوائیں الگ الگ کوٹ کر باہم ملا دیں اور شیشی میں بحفاظت رکھیں۔

ترکیب استعمال:- ۴ رتی سے ایک ماشہ تک حسب ضرورت صبح و شام بعد از غذا پانی سے کھائیں۔

تمام امراض کے لئے اکسیر اعظم ہے

دردِ شکم کا آبی علاج

دردِ شکم، بدہضمی اور قوت ہاضمہ کی باعث جن کو دست آتے ہوں، پیٹ میں درد رہتا ہو اور جن کو ریاح بآسانی صادر نہ ہوتے ہوں، ان سب کو نارنگی رنگ کا پانی ۲ ½ تولہ شام کو پینے سے فائدہ ہوتا ہے اور دردِ شکم کسی وقت پیدا ہو تو فوراً ہی ۵ تولہ نارنگی رنگ کا پانی پینا چاہیے، اسے فوراً سکون ہو جاتا ہے۔ اگر دست کے ساتھ پیٹ کا درد بھی ہو اور دست پرانے ہوں تو نیلے رنگ کا پانی ۲ ½ تولہ ہر روز پینے سے فائدہ ہوگا۔ اگر کسی کو کھانا کھانے کے تین گھنٹہ بعد کھانا ہضم ہونے کے وقت پیٹ پھول آتا ہو (نفخ) تو نارنگی رنگ کا ۲ ½ تولہ پانی آٹھ دن تک پینے سے شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

نقش نمبر ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل — جبرائیل — قول — اسرافیل — عزرائیل — کہیعص — حمعسق — الٓمٓ

۸۱۵۶۵	۸۱۵۶۰	۸۱۵۶۷
۸۱۵۶۶	۸۱۵۶۴	۸۱۵۶۲
۸۱۵۶۱	۸۱۵۶۸	۸۱۵۶۳

دافع ضد اور گریہ اطفال

یہ دو نقش لکھ کر پہلا نقش تیل سرسوں میں ڈال کر تمام جسم کی مالش کریں اور دوسرا نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں بچہ نہ روئے گا اور نہ ہی ضد کرے گا۔ دودھ بھی خوب پئے گا۔

نقش نمبر ۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل — جبرائیل — قول — اسرافیل — عزرائیل — کہیعص — حمعسق — الٓمٓ

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

مجربِ عملیات


رحیم العملیات

حصہ سوئم میں

ملاحظہ کریں

لڑکے کا کند ذہن کا اعلیٰ ذہن پیدا ہو جائے ۔

اعمال ترقی



حافظہ و حصول علم و عقل کے لئے نجوم کے اوقات کو ہمیشہ مدِ نظر رکھیں تو روحانی علاج بہت موثر اور کارگر ہو گا جب عطارد اور برج ثور ۲۶ درجہ پر ہو یا عطارد برج سرطان کے ۳ درجہ یا عطارد برج سنبلہ ۲۱ درجہ پر ہو بحالت مستقیم ہو طلوع ہو۔ نیک حال ہو جب عطارد شرف یا اوج میں ہو تو یہ نقش مشک و زعفران سے لکھ کر گھول کر پلائیں ایک اور نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں، خدا کے فضل و کرم سے ذہین اور فصیح البیان ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمخائیل — جبرائیل — قول

۹۶۵۳	۹۶۵۶	۹۶۵۹	۹۶۴۵
۹۶۵۸	۹۶۴۴	۹۶۵۲	۹۶۵۷
۹۶۴۷	۹۶۶۱	۹۶۵۴	۹۶۵۱
۹۶۵۵	۹۶۵۰	۹۶۴۸	۹۶۶۰

عزرائیل — اسرافیل — کہیعص

جسمانی علاج

اکسیر حافظہ :- مغز بادام، مغز کدو، سونف کا مغز، خشخاش سفید ہر ایک چھ تولہ، الائچی خورد ۲ تولہ کشتہ چاندی ۵ ماشہ، مصری کوزہ ۲ تولہ، کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ دن میں دو بار قوت حافظہ، کمزوری دماغ، دائمی نزلہ و زکام دور کرنے کے لئے اکسیر ہے۔

دافع ام الصبیان ہر قسم کا مرض جسم سے نکالنا اور آفات سے نجات پانے کے لئے نجوم کی روشنی میں عمل کریں تو قرآن کا معجزہ دیکھیں، ہمیشہ نجوم کے اوقات کو سامنے رکھ کر آپ عمل کریں تو قدرت خدا کا

تماشہ دیکھیں۔ جب قمر برج سرطان کے ۲۴ درجہ یا ۲۹ یا برج اسد میں قمر ۲۰ درجہ پر ہو یا برج میزان کے قمر ۱۰ درجہ پر ہو یا برج عقرب کے قمر ۲۹ درجہ پر ہو یا برج دلو میں قمر ۲۸ درجہ پر ہو، دن اتوار کو ساعت عطارد میں سوموار کو ساعت مریخ میں منگل کے دن ساعت قمر میں بدھ کے دن ساعت شمس میں جمعرات کے دن ساعت زحل میں جمعہ کو ساعت مریخ میں سنیچر کو ساعت زہرہ میں نقش لکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میکائیل

جبرائیل

۹۳۵۹	۹۳۷۰	۹۳۶۷	۹۳۰۳
۹۳۶۸	۹۳۶۳	۹۳۵۷	۹۳۶۹
۹۳۶۲	۹۳۶۵	۹۳۷۲	۹۳۵۸
۹۳۷۱	۹۳۵۹	۹۳۶۱	۹۳۶۶

یہ تعویز سورہ غاشیہ کا ہے

جس بچے کو ام الصبیان کا سایہ ہو لکھ کر اس کے سر میں یا گلے میں باندھیں اور سورۃ غاشیہ سات دفعہ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ بحکم خدا صحت ہو گی اور دودھ پیئے گا کبھی ام الصبیان کا سایہ نہ ہو گا۔ مجرب ہے۔

جسمانی علاج

مرض کی شدید حالتوں میں چند قطرے کلوروفارم کے سونگھا دیں۔

یونانی علاج

چاول باسمتی، شیر آک حسب ضرورت چاولوں کو شیر آک میں تر کر کے رکھ لیں، خشک ہونے پر باریک پیس کر رکھ لیں۔

استعمال:- ذرا سا سفوف لے کر ناک میں پھونکیں۔

ہومیو پیتھک

سلفر ۳x ام الصبیان میں مفید بکس وامیکا ۳x


پتھری علاج

سرخ مرجان کے ٹکڑے دانے لے کر آگ میں سرخ کر کے بچے کی پیشانی اور دونوں آبرو کے درمیان داغ دیں۔ انشاءاللہ شفا ہو گی۔

نمبر ۲:- عود صلیب نر مادہ نیلے ڈورہ میں باندھ کر گلے میں لٹکانا مفید ہے، مردے کے سر کی ہڈی پانی میں گھس کر پلانا بھی مفید ہے۔ جن عورتوں کے بچے ام الصبیان میں ضائع ہو جاتے ہیں۔ ان کو حمل کے تیسرے

مہینے سے ساتویں مہینے تک حمل عنبری ۵ ماشے ہر ماہ میں بیس روز تک کھلائیں بچے کو اس مرض سے نجات ہو جاتی ہے۔

ہیلے اور لاعلاج امراض کے لئے پیام شفاء ثابت ہوگا جیسے دیوانگی، مرگی، بواسیر، دق، سوزاک، مرض سرطان کیلئے موثر عمل پیش کرتا ہوں۔



جو عامل نجوم کے اوقات کو مدِنظر رکھے گا وہ شخص روحانی علاج کرنے میں حاذق ہوگا

میں عرض کروں گا۔ تمام کتاب کی قیمت صرف اس عمل سے ادا ہو جائے گی

یہ عمل شمسی حروف کے زیرِ اثر ہے

:- الجد شمسی :-

ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ہ	ی
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

جب شمس کو شرف ہو یا شمس برج اسد میں داخل، جب شمس برج سرطان میں قابض ہو یا شمس کی نظر تثلیث یا تسدیس زہرہ اور مشتری کے ساتھ ہو تو عمل تیار کریں۔

طریقہ عمل

۱:- بیمار کا نام مع والدہ ابجد شمسی سے اعداد ہیں۔

۲:- مرض کا نام لکھو۔

۳:- سورۃ والشمس کے اعداد حاصل کریں۔ ۱۹۴۹۹

۴:- دونوں اعداد کا امتزاج کرو۔

۵: سب کے حروف حاصل کریں۔

۶: ان کل اعداد کا مربع نقش آتشی چال سے پُر کرو۔

۷: چاروں طرف وہ حروف لکھو جو اعداد کے امتزاج سے حاصل کئے تھے۔

اب میں ایک عملی مثال سے تمام عمل پیش کرتا ہوں۔

عملی مثال: عابد بن زبید — بیاری کے اعداد (بواسیر) — کل اعداد

عابد بن زبید		بیاری کے اعداد (بواسیر)		کل اعداد
ع	۹۰	ب	۲	
ا	۱	و	۸۰۰	۱۸۴۳
ب	۲	ا	۱	۱۱۳۱
د	۸	س	۳۰	۲۹۷۴
ز	۲۰	ی	۱۰۰۰	
ب	۲	ر	۱۰	
ی	۱۰۰۰	کل میزان	۱۸۴۳	
د	۸			
کل میزان	۱۱۳۱			

جمع کرو: ۱۹۴۹۹
۲۹۷۴

میزان: ۲۲۴۷۳
عدد قانون (-): ۳۰

۴ / ۲۲۴۴۳ \ ۵۶۱۰
۲۰
۲۴
۲۴
۴
۴
۳

کل اعداد : ۲۹۷۴
سورۂ شمس کے اعداد : ۱۹۴۹۹

امتزاج : ۱۲۹۹۴۷۹۴۹

حروف : ذ ش ذ خ ث ذ ذ ب ا

یہ نقش پر ہو گیا لیکن اب
زعفران سے لکھیں گے، مریض کے گلے میں
ڈال دیں اور مریض پر ۶۵ مرتبہ سورۃ والشمس
روزانہ پڑھیں۔ ۲۱ روز کے بعد خدا کے
فضل و کرم، صدقہ قرآن شریف کے بدن
صاف ہو جائے گا اور مرض کا خاتمہ ہو جائے
گا، مجھے دعا دیں، ایک ہی عمل بیش بہا
تحفہ پیش کیا۔ اہل دل و اہل نظر انصاف
کریں اور میرے حق میں دعا کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنکلیائیل

ذ ث ز خ ش ذ ذ ب ا

قول — جبرائیل

۵۶۱۸	۵۶۲۱	۵۶۲۲	۵۶۱۰
۵۶۲۳	۵۶۱۱	۵۶۱۷	۵۶۲۲
۵۶۱۲	۵۶۲۶	۵۶۱۹	۵۶۱۶
۵۶۳۰	۵۶۱۵	۵۶۱۳	۵۶۲۵

ذ ث ز خ ش ذ ذ ب

عمل سورۃ فاتحہ دافع جملہ امراض پیش خدمت ہے، مذکورہ بالا قواعد سابقہ سے عمل لکھیں۔

یہ تعویذ نیک ساعت میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور ایک عدد چینی کی پیالی پر لکھ کر دھو کر مریض کو ۱۲ روز پلایا کریں، بحکم خدا چند یوم میں کلی صحت ہو گی جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہو گا، خدا کے فضل و کرم سے ہر ایک آفات و بلا و مرض سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنکلیائیل

قول — جبرائیل

۲۳۳۵	۲۳۴۳	۲۳۳۹	۲۳۳۳
۲۳۳۵	۲۳۲۳	۲۳۳۹	۲۳۴۳
۲۳۳۳	۲۳۳۸	۲۳۳۱	۲۳۲۸
۲۳۳۲	۲۳۲۷	۲۳۳۵	۲۳۴۷

اب میں ایسا نایاب عمل پیش کر رہا ہوں۔ سالوں کی خدمت اور تابعداری کے بعد بھی کوئی نہیں بتاتا لیکن میرا سینہ بے کینہ ہے، آپ کی امانت ہے، مفت کی چیز سمجھ کر بے توجہی نہ کریں وہ نایاب عمل ہے حزب البحر کا جس نے چالیس سال تک چپہ چپہ زمین کا چھان مارا تھا۔ اس کی تلاش کے لئے عمر کا عزیز ترین حصہ صرف کر دیا تھا، وہ میں آپ کی نذر کر رہا ہوں جو میرا کئی سالوں سے معمول ہے، میں نے اس کنہ اور بھید لاعلاج مریضوں کا تجربہ کیا ہے۔ خدا کے فضل سے شفاء حاصل ہوئی ہے نجوم کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نیک ساعت

کا خیال کرکے لکھیں پھر اثرات دیکھیں۔

مرض کہنہ اور پیچیدہ و علاج کے لئے ایک عدد تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور ایک عدد چینی کی پیالی پر زعفران سے لکھ کر دھو کر مریض کو پلایا کریں بحکم شافی مطلق چند یوم میں کامل شفا ہوگی، بارہا کا آزمودہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شمکائیل

جبرائیل

۱۶۸۲م	۱۶۸۵م	۱۶۸۸م	۱۶۷۵م
۱۶۸۷م	۱۶۷۶م	۱۶۸۱م	۱۶۸۶م
۱۶۷۷م	۱۶۹۰م	۱۶۸۳م	۱۶۸۰م
۱۶۸۴م	۱۶۷۹م	۱۶۷۸م	۱۶۸۹م

اسرافیل

عزرائیل

عمل

دفع سحر، جادو اور مرد بستہ کے کھولنے کے لئے، طالع برج حمل یا سرطان یا عقرب یا قوس یا جدی ہونا چاہیے۔ نظرات کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔ عطارد و قمر کی نظر تربیع مقابلہ ہونا ضروری ہے اگر دن بدھ کا ہو تو بہتر ہے۔

عمل سحر جادو توڑ

بر نقش تینو قل دافع سحر جادو و جمیع امراض

اس مبارک تعویذ کو بعد نماز جمعہ لکھ کر ایک عدد مریض کے گلے میں ڈالیں اور دوسرا ہر صبح کو چینی کی پیالی میں زعفران سے لکھ کر دھو کر مریض کو پلایا کریں۔ ساتھ ساتھ مریض کے نام کے اعداد کے مطابق تینو قل پڑھ کر پھونکتے رہیں بحکم شافی مطلق بہت جلد کلی شفا ملے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شمکائیل

جبرائیل

۲۵۴۰	۲۵۴۳	۲۵۴۶	۲۵۳۳
۲۵۴۵	۲۵۳۴	۲۵۳۹	۲۵۴۴
۲۵۳۵	۲۵۴۸	۲۵۴۱	۲۵۳۸
۲۵۴۲	۲۵۳۷	۲۵۳۶	۲۵۴۷

اعمال دفعیہ تپ ہر قسم خصوصاً

تپ سہ روزہ و چہار روزہ کے لئے نجوم کی بھی راہبری کو بھی پیش نظر رکھیں جب قمر و مشتری کا قران جب برج سرطان کے ۱۴ یا ۱۵ درجہ پر ہو یا قمر انہی درجات پر ہو اور مشتری کے ساتھ سعد نظر رکھتا ہو یا قمر برج سرطان یا برج عقرب یا برج حوت میں ہو جو کہ آبی برج ہیں اور مشتری کے ساتھ سعد نظر رکھتا ہو۔

عمل برائے بخار ہر قسم

بخار کی انیس قسمیں ہیں اگر سب کے روحانی عمل لکھوں تو کتاب ضخیم ہو جانے کی وجہ سے ان میں ایک عمل مجرب شدہ لکھا جاتا ہے اس پر عمل کریں یہ ایک عمل بھی کافی ہے ہر بخار لرزہ ہو، بخار تپ ہو یا بخار موسمی ہو یا بخار باری کا ہو سب کے لئے ہے

عمل :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ

ترکیب :۔ اس آیت کو پیپل کے چار پتوں پر لکھیں جس روز بخار کی باری ہو، بخار چڑھنے سے قبل مریض کو پتا چبائیں۔ اور مریض کے نام کے اعداد حاصل کر کے اسی تعداد کے مطابق آیت مذکورہ پانی پر دم کر کے پلاتے رہیں۔

جسمانی علاج :۔ یوکونین، کلوروکوئین، کاموکوئین، پلیوکوئین

بخار کا آبی علاج

ریاحی یا دبائی کے بخار میں نیلے پانی کا استعمال کرنا چاہیے اگر سر میں درد ہو تو نیلے ہی رنگ کی شعاع ڈالنی چاہیے۔ نیلا پانی صبح و شام ۲-۲ تولہ دینا چاہیے۔ بچوں کو ایک تولہ پانی کافی ہے

نوٹ :۔ ہر ایک بخار گرمی کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے اور وہ گرمی جسم کے جس حصے میں پہنچ جاتی ہے اُسی حصے کے نام سے وہ بخار موسوم کیا جاتا ہے۔

(حکیم غیب داں میں پوری تفصیل اور علاج ہے)

عمل دافع طاعون ورم و سوزش اور گلٹی وغیرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۹۲۱۳۰	۹۲۱۳۳	۹۲۱۳۶	۹۲۱۲۳
۹۲۱۳۹	۹۲۱۲۴	۹۲۱۲۹	۹۲۱۳۵
۹۲۱۲۵	۹۲۱۳۹	۹۲۱۳۲	۹۲۱۲۸
۹۲۱۳۲	۹۲۱۲۶	۹۲۱۲۷	۹۲۱۳۸

عزرائیل — اسرافیل — قول — کہیعص — حمعسق — گیلائیل

عمل روحانی سورۃ مومن

جس کے اعداد ۳۶۵۸۲۷ ہیں۔ جس شخص کے پھوڑا، ورم یا گلٹی وغیرہ نکلی ہوئی ہو تو یہ نقش لکھ کر پانی میں ڈالیں اور پھر السی بہتیی ہر ایک تولہ، پیاز سفید ایک عدد، ریوند چینی، نمک طعام، برگ سیب ہر ایک چھ ماشہ، آرد گندم ۵ تولہ پانی تعویذ والا ڈال کر بدستور پلٹس پکا کر گرم گرم

پھوڑے پر باندھیں۔

دوسرا عمل: دافع پھنسی و پھوڑا وغیرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تربۃ ارضنا ریقۃ بعضنا لیشفیٰ سقیمنا باذن ربنا۔

عمل یہ جس شخص کے پھوڑا اور پھوڑا بغل اور نلہ یا پھنسیاں اور زخم وغیرہ ہو اور اسے آرام نہ آتا ہو تو انگلی شہادت

آبی علاج: جو پھوڑا، پھنسیاں ایسی ہیں کہ جسم کے مختلف حصوں میں کبھی کہیں کبھی کہیں نکلتی رہتی ہیں ان پر ہرے رنگ کی شعاع ۱۵ منٹ تک ڈالنا چاہیے ہرے رنگ کا پانی ½ ۲ تولہ شام کو پلانا چاہیے اس سے پھوڑوں سے مواد اور پیپ وغیرہ نکل کر آہستہ آہستہ زخم بھر جائیں گے اور آخر میں صحت ہو جائے گی۔

زخم بھی ہرے رنگ کے پانی سے دھونے اور ہرے رنگ کی شعاعوں کو روزانہ ۳۰ منٹ تک ڈالنے سے اچھے ہو جاتے ہیں لیکن اس علاج کو زیادہ دن تک جاری رکھنا چاہیے

دافع امراض و آفات کو جسم سے نکالتا ہیں نجوم کی راہبری از حد ضروری ہے۔

کسی بیماری سے نجات پانے کے لئے چاہے روحانی علاج ہو یا جسمانی علاج، نجوم کے موثر اوقات سے فائدہ اٹھائیں۔ دوہری تاثیر پیدا ہو جاتی ہے، اس بات کا خیال رکھیں کہ جب قمر برج سرطان کے ۲۴ یا ۲۹ درجہ پر ہو یا قمر برج اسد کے ۲ درجہ

ثور
حوت
دلو
قمر ۲۸ درجہ
حمل
جوزا
سرطان
قمر ۲۴-۲۹ درجہ
جدی
میزان
قمر ۲۱ درجہ
قوس
اسد
قمر ۲ درجہ
عقرب
قمر ۲۹ درجہ
سنبلہ

پر ہو یا قمر برج میزان کے ۲۱ درجہ پر ہو یا قمر برج عقرب کے ۲۹ درجہ پر ہو یا قمر برج دلو کے ۲۸ درجہ پر ہو اس کے ساتھ ساتھ دن کا اور ساعت کو بھی ہمیشہ مدنظر رکھیں۔ مثال کے طور پر اتوار کے دن عطارد کی ساعت ہو، سوموار کو مریخ کی ساعت میں منگل کو قمر کی ساعت میں، بدھ کو شمس کی ساعت میں جمعرات کو زحل

زحل کی ساعت میں جمعہ کو مریخ کی ساعت میں سنیچر کو زہرہ کی ساعت میں روحانی علاج کریں تو قدرت خدا کا کرشمہ دیکھیں۔

بواسیر

یہ مرض تین قسم کا ہوتا ہے ١: اندرونی ٢: درمیانی ٣: بیرونی بواسیر، اسکی تشریح اور توضیح حکیم غیب دان میں ملاحظہ کریں۔

روحانی علاج

پہلا دافع بواسیر ہر قسم۔ آلٓمٓ آلٓمٓ حٰمٓ آلٓمٓر آلٓمٓص کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ یٰسٓ صٓ قٓ نٓ۔

ترکیب عمل

جس شخص کو بواسیر کا عارضہ ہے، آخری بدھ کے دن سورج نکلنے کے وقت ان حروف مقطعات کو تانبے یا چاندی کی انگوٹھی یا چھلہ پر کندہ کریں اور اسے پہنائیں بحکم شافی مطلق کلی صحت ہو گی مجرب ہے۔

٩٣٦٣	٩٣٦٧	٩٣٧٠	٩٣٥٦
٩٣٦٩	٩٣٥٧	٩٣٦٢	٩٣٦٨
٩٣٥٨	٩٣٧٢	٩٣٦٥	٩٣٦٣
٩٣٦٦	٩٣٦١	٩٣٥٩	٩٣٧١

دوسرا عمل

سورۃ غاشیہ جس کے اعداد ٧ ٥ ٣ ٦ ٣ ہیں نقش آتشی چال سے لکھ کر پیٹ میں باندھیں اور دوسرا نقش لکھ کر تیل میں کھانا کھانے کے بعد مالش کیا کریں انشاءاللہ مرض سے نجات ہو گی۔

بواسیر کا جسمانی عمل

اس مرض میں قبض نہ ہونے دیں

اکسیر بواسیر: روغن مغز نیم رسوت خالص مساوی الوزن کھرل کر کے سفوف بنائیں ٢ رتی دن میں ہمراہ آب تازہ دیں اور مسوں پر یہ ضماد لگائیں۔ کافور، رسوت، مغز نبولی، گیرو افیون، ہموزن لے کر کھرل کر کے ویزلین میں ملائیں، مسوں پر لگائیں۔ ہر قسم کی بواسیر سے نجات ملے گی۔

پیٹینٹ دوائیں:

ہیڈنسا، ریکٹوسٹرل یا ایچ پی آئنٹمنٹ اگرول وغیرہ وغیرہ۔

ہومیو پیتھی علاج کلکریا فلور ۶x (۵ گرین)، روزانہ چار خوراک پانی کے ساتھ دیں ایک دو ہفتے کم استعمال کرائیں ہر قسم کی بواسیر سے نجات ہوگی۔

بواسیر کا آبی علاج بواسیر کی دو قسمیں ہیں ایک بادی ہے دوسری خونی۔ بادی بواسیر میں نارنگی رنگ کا پانی ۲½ تولہ صبح ۲½ تولہ، دوپہر ۲½ تولہ شام کو پینا چاہیے اور مستوں پر آسمانی رنگ کے پانی کی گدی یا شعاعیں ڈالنا چاہیے خونی بواسیر میں نیلے رنگ کا پانی دن میں دو بار ایک ایک خوراک پینا چاہیے اور نیلے ہی رنگ کی شعاع یا گدی بھی استعمال کرنا چاہیے

عمل دافع شب کوری یا اندھیراتا

جس شخص کو شب کوری یعنی اندھیراتا کی بیماری یا نظر کمزور ہوتی جارہی ہو، آنکھیں دکھتی ہوں، اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھیں بحکم شافی مطلق شفاء ہوگی۔

دو	حافرداد	رادہ	۱۲ و ہا	رن ما	وادم	طلہ
ع ط ع	دلوما	ارلہ	ببرن	من بدان	ببرن	ببغت
وبحق	لا	الہ	الا	اللہ	محمد	رسول اللہ
بحق	توریت	وبحق	انجیل	وبحق زبور	وبحق فرقان	اللہ اکبر

عمل روحانی دافع قلت شیر عورت وگائے بھینس بکری وغیرہ اور جانوروں کے دودھ سے گھی و مکھن زیادہ حاصل کرنا، اس تعویذ کو لکھ کر عورت اپنی چھاتیوں کے اوپر کپڑے میں سی لے، دودھ زیادہ پیدا ہوگا، جانور کے لئے لکھ کر اسکے سینگ یا گلے میں ڈالیں بحکم شافی مطلق فوراً دودھ دے گا اور اگر نظر بد وغیرہ کا اثر بھی ہوگا تو دور ہوگا اور اگر دودھ میں سے مکھن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میکائیل

جبرائیل

۵۳۰	۵۳۴	۵۳۱	۵۲۷
۵۳۲	۵۲۶	۵۲۱	۵۳۳
۵۲۵	۵۲۹	۵۳۶	۵۲۲
۵۳۵	۵۲۳	۵۲۴	۵۳۰

اسرافیل

عزرائیل

کم نکلتا ہو تو بھی بفضل خدا زیادہ نکلنے لگے گا، مجرب ہے۔

دافع زہرباد کیلئے عمل

مریض زہرباد کی صحت کے لئے ایک تعویز لکھ کر پانی میں بھگو کر اس کو پانی میں ڈال کر مریض کو پلاتے رہیں اور دوسرا تعویز لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں، بحکم شافی مطلق مکمل صحت ہوگی۔

۳۰۳	۳۱۰	۳۰۵
۳۰۸	۳۰۶	۳۰۴
۳۰۷	۳۰۲	۳۰۹

دافع سرخی بدن کیلئے عمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صل علی محمد وبارک وسلم بسم اللہ العظیم بعزۃ اللہ قدرتہ وسلطانہ آتیتھا الریح آجبی داعی اللہ تعالیٰ فما لہ من ملجاء یومئذ وما لکم من نکیر۔

طریقہ عمل

جس شخص کا جسم سرخ ہو جائے یا چٹے وغیرہ پڑ جائیں تو اس کلام کو اکیس دفعہ پڑھ کر مریض کے جسم پر دم کریں بحکم شافی مطلق بہت جلد صحت ہوگی اور سرخ بادہ کیلئے مفید ہے۔

عمل دافع زہر بھڑ وکیڑا اسکورپہ وغیرہ

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ۔

ترکیب عمل:۔ جس جگہ بھڑ وغیرہ نے کاٹا ہو، گیارہ دفعہ پڑھ کر دم کریں خدا کے فضل سے صحت ہوگی۔

عمل درستی آنت

جس شخص کی آنت اترائی ہو اس تعویز کو لکھ کر اس کی ناف پر باندھیں، بحکم شافی مطلق اتری ہوئی آنت درست ہو جائے گی پھر کبھی نہ اترے گی۔

۲۶۴	۲۶۶	۲۵۶
۲۵۴	۲۶۲	۲۶۷
۲۶۸	۲۶۹	۲۶۰

عمل برائے تیزی حافظہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ۔

ترکیب عمل:۔ چینی کی رکابی یا کاغذ پر زعفران سے اس آیت کو لکھ کر سات روز تک پلائیں، خدا کے فضل سے حافظہ تیز ہو جائے گا۔

عملِ دافع زیادتی غفلت وزیادتی نیند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ پارہ نمبر ۱۵ سورۃ کہف آیت نمبر ۲۹ اِنَّ الَّذِیْنَ آمَنُوْا سے لے کر آخر آیت تک یعنی بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖٓ اَحَدًا۔

ترکیبِ عمل:۔ جس شخص کو نیند بہت آتی ہو اور ہر وقت اٹھنا محال ہو وہ رات کو سوتے وقت سات دفعہ اس آیت شریف کو پڑھ کر خدا سے دعا مانگے وہ شخص ہر کام وقت پر ادا کرے گا نیک اعمال کی جانب رجوع کریگا۔

عملِ دافع درد خصیاں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ

ترکیب عمل:۔ اس آیت کو ستر بار پڑھ کر زرد روغن پر دم کر کے خصیوں پر ملا کیا کریں کبھی درد نہ ہوگا۔

جسمانی علاج

یہ مرض ریح کے بند ہو جانے سے اور سوءِ ہضم سے ہوتا ہے بعض اوقات اس کا سبب سوزاک بھی ہوتا ہے ایسی حالت میں سینک کریں اگر درد کی شدت ہو تو برف باندھنا بھی فائدہ کرتا ہے

سکنات درد۔ اے۔ پی۔ سی۔ ملباریڈان یا کوڈہ بائیرین وغیرہ ایک ایک ٹکیہ کھانے سے آرام ہو جاتا ہے

یرقان کا روحانی علاج

سورۃ مبینۃ کے اعداد ۳۱۲۲۳ ہیں جس شخص کو عارضہ برص یا یرقان کا ہو، اسے سورۃ مبینۃ مریض کے نام کے مطابق مریض پر پڑھیں اور ایک نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اگر یہ نقش گلو کے پتے پر لکھ کر رگڑ کر پتے سے جلد آرام ہو جاتا ہے اگر اس نقش کو لکھ کر پانی میں گھول کر تمام بدن پر ملیں تو مریض صحت مند ہو جاتا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۷۸۰۵	۷۸۰۸	۷۸۱۲	۷۷۹۸
۷۸۱۱	۷۷۹۹	۷۸۰۴	۷۸۰۹
۷۸۰۰	۷۸۱۳	۷۸۰۶	۷۸۰۳
۷۸۰۷	۷۸۰۲	۷۸۰۱	۷۸۱۴

میکائیل عزرائیل اسرافیل

جسمانی علاج اکسیر یرقان

املی ۳ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۶ تولہ افتیمون ایک تولہ، بنفشہ ایک تولہ، تخم


کنوت پوٹلی میں باندھا ہوا ایک تولہ۔ تخم باتھو ایک ماشہ۔ تخم کاسنی۔ برسیاؤشاں ایک ماشہ، ہوفاء ۷ ماشے رانس ۷ ماشے۔ تمام دواؤں کو نصف سیر پانی میں جوش دیں اور اس میں مغز املتاس ۴ تولے۔ شکر سرخ ۹ تولہ ملا کر صاف کریں پھر اس میں خاریقون ۳ ماشے سقمونیا ولائتی ۴ رتی پیس کر ملا دیں اس کے تین حصے کریں اور ایک ایک گھنٹہ کے بعد پلائیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

پیٹنٹ دوائیں | نیلے مین (سنیڈون) گیلوسینول ورکوریٹ۔ ٹش انٹی بیس پلز استعمال کرائیں۔

ہومیوپیتھک علاج | چیلیڈونیم ۳۰ ، چائنا ۳۰ ، فاسفورس ۳۰ ، آئیوڈیم ۳۰ استعمال کرائیں۔

یرقان کا آبی علاج | اس مرض میں جسم کا رنگ خاکی زرد اور آنکھیں کا رنگ گہرا زرد، ناخون سفید، پیشاب کا رنگ سرخی مائل زرد ہو جاتا ہے۔ بھوک کم لگتی ہے۔ جسم کمزور ہو جاتا ہے اس مرض میں بھی آسمانی رنگ کا پانی اور شعاعیں مفید ہیں۔ پانی کی خوراک دو دو اونس صبح وشام پینا چاہیے اور شعاعیں بھی ۵ سے ۱۵ منٹ ہر روز ڈالنا چاہیے

...ن کا روحانی علاج | ہر قسم کی بیماری جسم سے نکالنے کے لئے نجوم کی رہبری ضروری ہے



قمر برج سرطان کے ۲۳ یا ۲۹ درجہ پر ہو یا برج اسد کے دو درجہ پر ہو۔ قمر برج میزان کے ۲۱ درجہ پر ہو یا قمر برج عقرب میں ۲۹ درجہ پر ہو یا قمر برج دلو کے ۲۸ درجہ پر ہو۔ ساعتوں کا خاص خیال رکھیں مثلاً اتوار کو ساعت عطارد میں سوموار کو ساعت مریخ میں منگل کو ساعت قمر میں بدھ کو ساعت شمس میں جمعرات کو ساعت زحل میں جمعہ کو ساعت مریخ میں سنیچر کو ساعت زہرہ میں عمل کریں۔

علاج روحانی
نقش قرآن مجید فرقان حمید صبح لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور دوسرا نقش چینی کی پیالی پر ہر روز زعفران سے لکھ کر پلایا کریں، چالیس دن۔ خدا کے فضل سے شفاء ہو گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۹۰۲۲۲۱۴	۹۰۲۲۲۱۷	۹۰۲۲۲۰۵	۹۰۲۲۲۱۱
۹۰۲۲۲۲۲	۹۰۲۲۲۱۲	۹۰۲۲۲۱۸	۹۰۲۲۲۲۱
۹۰۲۲۲۱۳	۹۰۲۲۲۱۶	۹۰۲۲۲۱۰	۹۰۲۲۲۱۹
۹۰۲۲۲۲۱	۹۰۲۲۲۱۵	۹۰۲۲۲۲۸	۹۰۲۲۲۲۹

جسمانی علاج
ست گلو اصلی ایک تولہ، طباشیر ایک تولہ، کھیر خشت ایک تولہ، دانہ الائچی خورد نصف تولہ سب کو پیس کر کپڑے سے چھان کر دو دو ماشے کی پڑیا بنالیں صبح شام دوپہر کو شربت بنفشہ ایک تولہ، عرق گلو ۱۲ تولہ میں ملا کر پلائیں شفاء ہو گی۔

آبی علاج
اس مرض میں نیلی شیشی کا پانی پینا چاہیے اور پانی کی خوراک ایک ایک تولہ دن میں تین بار دینا چاہیے اور پھیپھڑوں پر نیلے رنگ کی شعاع بھی ڈالنا چاہیے، اگر مریض سست ہو اور اس کے آلات تنفس میں اور اعضاء میں کمزوری ہو تو آٹھ دس دن بعد نارنگی رنگ کا پانی ایک ایک تولہ دینا چاہیے۔

کھانسی کا آبی علاج
کھانسی کئی قسم کی ہوتی ہے مثلاً زکام کے ساتھ، دق کے ساتھ، بخار کے ساتھ، لیکن آفتابی علاج میں دو ہی قسم کے مانے گئے ہیں، خشک کھانسی کے لئے نیلے رنگ کے پانی کی ایک ایک خوراک دینا چاہیے۔ اس سے کف میں تری پیدا ہو جاتی ہے اور وہ آسانی سے نکل جاتا ہے جس کی وجہ سے مریض کو آرام حاصل ہوتا ہے۔

تر کھانسی میں جب کہ کف گاڑھا (غلیظ) ہو گیا ہو یا سینہ پر منجمد ہو گیا ہو اور دقت کے ساتھ باہر نکلتا ہو تو نارنگی رنگ کا پانی دو دو تولہ دینا چاہیے تاکہ پہلے کا جما ہوا کف نکل جائے اور آئندہ بنا نہ بن سکے پانی دن میں تین بار پلانا چاہیے اس سے کف کھانسی ۱۰ - ۱۵ دن میں جاتی رہتی ہے۔

دمہ کا روحانی علاج

اس نقش کو لکھ کر نیک ساعت میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور دوسرا نقش لکھ کر مریض کو پلاتے رہیں، بحکم خدا شفاء ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۱۶۹۸۰	۱۶۹۸۳	۱۶۹۸۷	۱۶۹۷۳
۱۶۹۸۹	۱۶۹۷۴	۱۶۹۷۹	۱۶۹۸۴
۱۶۹۷۵	۱۶۹۸۹	۱۶۹۸۱	۱۶۹۷۸
۱۶۹۸۲	۱۶۹۷۷	۱۶۹۷۶	۱۶۹۸۸

اسرافیل — عزرائیل — تنکفیل

دمہ کا جسمانی علاج

فیلسول۔ یہ سفوف پانی کے ساتھ کھلانے سے دورہ رک جاتا ہے، انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

دمہ کا ہومیوپیتھک علاج

۱۔ بلاٹا اوری انٹیلیس، مدر ٹنکچر تین قطرہ پانی میں ملا کر دیں۔ دن میں ۳-۴ مرتبہ۔

اے لیس × ۶ : بیلا ڈونا × ۳۰، سلفر ۳۰ وغیرہ استعمال کریں


دمہ کا آبی علاج

دمہ کا دورہ ہونے پر نارنگی رنگ کا پانی دس دس منٹ پر ایک ایک تولہ پلانا چاہیے اس طرح ایک گھنٹہ تک پلانے سے دورہ بند ہوجائے گا، اگر کسی وجہ سے آرام نہ ہو تو تین چار گھنٹہ تک پانی دینا بند کرکے پہلے کے پلائے ہوئے پانی کے فائدے کا انتظار کرنا چاہیے پھر بھی فائدہ معلوم نہ ہو تو پہلے کی طرح ایک گھنٹہ تک نارنگی کا پانی پھر پلانا چاہیے۔ دوسری مرتبہ کافی امید ہے آرام ہوجائے گا، کھانا کھانے کے بعد ۲/۲ تولہ نارنگی کا پانی پلانا چاہیے، کھانا ہضم ہوجاتا ہے اور طاقت بھی آتی ہے۔

ہر بیماری کیلئے شفاء کا پیغام

آتشک، سوزاک، لقوہ، فالج، جریان، سنگرانا وغیرہ کا شافی علاج ہے یہ نظر عمل نجوم کی روشنی میں کیا جائے تو اکسیر اعظم بن جاتا ہے، جب شمس شرف میں ہو یعنی برج حمل میں ۱۹ درجہ پر ہو۔ یا شمس برج سرطان میں ۲۰ درجہ پر ہو یا شمس برج اسد میں بیٹھا ہوا ہو یا شمس کی نظر تثلیث یا تسدیس مشتری و زہرہ سے ہو (جس کی تفصیل ہر ماہ رسالہ آثار النجوم میں کی جاتی ہے)

مذکورہ بالا امراض کا روحانی علاج کریں۔



طریقہ عمل نمبر ۱

نام مریض مع والدہ : ندیم بن زبیدہ کے شمسی اعداد۔ ۸ ۳ ۲ ۴

سورۃ والشمس کے اعداد۔ : ۱ ۹ ۴ ۹ ۹

دونوں کا امتزاج دیا۔ : ۱ ۴ ۹ ۲ ۴ ۳ ۹ ۸ ۹

شمسی حروف بنائے۔ ذ د و ت ث ب ذ ث ا

۱۴۹۲۴۳۹۸۹ ÷ ۴ = ۳۷۳۱۰۹۸۹ ، باقی تین پانچویں خانہ میں ایک اضافہ کیا۔

امتزاج کے اعداد کا نقش

آتشی چال سے بنائیں اور امتزاج شدہ حروف نقش کے چاروں طرف لکھیں۔ مریض کے گلے میں ڈالیں اور مریض کے نام کے اعداد کے مطابق سورہ شمس کو پڑھ کر پانی پر دم کرکے ۲۱ یوم مریض کو پلاتے رہیں۔

۳۷۳۱۰۹۹۹	۳۷۳۱۰۹۱۰۰	۳۷۳۱۰۹۱۰۳	۳۷۳۱۰۹۸۹
۳۷۳۱۰۹۱۰۲	۳۷۳۱۰۹۹۰	۳۷۳۱۰۹۹۹۶	۳۷۳۱۰۹۱۰۱
۳۷۳۱۰۹۹۱	۳۷۳۱۰۹۱۰۵	۳۷۳۱۰۹۹۹۸	۳۷۳۱۰۹۹۵
۳۷۳۱۰۹۹۹۹	۳۷۳۱۰۹۹۹۴	۳۷۳۱۰۹۹۷	۳۷۳۱۰۹۱۰۴

ذ د ذ ت ث ب ذ ث ا

فالج کا جسمانی علاج

رین کیفابول دگولیاں) شاذو ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام کو دیں پانی اور کھانے کی جگہ شہد خالص دو تولہ، عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ جوش دے کر پلانا مفید ہے۔

غذا : سات روز تک سوائے ماالعسل کے روٹی دانہ پانی قطعاً نہ دیں، خشکی کبوتر کا شوربہ یا مونگ

کی دال اُبال کر اس کا پانی گرم مصالحہ ڈال کر پلائیں۔ مرغ یا بکری کا بھنا ہوا گوشت دیں۔

آبی علاج

اگر کسی عضو پر فالج گرے یا کوئی عضو سن یا بے حس ہو جائے تو زرد رنگ کی شعاع اور پانی کا استعمال کرنا چاہیے اور زرد رنگ کے پانی میں کپڑا تر کے عضوِ ساکت پر پھیرنا چاہیے۔

(سوزاک کا روحانی علاج اوپر ذکر ہو چکا ہے)

جسمانی علاج

سازدل یا ایم بی ۷۶۰

مقدار سوزاک:۔ چار ٹکیہ ہر تین گھنٹہ کے بعد دو ٹکیہ پانی کے ساتھ دیں سلفاڈایازین مرض سوزاک کی بہترین دوا ہے۔ دو ٹکیہ ہر چوتھے گھنٹہ کے بعد

ہومیوپیتھک علاج


سلفر۔ نکسوامیکا، کینتھرس، ۳x بہترین دوائیں ہیں۔

آبی علاج

سوزاک، پیشاب کا درد کے ساتھ آنا یا پیشاب کے راستہ سے مواد آنا، دونوں حالتوں میں آسمانی رنگ کا پانی ۲-۲ تولہ صبح و شام پینے سے آرام ہو جاتا ہے

مانع احتلام و بدخوابی

نجومی نظرات



کو ہمیشہ مدِ نظر رکھیں، جب مریخ و زہرہ میں تربیع یا مقابلہ ہو یا جب زہرہ برج ثور کے ۱۲-۱۹ درجہ پر ہو یا برج سرطان کے ۱۷ درجہ یا برج سنبلہ کے ۹ درجہ یا برج جدی کے ۷ درجہ بحالت رجعت ہو اور مریخ بحالت برج جوزا کے ۷ درجہ یا برج جدی کے ۹-۲۸ درجہ یا برج دلو کے ۱۸ درجہ یا برج حوت کے ۴ درجہ پر واقع ہو تو روحانی علاج مردوں کی خاص امراض کا مرشد وقت ثابت ہو گا۔

خصوصاً اعمال قوت باہ کے لیے۔

مانع احتلام

نمبر ۱ (ل) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (ب) یا حافظ حفیظ یا حافظ حفیظ یا حافظ حفیظ (ج) یا نمر رہو۔

ترکیب عمل :- سوتے وقت انگشت شہادت سے کلام نمبر ۱ فرضی طور پر اپنے سینہ پر لکھیں اور اسماء (ب) شکم پر اور اسم (ج) ناف پر لکھیں۔ دائیں پہلو پر سو رہیں انشاءاللہ احتلام سے نجات ملے گی مجرب ہے

نمبر ۲ :- مانع احتلام و بدخوابی :-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَللّٰھُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَھَدَأَتِ الْعُیُوْنُ وَاَنْتَ حَیٌّ قَیُّوْمٌ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَھْدِأْ لَیْلِیْ وَاَنِمْ عَیْنِیْ۔

ترکیب عمل :- سوتے وقت اس دعا کو سات دفعہ پڑھ کر اپنے سینہ پر اور شکم پر دم کر کے سو رہیں۔ بحکم اللہ کبھی احتلام نہ ہوگا اور نہ ہی کوئی شیطانی وسواس پیدا ہوگا اور بدخوابی کی شکایت قطعی طور پر دور ہوگی۔ نہایت سریع التاثیر اور مجرب عمل ہے۔

نمبر ۳ :- قل اعوذ برب الفلق کے اعداد ۸۲۱۷ ہیں۔ جلد مرد کا شافی علاج ہے اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر دل کے برابر رکھئے۔ انشاءاللہ کثرت احتلام سے نجات پائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۰۵۴	۲۰۵۷	۲۰۶۰	۲۰۴۶
۲۰۵۹	۲۰۴۷	۲۰۵۳	۲۰۵۸
۲۰۴۸	۲۰۶۳	۲۰۵۵	۲۰۵۲
۲۰۵۶	۲۰۵۱	۲۰۴۹	۲۰۶۱

ڈاکٹری علاج

کیلی برومائیڈ (اسیڈوز) ٹکیہ پانی میں حل کر کے پلائیں۔ دن میں تین بار دیں۔ احتلام کا مجرب علاج ہے۔

سیڈو برول (دو شی) برومیونل۔ کیلی برومائیڈ وغیرہ وغیرہ۔

طبی علاج کشنیز خشک ۱ تولہ، تخم خرفہ ۳ تولہ، اسبغول سالم ۲ تولہ، کشنیز اور خرفہ کو کوٹ کر اسبغول سالم میں ملائیں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ ماشے ہمراہ شیر گاؤ یا تازہ پانی صبح و شام دیں۔

ہومیوپیتھک علاج چائنا ۳۰ x پکرک ایسڈ ۳۰ دیں۔

آبی علاج حالت خواب میں جو اخراج منی ہوتا ہے اس کو احتلام کہتے ہیں۔ اس میں آسمانی رنگ کا پانی دو دو تولہ دن میں تین مرتبہ پینے سے اور ریڑھ پر آسمانی رنگ کی شعاعیں ڈالنے سے احتلام ہونا بند ہو جاتا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۱۸۳۸۱	۱۸۳۸۳	۱۸۳۸۷	۱۸۳۷۳
۱۸۳۸۹	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۰	۱۸۳۸۵
۱۸۳۷۵	۱۸۳۸۷	۱۸۳۸۲	۱۸۳۷۹
۱۸۳۸۳	۱۸۳۷۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۸۶

روحانی علاج سورۃ معارج کے اعداد ۷۳۵۲۵ ہیں کا نقش لکھ کر گلے میں باندھے اور آٹھ مرتبہ پڑھ کر پانی پلائیں۔

پتھری علاج:۔ یاقوت کو کپڑے میں سی کر پیٹ پر باندھیں، انشاء اللہ احتلام کبھی نہ ہوگا۔

طلسم ممسک ح ۱۱ ۱۱ ۲۱ ۲۸ ۱۱۸ ۳۹ ۸ ۱۱ رع الکہ

ترکیب عمل:۔ جس شخص کو سرعت انزال کی شکایت ہو اس طلسم کو لکھ کر بوقت جماع اپنی بائیں ران پر باندھیں بہت امساک ہوگا۔

طلسم ممسک اس طلسمی نقش کو آب افیم سے لکھ کر مرد اپنی زبان کے نیچے رکھے اور ایک کونا اس کا دانتوں میں دبائے رکھے جب تک اس طلسم کو مرد اپنے منہ میں رکھے گا، تب تک انزال نہ ہوگا، اس کو

منہ سے نکالے گا۔ فوراً منزل ہو جائے گا۔

۸۸

طسها	طسها	طسها
طسها	طسها	طسها
طسها	طسها	طسها

تعویذ ممسک

جس شخص کو سرعت انزال کا عارضہ ہو۔ مجامعت سے قبل اس تعویذ کو لکھ کر پشت پر باندھے طبعی طور پر انزال نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۱۸	۲۵	۲	۷
۶	۳	۲۲	۲۱
۱۳	۱۹	۸	۱
مص	۵	۲۰	۲۳

اسرافیل — عزرائیل

اعمال قوت باہ یا مردی قوت جسمانی قوت کو قائم کرنے اور مضبوط کرنے کے لئے موثر وقت کا انتخاب کریں۔

موثر اوقات

جب مریخ و زہرہ میں نظر تربیع یا مقابلہ ہو مگر قمر کی نظر تثلیث مریخ کے ساتھ ہو یا جب زہرہ برج ثور کے ۱۲ درجہ ۱۹ درجہ یا برج سرطان کے ۱۷ یا برج سنبلہ کے ۹ درجہ یا برج جدی کے ۷ درجہ یا جدی کے ۹-۲۸ درجہ برج دلو کے ۱۸ یا

ثور — زہرہ ۱۲-۱۹
حمل — مریخ
دلو — قوت مریخ ۴ درجہ — مریخ ۱۸
جوزا — مریخ ۲
سرطان — زہرہ ۱۷
جدی — مریخ ۹-۲۸ — ۷ درجہ رجعت
میزان — زہرہ
قوس
اسد — قمر
سنبلہ — زہرہ و سنبلہ
عقرب

برج حوت کے ۴ درجہ پر ہو تو اپنے نام کے اعداد ابجد شمسی کے نکالیں اور دیکھیں کس حروف کے اعداد زیادہ ہیں اس عنصر سے مربع پر کریں لیکن دوبارہ اپنے نام مع والدہ کے اعداد ابجد شمسی سے لے کر اس میں ۱۷۳۶ کا اضافہ کر کے عنصری قانون سے مربع پر کریں اور اسے گلے میں پہن لیں یا زعفران سے چینی کی پیالی میں لکھ کر انڈے کی زردی میں ملا کر گرم دودھ سے پیئے، قدرت کا تماشہ دیکھیں خون میں قوت، بدن میں چستی، مردہ رگوں میں خون کا جوش پیدا ہوگا۔ شباب کا لطف آجائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شمکیائیل

جبرائیل

قوا

آب

میکائیل

عزرائیل

۶۱۴۴۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۵۷	۶۱۴۵۴
۶۱۴۵۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۹
۶۱۴۵۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۶۲	۶۱۴۴۹
۶۱۴۶۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۶

سورہ ابراہیم کے اعداد ۲۴۵۸۱۸ ہیں اگر کوئی مرد ہو، جادو سے نامرد ہو جائے تو تین بار سورہ ابراہیم کو پڑھنے سے نامردی دور ہو گی۔ اگر مشک زعفران سے لکھ کر پیئے تو قوت بحال ہو جائے گی۔

قوت مردمی کا ڈاکٹری علاج

ٹسٹوسیران۔ ۱۰، ۲۵، ۵۰ ملی گرام طاقت کی بھی ملتی ہے۔ قوت باہ بڑھانے کے لئے اکثیر الاثر دوا ہے۔

الیفروڈی سیتس۔ برائے پاٹن۔ جو ی نین بھی مفید ہیں۔

طبعی علاج

کشتہ الماس ½ ماشہ، کشتہ مرجان ایک تولہ، کشتہ عقیق ایک تولہ، ہر سہ کشتہ جات کو آپس میں ملا کر خوب کھرل کریں

مقدار خوراک :۔ دو چاول تا ایک رتی ہمراہ خمیرہ مروارید، ضعف باہ اور نامردی کا حتمی علاج ہے۔

مرد کو زنا سے باز رکھنا

۱۱۱ ۶ ۸۸ ۵۵ ۳۵۵۴ ۱۱ ع ۱۱

اَجِیبُوْیا خداۃ ھٰذِہِ الاسمَاءِ بِعقدِ ذَکَرُکَذا وَکَذا عَنِ الحَرَامِ

ترکیب عمل :۔ اس طلسم کو پان کے چار عدد پتوں پر لکھیں۔ بعد ازاں زبان سے کہیں ۔۔ باندھیں میں نے تیرے کان اور آنکھیں اور شرمگاہ اور نہ خیزی کرے ۔ مگر حلال میں بحق ان اسماء اور طلسم کے پھر ان پتوں کو کھانے میں پکا کر مرد کو کھلائے ۔ غیر عورت پر اسے کبھی شہوت نہ ہوگی ۔ مجرب ہے ۔

عورت کو زنا سے باز رکھنا

و ل ک و ع ہ د ن

ترکیب عمل :۔ ان حروف کو مرد اپنے عضو تناسل کے اوپر کی جانب زعفران سے لکھے اور عورت سے مجامعت کرے یا ان حروف کو زعفران سے لکھ کر ماجو اور کیکر کی گوند کو باریک پیس کر ان حروف کو پانی ملا کر عضو پر لیپ کر کے حق زوجیت ادا کریں بحکم خدا عورت غیر مرد سے کبھی زنا نہ کرائے گی ۔

سورہ نساء جس کے اعداد ۱۱۲۸۵۹۲ ہیں ۔ آتشی چال سے مربع پر کریں اور پھر یہ تعویز عورت کی چار پائی میں باندھ دیں اور سات دفعہ سورۂ نساء پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت کو پلائیں پارسا ہو جائے گی ۔ طالع برج ثور ہو اور جب زہرہ برج سرطان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۸۳۸۲۸	۲۸۳۸۲۶	۲۸۳۸۳۱	۲۸۳۸۱۵
۲۸۳۸۲۹	۲۸۳۸۱۷	۲۸۳۸۲۲	۲۸۳۸۲۴
۲۸۳۸۱۶	۲۸۳۸۳۱	۲۸۳۸۳۲	۲۸۳۸۲۱
۲۸۳۸۲۵	۲۸۳۸۳۰	۲۸۳۸۱۸	۲۸۳۸۳۰

شمکیئیل، قول، اسرافیل، عزرائیل، عزرائیل، تمکیثا، ۸

دافع زیادتی حیض و نفاس

جس عورت کو خون یا نفاس بشدت جاری ہو ایک عدد تعویز چینی کی پیالی پر لکھ کر دھو کر پلائیں اور ایک عدد ہرن کے پوست پر لکھ کر عورت کی ران پر باندھیں ۔ بحکم شافی مطلق خون بند ہو جائے گا ۔

	۴۸۶	
۲۲۰	۳۰۲	۷۵
۱۵	۳۶۰۱	۳۶۵۲
۵۲۷		۳۷۶

یا قابض

ڈاکٹری علاج

پرے تون دشر نگ) ۱۰ ملی گرام روزانہ استعمال کرائیں ۔

پسوٹون ر پارک ڈویس) حسب حالات مریض عضلاتی ٹیکہ کریں۔

یونانی علاج پوست جامن ۵ تولہ، پرانا چھپڑا ۵ تولہ ناٹ کہنہ ۵ تولہ، موٹھ ۵ تولہ، چاروں چیزوں کو ایک گل کلیانس میں بند کر کے جلائیں۔

مقدار خوراک:۔ تین چٹکی پانی سے یا آب پوست جامن سے کھائیں۔ کثرت حیض ایک دو یوم میں ختم ہو جائے گا۔ مستورین (ہمدرد کی مفید ہے)

ہومیو پیتھک علاج چائنا ۳۰ فاسفورس ۳۰ سلفر ۳۰ استعمال کرائیں۔

آبی علاج صبح و شام کو ۲-۱/۲ - ۲-۱/۲ تولہ نارنگی رنگ کا پانی پیئے۔ پندرہ روز تک استعمال کرائیں

دافع بندش حیض جس عورت کا خون بند ہو گیا ہو یا بے قاعدگی واقع ہو گئی ہو تو اس تعویز کو ایک عدد لکھ کر گھول کر پلائیں۔ بہت جلد خون جاری ہو جائے گا اور ایک عدد نقش لکھ کر ران پر بندھوائیں بحکم شافی مطلق حیض کھل جائے گا۔

۳۱	۳	۴
۷۲	لا	۹
۱۸۳	۱۳	ع و

ڈاکٹری علاج پروگی لٹون، الیسٹرن، ہارموٹون، اشوگا بہتر دوائیں ہیں۔

یونانی علاج سب صبر سقوطری ۴ تولے، مرکی ۴ تولے، زعفران ایک تولہ، کشتہ فولاد ایک تولہ بنگ ایک تولہ شہد ملا کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:۔ ایک ایک گولی صبح و شام قبل از ایام حیض دو ہفتہ تک جملہ امراض کے لئے بہتر ہے۔

ہومیو پیتھک علاج ایکونائٹ ۳۰ ۔ پلسٹلا ۳۰ ۔ برائی اونیا ۳۰۔

بائیوکیمک علاج


کلکریافاس	۳ x	سب دوائیں ملاکر ۵ گرین فی خوراک نیم گرم پانی کے ساتھ چار بار دیں۔
فیرم فاس	۳ x	
کالی فاس	۳ x	
مگنیشیافاس	۳ x	
کالی سلفر	۳ x	

آبی علاج

حیض کا تکلیف کے ساتھ آنا یا ایام ماہواری سے قبل درد ہونا اور ایام کے اجزاء کے دن بھی درد کا رہنا نیز حیض کا کم مقدار میں آنا۔ اس کے لئے نارنگی رنگ کا پانی ½ ۲ تولہ صبح ½ ۲ تولہ شام ایام حیض کے ۵ - ۷ دن قبل سے حیض بند ہونے کے ایک دن بعد تک پینا چاہیے

امراض حمل کا آبی علاج

عورتوں کو حمل کے وقت بہت سے مرض پیدا ہو جاتے ہیں۔ ان میں بخار، دست چکر، جی متلانا، بھوک نہ لگنا۔ گرمی اور وقت کے مطابق دوسری شکایتیں بھی پیدا ہو جاتی ہیں، ان سب شکایات کو دور کرنے کے لئے آسمانی رنگ کے پانی کی ایک ایک خوراک پینا کافی ہے۔



اعمال پیدائش اولاد

بقائے نسل کیلئے ہمیشہ اوقات کو مدنظر رکھیں یہ اس وقت عمل کرنا چاہیے جب زہرہ مشتری میں نظر تسدیس یا تثلیث ہو۔ قمر زائدالنور ہو یا جب قمر برج سنلبہ کے ۲ درجہ یا ۲۷ درجہ یا قمر قوس ۲۴ درجہ پر ہو۔

ہر ایک آفات سے محفوظ رہے گا جو کوئی عورت بانجھ ہو چالیس تعویذ چالیس روز تک گھول کر پئے بحکم خدا حمل ٹھہر جائے گا اور وضع حمل کے وقت روزمرہ کی تکلیف نہ ہوگی نہایت ہی پُر تاثیر ہے جملہ امراض زنانہ کے لئے اکسیر ہے۔

خدا کے فضل سے لڑکا پیدا ہوگا۔

ترکیب عمل :-

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶ کھیعص
۷۸۶	۳۳	۳۵	۳۷	۷۸۶ حمعسق
۷۸۶	۳۸	۳۱	۳۶	۷۸۶ حمعسق
۷۸۶	۳۴	۳۹	۳۲	۷۸۶ حمعسق
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

جو عورت ہر بار لڑکیاں ہی جنتی ہو یا بچے یا مریض بچے یا عجیب الخلقت بچے پیدا ہوں تو ایام حمل میں کسی قسم کی تکلیف ہوگی اور مشک و زعفران سے لکھ کر ہر مہینے میں دس دن کے بعد ایک نقش گھول کر پلانا چاہیے۔

برائے تولید لڑکی

جس عورت کو لڑکی پیدا ہونے کی خواہش قرار حمل سے لے کر وضع حمل تک روزانہ ایک تعویذ گھول کر پیا کریں اور ایک عدد اپنے گلے میں ڈالیں بحکم اللہ تعالیٰ لڑکی پیدا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

شمائیل قول اسرافیل کھیعص عزرائیل حمعسق

عمل روحانی

جس عورت کو حمل نہ ہوتا ہو، مذکورہ بالا اوقات میں بعد فراغت ایام ماہواری اس نقش کو لکھ کر اپنی کمر میں باندھیں اور مرد کے نزدیک جائیں بحکم خدا تین روز کے اندر حاملہ ہوگی۔

۴۸۶

۵۳	۵۲	۵۹
۵۴	۵۱	۵۷
۵۵	۵۶	۵۸

محافظ حمل

یہ ایک نادر نایاب عمل پیش کر رہا ہوں تمام کتاب کی قیمت اس کے سامنے ہیچ ہے میرا برسوں کا معمول ہے۔ بڑے جگرے اور حوصلے کے ساتھ صفحہ قرطاس میں پیش کر رہا ہوں یہ فقیر کا سینہ بے کینہ ہے ورنہ ایسے عمل کئی سالوں کی خدمت کے بعد بھی آپ کو کوئی نہ بتاتا۔ لیکن میں سب کچھ آپ پر یعنی شوقین حضرات پر اپنی محنت قربان کر رہا ہوں اگر آپ نے صحیح اوقات اور صحیح عمل کیا تو یقینی کامیاب ہو جائیں گے۔


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل — ۲۴۵ — قول — شمکائیل — نعف — ۵

۴۳۱۲۳	۴۳۱۳۱	۴۳۱۳۷	۴۳۱۴۲	۴۳۱۱۸
۴۳۱۳۸	۴۳۱۲۹	۴۳۱۱۹	۴۳۱۲۵	۴۳۱۳۲
۴۳۱۲۰	۴۳۱۳۶	۴۳۱۲۳	۴۳۱۳۳	۴۳۱۴۰
۴۳۱۲۹	۴۳۱۳۵	۴۳۱۳۱	۴۳۱۲۱	۴۳۱۲۷
۴۳۱۲۱	۴۳۱۲۱	۴۳۱۳۲	۴۳۱۳۰	۴۳۱۳۶

عزرائیل — اسرافیل — ۳۱۹ — میکائیل — ۳۸۲

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو یا پیش از وقت بچہ پیدا ہو جاتا ہو یا عجیب الشکل اور کمزور وغیرہ بچے پیدا ہوتے ہوں۔ اس نقش کو بعد نماز جمعہ مشک زعفران سے لکھ کر اس کی کمر میں بندھوائیں اور وضع حمل تک بندھا رہنے دو، بحکم اللہ تعالیٰ ایام حمل میں کسی قسم کا خطرہ ظہور پذیر نہ ہوگا اور بچہ صحیح سلامت پیدا ہوگا جب بچہ پیدا ہو تو تیسرے روز تعویز کمر سے کھول کر اس کے گلے میں ڈال دینا چاہیے، خدا کے فضل و کرم سے



اس باب میں مختلف مطالب کے عملیات پیش کرتا ہوں جو نہایت سریع الاثر و مجرب ہیں۔

مریض کی موت و حیات کا حال معلوم کرنا

لوح یہ حکیم ارسطالیس کی بنائی ہوئی ہے

لوح ممات

۴	۵	۶
۱۰	۹	۸
۱۸	۱۵	۱۲
۲۵	۲۴	۲۱
۳۰	۲۹	۲۸

لوح حیات

۳	۲	۱
۱۳	۱۱	۷
۱۷	۱۶	۱۴
۲۲	۱۹	۲۰
۲۷	۲۶	۲۳

ترکیب عمل جب کسی مریض کی موت اور حیات کے متعلق دیکھنا مطلوب ہو تو نام مریض اور جس دن مریض بیمار ہوا تھا معلوم کر کے بحساب ابجد شمسی اعداد نکالیں اور دونوں کو یکجا جمع کر کے

تیس پر تقسیم کریں جو کچھ باقی بچے اسے لوح حیات یا ممات میں مطابق کریں۔ اگر لوح حیات کے اعداد سے باقی ماندہ اعداد مل جائیں، تو مریض بچ آئے گا اگر باقی ماندہ اعداد لوح ممات کے اعداد سے ملیں تو مریض مر جائے گا یہ طریقہ بالکل صحیح اور مجرب ہے۔

مریض کا حال دریافت کرنا

بسم اللہ الرحمن الرحیم وکذالک اوحینا الیک روحا من امرنا سے مستقیم تک اور اللھم یا رب بین لی و اعلمنی بعقبة ھذا المرض فی ھذہ البیضة بحق وجھک الکریم بحق محمد صلعم۔

ترکیب عمل یہ مرغ کے انڈے پر اس کلام کو مکمل طور سے کالی سیاہی سے لکھیں اور خدا کا نام لے کر مریض کے سر کے چاروں طرف سات مرتبہ گھمائیں اور پھر مریض وہ انڈا اپنے ہاتھ سے زمین پر پھینکے بلکہ توڑے اگر اس میں خون تو مریض کا مرض طول کھینچے گا اگر اس کا خون سیاہی نمایاں ہو تو مریض مر جائے گا، اگر انڈے میں کچھ فرق نہ آیا اور اپنی اصلی حالت پر ظاہر ہو تو مریض خدا کے فضل سے جلد صحت پائے گا۔

چوری کی ہوئی چیز کا واپسی کا عمل

کسی شخص کا مال چوری ہو گیا ہو یا گم ہو گیا ہو، یہ مقدس نام یا علیم یا خبیر ۹۶۲ اتنی دفعہ پڑھتے رہیں اور ساتھ ساتھ اسی تعداد کے مطابق یہ آیت پڑھیں یابنی انھا ان تک مثقال حبة من خردل فتکن فی صخرة او فی السموات او فی الارض یات بھا اللہ جمیعا ۲۱ روز تک پڑھیں انشاءاللہ خدا کے فضل سے آپ کی آرزو پوری ہو گی۔

نالائق بچے کو لائق بنانے کا عمل

اگر کسی کا لڑکا نا خلف ہو بد عادتیں کا شکار ہو گیا ہو، والدین تنگ ہوں اور پریشان ہوں تو سورۃ صف جس کے اعداد ۵۹۰۶۰ ہیں اس کا نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں اور چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر اسے پلاتے رہیں خدا کے فضل سے والدین کا اطاعت کریگا اگر ہو سکے تو اس کے نام کے تعداد کے مطابق پڑھ کر پھونکتے رہیں۔

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میکائیل

جبرائیل

١٤٧٥٧	١٤٧٧١	١٤٧٦٨	١٤٧٦٤
١٤٧٦٩	١٤٧٦٣	١٤٧٥٨	١٤٧٧٠
١٤٧٦٢	١٤٧٦٦	١٤٧٧٣	١٤٧٥٩
١٤٧٧٢	١٤٧٦٠	١٤٧٦١	١٤٧٦٧

اسرافیل کہیعص

عزرائیل حمعسق

صدمہ جنات وغیرہ

جس شخص کے کسی عضو کو جنات وغیرہ نے بیکار کردیا ہو اس پر سات مرتبہ سورۃ جن پڑھ کر دم کریں اور سورۃ والسماء والطارق سے والثواقب تک چینی کے برتن پر زعفران سے لکھ کر قدرے پانی سے دھو کر روغن ارنڈ اس میں ملاکر اور قدرے تخم مولی پیس کر اس میں اضافہ کر کے صدمہ زدہ عضو پر مالش کریں خدا کے فضل سے چند یوم میں تندرست ہو جائے گا۔

وہم وہراس کو دور کرنیکا عمل

جو شخص دن رات ذہنی طور پر مفلوج ہو۔ پانی چشموں درختوں و پہاڑوں خوفناک صورتیں دکھائی دیتی ہوں اس کی حالت پاگلپن کے قریب پہنچ گئی ہو تو سورۃ سبح اسم ربک الاعلیٰ لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں اور مریض کے نام کے تعداد کے مطابق پانی پر دم کرکے چنبیلی تیل کی تمام پیالہ کریں۔ خدا اپنے فضل سے کرم کرے گا۔

دافع رنج وغموم اور گھبراہٹ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم توکلت علی الحی الذی لا یموت و الحمد للہ الذی لم یتخذ ولداً ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیراً فرجہ الماکمد وقال صحیح الاسناد۔

ترکیب عمل :۔ مریض رنج و آلام کے لئے پڑھ کر دم کرتے رہیں اور پانی پر دم کر کے پلاتے رہیں شفا ہو گی۔

خراب عادتیں چھڑانے کا عمل، علم الجفر کا اعجاز

ایسے لوگوں کے لئے جو افعال بد میں مبتلا ہیں، مثال کے طور پر چوری، زنا، شراب، جوا، اغلام بازی الغرض جو بری عادت ہو اس کے ترک کرانے کا اکسیر رسانی نسخہ ہے

آیت :۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ کے اعداد ۸۴۶ ہیں لئے اور خدا کے مقدس ناموں یَا عَلِیْمُ کے اعداد ۱۵۰

نام معہ والدہ کے اعداد — تاخیرو کے اعداد : ۸۱۲

نعیم بن زبیدہ — ۸۴۶ + ۱۵۰ + ۱۱۲ : ۱۸۰۸

۱۹۸ + ۱۸۰۸ = ۲۰۰۶

عدد قانون ۳۰

میزان ۱۹۷۶ ÷ ۴ = ۴۹۴

۱۶ / ۳۷ / ۳۶ / ۱۶ / ۱۶ / ×

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

۵۰۰ (۵)	۵۰۵ (۱۰)	۵۱۰ (۱۵)	۴۹۹ (۴)
۵۰۶ (۱۱)	۵۰۳ (۸)	۴۹۶ (۱)	۵۰۹ (۱۴)
۴۹۷ (۲)	۵۰۸ (۱۳)	۵۰۷ (۱۲)	۵۰۲ (۷)
۵۱۱ (۱۶)	۴۹۸ (۳)	۵۰۱ (۶)	۵۰۴ (۹)

عزرائیل — اسرافیل — کھیعص — حمعسق

تقسیم کرنے کے بعد اگر ایک بچے تو خانہ نمبر ۱۳ میں اضافہ کریں اگر ۲ بچے تو خانہ نمبر ۹ میں اضافہ کریں اگر تین باقی بچیں تو خانہ نمبر ۵ میں ایک کا اضافہ کریں۔

دوسرا طریقہ عمل | نام معہ والدہ کے اعداد کو ۱۲ پر تقسیم کر کے !

۱۶	۱۹۸	۱۲
	۱۲	
	۲۸	
	۲۲	
	۶	

برج سنبلہ ستارہ عطارد نکلا

جب قمر کی نظر عطارد کے ساتھ تثلیث ہو اور عطارد کی ساعت میں نقش تین عدد لکھیں ایک اس کے گلے میں اور دو پانی یا دودھ میں پلاتے رہیں۔ ۲۱ روز تک لیکن ایک بات یاد رکھیں نقش کے چاروں طرف اھدنا الصراط المستقیم یا علیم یا خبیر یا حفیظ نعیم بن ربیعہ کی بری عادت ختم کر خدا کے فضل سے اس شخص کو بری عادتوں سے نجات ملے گی۔

برائے تسخیر خلق و زیارت رسول کریم و

حالات اولیائے کرام و برائے حصول جلوہ

نورکس :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم صلی اللہ علیک یا محمد

ترکیب عمل :۔ آغاز ماہ جمعرات کے دن سے شروع کریں۔ بعد نماز عشاء پانچ سو مرتبہ پڑھا کریں۔ پاک وصاف رہنا ضروری ہے۔ سات روز کے بعد زیارت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شرف حاصل ہوگا اگر اکیس روز تک پڑھیں تو تمام اولیائے کرام کے حالات منکشف ہوں گے اگر چالیس روز پڑھیں تو جو انسان و حیوان عامل کی شکل دیکھے گا۔ مطیع و مسخر ہوگا اگر ہمیشہ کے لئے ورد زبان بنا یا جائے تو گاہ بگاہ نور کی جلوہ نظر آیا کرے گا۔

لگی ہوئی آگ بجھانا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الھی بحرمت یملیخا مکسلمینا کشوطط اذرفطیونس کشافطیونس شلبنونس یواس کلبھم قطمیر

ترکیب عمل :۔ جب کہیں آگ لگ جائے تو فوراً ان اسمائے کو ایک کچے یا پکے پیالہ پر لکھ کر پانی کا بھر کر لگی ہوئی آگ میں ڈال دیں۔ آگ فوراً بجھ جائے گی۔

مینہ برسانا
جب پانی نہ برسے اور کھیتی باڑی وغیرہ کی تباہی کا اندیشہ ہو، مذکورہ بالا اصحاب کہف کو کافی تعداد میں لکھ کر دریا میں بہادیں تو بحکم خدا چند دنوں کے بعد مینہ برسے گا لیکن یہ عمل طالع برج سرطان یا عقرب ہونا چاہیے۔ برج آبی سرطان ہونا چاہیے اور اس وقت زہرہ وقمر بحالت طلوع ہونا چاہیے۔

دافع زہر ہر قسم
جب کسی نے زہر کھایا ہو تو سورۃ انعام کی آیت لعن الذین کفروا (آخیر تک) چینی کی پیالی پر لکھ کر دھو کر پلائیں بحکم خدا زہر کا اثر دور ہوگا

دافع مکھی مچھر و چیونٹی اور بھڑ و دیمک وغیرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین فتبارک اللہ احسن الخالقین و انستودع اللہ دینک و امانتک و خواتیم عملک تجئ احیا اشر اھیا ادونی آمنیا و ث وبحق دلمیث الوجوہ للحی القیوم اور سورۃ نمل کی آیت حتیٰ اذا اتوا علی واد النمل "

ترکیب عمل:۔ جب مچھر اور مکھیاں بہت تنگ کرتے ہوں تو اس کلام کو طو طیا پر اکیس بار پڑھ کر اسے پیس کر پانی میں ملا کر در دیوار پر چھڑک دیں بحکم خدا سب دور ہوں گے جب چیونٹے یا چیونٹیاں بہت ستاتی ہوں تو دریا کی ریت پر یا برادہ چوب دیار پر سات بار پڑھ کر ان کی بلوں میں ڈالیں کبھی نہ نکلیں گی اور نہ ستائیں گی، اگر دیمک بہت نقصان کرتی ہوں تو برادہ چوب دیار پر سات مرتبہ پڑھ کر تمام جگہ پر چھڑک دیں، بحکم خدا دیمک ہلاک ہوگی۔

باغ اور کھیت جانوروں اور
کیڑوں مکوڑوں سے محفوظ

اس تعویذ آیۃ الکرسی کو لکھ کر باغ کے سب سے بلند درخت پر جو عین درمیان میں واقع ہو اس کی شاخ پر باندھیں، بحکم خدا باغ ہر قسم کے جانوروں اور آفات ارضی و سماوی سے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

۲۶۴۲	۲۵۹۳	۳۱۶	۲۱۹۵	۳۴۵۶
۶۴۸	۲۸۵۸	۴۱۳۰	۵۵۳۶	۱۹۴۳
۵۴۵۵	۲۵۲۴	یا حافظ	۲۳۷۶	۳۳۶۶
۱۵۱۲	۵۲۱۰	۴۹۶۸	۲۳۹۶	۳۵۸۵
۸۶۴	۴۳۲	۴۷۵۲	۳۶۹۸	۴۳۲۵

اسرافیل — عزرائیل

میکائیل

محفوظ رہے گا اگر کھیت کو دیمک یا حشرات الارض یا ٹڈی وغیرہ کا خطرہ ہو تو لکھ کر بالشت بھر سرکنڈہ پہ چپکا کر کھیت کے عین درمیان گاڑ دیں اور اس کھیت کی تھوڑی سی مٹی اٹھا کر اس پر اکیس دفعہ آیتہ الکرسی پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور بعد میں یا حافظ یا حفیظ پڑھ کر تمام کھیت میں مٹی کو منتشر کریں۔ خدا کے فضل سے کھیتی ہر قسم کی ارضی و سماوی آفات سے محفوظ رہے گی۔ لیکن یہ عمل اس وقت کریں جب قمر و زحل میں نظر تسدیس یا تثلیث ہو یا قمر برج جدی یا دلو میں ہو

طب الجفر کا اعجاز ہر مرض کا شافی علاج

ہر کام میں مشق اور ٹریننگ کی جاتی ہے اور کورس مکمل کیا جاتا ہے۔ مشق کے بغیر کوئی کام پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچتا۔ تعلیم کے بعد اسے اپنے پیشے کے لئے کئی سال صرف کرنے پڑتے ہیں تب جا کر وہ اپنی منزل تک بڑی مشکل سے جا پہنچتا ہے۔
مثال کے طور پہ بی اے کرنے کے بعد وکیل کو ایل ایل بی کا کورس کرنا پڑے گا۔ ڈاکٹر کو ایف ایس سی کے بعد میڈیکل کا کورس کرنا پڑتا ہے۔ سپاہی کو ٹریننگ کرنی پڑتی ہے الغرض ہر پیشے کی ٹریننگ الگ الگ ہوتی ہے جب تک صاحب خواہشمند اپنے انتخاب شدہ پیشے کی تقدس اور محنت اور کوشش نہ کرے گا تو انتخاب شدہ پر حاوی نہیں ہو سکتا اور نہ ہی اسے سند مل سکتی ہے اور نہ اسے

اجازت ہے کہ وہ اپنے پیشے کی پریکٹس کرے۔ یہی حال عملیات کا ہے جب تک آپ کے عمل کی زکواۃ ادا نہیں ہوگی اس وقت تک عمل آپ کے لئے بیکار اور بے اثر رہے گا اور آپ بے اثری کا رونا روتے رہیں گے اور وہ عمل آپ کے نہ بلکہ ہر ایک کے لئے بے اثر ہوگا۔ جملہ شفاء کے لیئے قرآن کی آیت کریمہ پیش کرتا ہوں اگر آپ نے مکمل قانون اور قاعدے کے اس کی زکواۃ ادا کردی تو پھر تمام کتاب میں صرف یہی عمل آپ کیلئے کافی ہے لیجئے۔ توجہ کریں۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

اس کی زکواۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اگر رمضان شریف اس کا آغاز کیا جائے تو سب سے بہتر ہے ورنہ ہر ماہ میں چاند دیکھنے کے بعد پہلی تاریخ کو اس آیت شریف کو تین ہزار ایک سو پچاس (۳۱۵۰) دفعہ روزانہ اوقات مقررہ پر چالیس روز تک پڑھیں۔ سوا لاکھ پوری ہو جائے گی۔ اب آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھ لیا کریں۔ جہاں اسے دم کریں گے۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ آزمائے جس کا جی چاہے۔

خریدی ہوئی چیز میں نفع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ وَهِيَ لِيْ،

ترکیب عمل:۔ جب کسی چیز یا مال خریدنا منظور ہو تو تین دفعہ پڑھ کر وہ جنس خرید لیں۔ انشاء اللہ نفع ہوگا۔

عمل شادی

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ اور وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ سے عَمِيْقٍ تک اور لِيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ،

ترکیب عمل:۔ ہر نماز کے بعد اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ حکم خدا کے آپ کی شادی ہو جائے گی۔

کیمیا میں کامیابی کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ سے آخر سورہ یٰسین فَسُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهِ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تک

تدکیب عمل :۔ جب کسی شخص کو کسی کام میں کیمیا بنانے میں کامیابی نہ ہوتی ہو تو اس آیت سے آخیری سورہ تک اپنا وظیفہ بنائے۔ بوٹی اکھاڑنے اور تیار کرنے اور آگ دینے اور تانبے وغیرہ کے گلانے کے وقت اپنی زبان پر بلاتعداد جاری رکھیں بحکم خدا ان آیت کی برکت سے نسخہ درست ہوگا۔

تعویذ قرآن مجید فرقان حمید (برائے بر آمد جملہ مطالب)

قرآن شریف کے کل اعداد

کا نہایت ہی صحیح یہ تعویذ ہے اور جملہ مطالب کے لئے اکسیر ہے لیکن یقین کامل ہو۔ شک و شبہ کرنے والے کے ایمان میں فرق ہے۔ اس کے خواص اتنے عظیم ہیں اس کے احاطہ تحریر کرتے ہیں میری کیا مجال ہے۔ خداوند کریم نے خود دعویٰ فرمایا ہے کہ یہی قرآن اگر پہاڑوں پر نازل کر دیتا تو پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جاتے اس کی تاثیر کا آپ خود اندازہ کر لیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

٩٠٤٢٢١٨	٩٠٤٢٢٢٣	٩٠٤٢٢٢٠	٩٠٤٢٢١١
٩٠٤٢٢٢٤	٩٠٤٢٢١٧	٩٠٤٢٢١٤	٩٠٤٢٢٢٢
٩٠٤٢٢١٣	٩٠٤٢٢٢٧	٩٠٤٢٢٢٠	٩٠٤٢٢١٦
٩٠٤٢٢٢١	٩٠٤٢٢٢٥	٩٠٤٢٢١٢	٩٠٤٢٢٢٦

عزرائیل — اسرافیل — میکائیل

شمعیائیل — قول — کہیعص — حمعسق

اس کی زکوٰۃ کا بالکل سہل طریقہ ہے کہ اس متبرک اور معظم تعویذ کو تین سو اکیاون (جس میں اعداد الفاظ قرآن شریف) روزانہ ۲۰۰ روز یعنی پانچ چلہ تک لکھیں اور روزانہ دریا میں بہا دیا کریں۔ دو سو ایام ختم ہونے کے بعد یہ تعویذ عمل میں آجائے گا۔ جس شخص کے عمل میں یہ تعویذ ہو گا وہ نہایت خوش نصیب بلکہ بادشاہ ہو گا اور ہر ایک دینی و دنیوی مطالب میں مستغنی رہے گا اور ہر ایک کام میں کام آئے گا جس ترکیب سے چاہیں اور جس طرح چاہیں اسے کام میں لائیں۔ مجرب ہے اور اس فقیر کا معمول ہے۔

اس کتاب کے سمجھنے میں کسی مقام پر دقت محسوس ہو تو آپ کا حق ہے پوچھنا اور دریافت کرنا ہمارا فرض ہے کہ آپ کی راہبری کریں۔

خواص و احکام ایام ہائے ہفتہ

ابتداء سے دنیا میں ہفتہ کے سات دن مقرر ہیں ہر چند ان کے نام ہر ایک زبان میں جدا جدا ہیں مگر ان کی تعداد میں کہیں تفاوت نہیں ہے۔ یعنی تمام روئے زمین پر ہفتہ کے سات ہی دن مقرر ہیں کہیں کم و زیادہ نہیں لہذا ہم یہاں چاروں زبانوں میں انکے نام مع تفصیل خواص کے لکھتے ہیں کیونکہ یہاں ملک کے لوگوں کا اعتقاد ملی ہے۔

اسمائے ایام				خواص
عربی	فارسی	انگریزی	ہندی	
یوم الاحد	یکشنبہ	سنڈے	اتوار	نام رکھنے اور نئے کھانے کھانے اور تعلیم اور زمین جوتنے اور لال رنگ کا جامہ یا لباس پہننے اور بادشاہ کی ملازمت وغیرہ کو نیک ہے مگر سفر مغرب کا منع ہے۔ اور انگلشیہ میں یہ عبادت کا ہے اور اسمیں گھوڑا خریدنا منع ہے۔
یوم الاثنین	دوشنبہ	منڈے	سوموار	سعد ہے مکلاوہ نام رکھنے اور غسل صحت اور زمین جوتنے اور زیور رکھنے اور تحویل و نقل مکان و خرید و فروخت مال دیکھنا اور سواری اور سفر کو سعد ہے مگر مشرق کا سفر منع ہے اور خریدنا گدھے کا بھی منع ہے۔
یوم الثلاثاء	سہ شنبہ	ٹیوزڈے	منگل	غسل صحت اور نیا کھانا کھانے اور نیا کپڑا پہننے اور نقل اور تحویل مکان اور خرید و فروخت چوپایہ کو نیک ہے مگر اس دن شمال کا سفر منع اور خریدنا بھینس کا بھی منع ہے۔
یوم الاربع	چہارشنبہ	ویڈنزڈے	بدھ	مکلاوہ کرنے اور نام رکھنے اور نیا کپڑا پہننے اور نیا کھانا کھانے اور تعلیم اور زمین جوتنے اور زیور رکھنے اور تحویل اور نقل مکان خرید و فروخت اور حجامت و ملازمت سلاطین اور سواری کو نیک ہے مگر شمال کا سفر اور گائے کا خریدنا منع ہے۔
یوم الخمیس	پنجشنبہ	تھرسڈے	جمعرات	مکلاوہ اور نام رکھنے اور نیا کپڑا پہننے جو لال رنگ ہو اور نیا کھانا کھانے اور تعلیم اور زمین جوتنے اور زیور رکھنے اور تحویل و نقل مکان اور خرید و فروخت اور حجامت و ملازمت سلاطین اور سواری کو نیک ہے مگر جنوب کا سفر اور خریدنا ہاتھی کا منع ہے۔
یوم الجمعہ	آدینہ	فرائیڈے	جمعہ	مکلاوہ اور نیا لباس پہننے اور تعلیم اور ہل جوتنے اور بنا عمارت شروع اور تحویل و نقل مکان اور خرید و فروخت وغیرہ اور حجامت اور سواری اسپ و فیل وغیرہ کا نیک ہے اور سفر کرنا مغرب کا منع ہے اور خریدنا بکری کا منع ہے۔
یوم السبت	شنبہ	سیٹرڈے	سنیچر	مکلاوہ و غسل صحت اور نیا کھانا کھانے اور عمارت کی بنیاد اور تحویل و نقل مکان اور خرید و فروخت چوپایہ و سواری اسپ و فیل وغیرہ کو نیک ہے مگر سفر مشرق اور خریدنا اونٹ کا منع ہے۔

فالنامۂ قرآنی

ترکیب:۔ اس فالنامہ کی یہ ہے کہ اوّل دل میں اپنے مطلب کا ارادہ کرے اور تین بار سورۂ اخلاص اور ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر ثواب اس کا حضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر کرے پھر فاتحہ پڑھ کر روح حضرت شیخ اکبر قدس سرہ کو بخشے اور آنکھیں بند کر کے جس صفحہ جدول سے فالنامہ نکالنا مقصود ہو اس میں کسی خانہ پر انگلی رکھدے اور جس حرف پر انگلی پڑی ہے۔ اس کے پاس کے حرف سے پانچ حرف گن کر پانچواں حرف لے لے اور ایک کاغذ پر لکھ لے۔ اور آگے کو چلے جو حرف پانچواں آوے اُسے لکھتا جاوے۔ یعنی چار حرف بیچ میں چھوڑ کر پانچواں حرف لیتا جاوے جب جدول تمام ہو جاوے اوپر سے حساب شروع کرے یعنی جس حرف پر انگلی رکھی تھی اُس سے اوپر جو حرف اس جدول میں باقی ہیں۔ ان کو ترتیب مذکورہ سابق سے لکھتا جاوے اور جس حرف پر انگلی رکھی تھی وہاں تک ختم کرے مگر جو حروف کہ پہلے حاصل ہو چکے ہیں ان کو پیچھے کردیں اور جواب اوپر سے حاصل ہوں اُن کو پہلے لکھے پس آیاتِ مرقومۃ الذیل سے کوئی ایک آیت بن جاوے گی۔ اس سے نتیجہ برآمد ہو سکتا ہے۔ اور بہ نظر توضیح یہ بھی لکھا جاتا ہے کہ جب جدول تمام ہوئی اور شروع جدول سے حساب کیا تو یہ دیکھنا چاہیئے کہ جدول کی شروع سے کون سا حرف شمار میں آیا۔ مثلاً جدول ختم ہونے پر چار حرف باقی رہ گئے تھے۔ اب پانچواں چاہیئے تو حرفِ اوّل شروع کا لینا چاہیئے۔ پس حرفِ اوّل لینے سے جو آیۃ بنے گی وہ نیچے جدول کے مندرج ہے۔ ایسا ہی اگر شروع جدول کا دوسرا حرف حساب میں آیا تو دوسرے حرف کی آیت دوسرے جدول میں لکھی ہے علیٰ ہذا القیاس پانچواں آیتیں تحت ہر صفحہ مندرج ہیں ان سے نتیجہ اپنے مقاصد کا نکلتا ہے۔ اور ہم نے آسانی کے لئے نتیجہ بھی لکھدیا ہے۔ اور چونکہ جدول کی ہر سطر میں دس حرف مندرج ہیں اور آیتیں پانچ ہیں اسلئے جدول کے خانۂ ششم سے پھر پہلا اور دوسرا اور تیسرا اور چوتھا اور پانچواں حرف اعتبار کر کے ہر آیت سے تطبیق کیا جانا چاہیئے۔

ترکیبِ ثالث

بالتصریح معہ مثال استخراج

